الحديث

# البَيِّنَاتُ

فِي

# الْمَنَاقِبِ وَالْكَرَامَاتِ

(مناقب وکرامات ... احادیثِ نبوی ﷺ کی روشنی میں)

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

MINHAJ-UL-QURAN PUBLICATIONS

منہاج القرآن پبلیکیشنز

Marfat.com

Marfat.com

# البَيِّنَاتُ

# فِي

# الْمَنَاقِبِ وَ الْكَرَامَاتِ

﴿فضائل و کرامات...... اَحادیثِ نبوی ﷺ کی روشنی میں﴾

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

مِنہاجُ القرآن پبلیکیشنز

365- ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 5168514، 3-5169111

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 7237695

www.Minhaj.org - www.Minhaj.biz

Marfat.com

جملہ حقوق بحق تحریکِ منہاج القرآن محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | البَيِّنَاتُ فِي الْمَنَاقِبِ وَ الْكَرَامَاتِ |
| تالیف | : | شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری |
| تحقیق و تخریج | : | حافظ ظہیر احمد الاسنادی |
| زیرِ اہتمام | : | فریدِ ملّتؒ ریسرچ اِنسٹی ٹیوٹ Research.com.pk |
| مطبع | : | منہاجُ القرآن پرنٹرز، لاہور |
| اِشاعتِ اوّل | : | اکتوبر 2005ء |
| تعداد | : | 1,100 |
| قیمت امپورٹڈ پیپر | : | -/170 روپے |


❁❁❁

نوٹ: ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور خطبات و لیکچرز کے آڈیو / ویڈیو کیسٹس، CDs اور DVDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لئے تحریکِ منہاجُ القرآن کے لئے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاجُ القرآن پبلی کیشنز)

sales@minhaj.biz

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

مَـوْلَايَ صَـلِّ وَ سَـلِّمْ دَآئِمًا أَبَدًا

عَـلَى حَبِيبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

نَبِيُّنَـا الآمِرُ النَّـاهِي فَـلَا أَحَدٌ

أَبَـرَّ فِي قَـوْلِ لَا مِنْـهُ وَلَا نَـعَمِ

﴿صَلَّى اللهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَ عَلَى آلِهِ وَ أَصْحَابِهِ وَ بَارِكْ وَسَلَّمَ﴾

Marfat.com

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (پی۔۱) ۴-۱/ ۸۰ پی آئی وی، مورّخہ ۳۱ جولائی ۱۹۸۴ء؛ حکومتِ بلوچستان کی چٹھی نمبر ۸۷-۴-۲۰ جنرل و ایم ۴/ ۹۷۰-۳-۷، مورّخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۷ء؛ حکومتِ شمال مغربی سرحدی صوبہ کی چٹھی نمبر ۱۱۴۴۲-۶۷ این۔۱/ اے ڈی (لائبریری)، مورّخہ ۲۰ اگست ۱۹۸۶ء؛ اور حکومتِ آزاد ریاست جموں و کشمیر کی چٹھی نمبر س ت/ اِنتظامیہ ۶۳-۱۰۶۱-۸۰/ ۹۲، مورّخہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کے تحت ڈاکٹر محمد طاہرالقادری کی تصنیف کردہ کتب تمام سکولز اور کالجز کی لائبریریوں کے لئے منظور شدہ ہیں۔

Marfat.com

# فہرس


| الرقم | المحتويات | الصفحة |
|---|---|---|
| ۱۔ | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم<br>﴿حضور نبی اکرم صلى الله عليه وآله وسلم کے مناقب کا بیان﴾ | ۷ |
| ۲۔ | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أَهْلِ الْبَيْتِ وَ قَرَابَةِ الرَّسُوْلِ سلام الله عليهم<br>﴿حضور صلى الله عليه وآله وسلم کے اہلِ بیت اور قرابت داروں کے مناقب کا بیان﴾ | ۲۱ |
| ۳۔ | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْخُلَفَاءِ وَ صَحَابَةِ الرَّسُوْلِ رضي الله عنهم<br>﴿خلفائے راشدین اور صحابہ کرام رضي الله عنهم کے مناقب کا بیان﴾ | ۳۹ |
| ۴۔ | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الإِمَامِ الْمَهْدِيِّ الْمُنْتَظَرِ عليه السلام<br>﴿مناقبِ امام مہدی منتظر عليه السلام کا بیان﴾ | ۵۶ |
| ۵۔ | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الأَئِمَّةِ الْفُقَهَاءِ الْمُجْتَهِدِيْنَ رضي الله عنهم<br>﴿ائمہ فقہاءِ مجتہدین رضي الله عنهم کے مناقب کا بیان﴾ | ۶۳ |
| ۶۔ | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ رضي الله عنهم<br>﴿اولیاء و صالحین رضي الله عنهم کے مناقب کا بیان﴾ | ۷۰ |

| الرقم | المحتويات | الصفحة |
|---|---|---|
| ۷- | فَصْلٌ فِي حُبِّ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ رضی اللہ عنہم<br>﴿اولیاء و صالحین رضی اللہ عنہم کی محبت کا بیان﴾ | ۷۸ |
| ۸- | فَصْلٌ فِي صُحْبَةِ وَ زِيَارَةِ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ رضی اللہ عنہم<br>﴿اولیاء و صالحین رضی اللہ عنہم کی زیارت اور صحبت کا بیان﴾ | ۸۸ |
| ۹- | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أَهْلِ الْجَنَّةِ<br>﴿اہلِ جنت کے مناقب کا بیان﴾ | ۹۳ |
| ۱۰- | فَصْلٌ فِي كَرَامَاتِ الْأَوْلِيَاءِ رضی اللہ عنہم<br>﴿کراماتِ اولیاء رضی اللہ عنہم کا بیان﴾ | ۱۰۲ |
| ۱۱- | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم<br>﴿اُمّتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مناقب کا بیان﴾ | ۱۲۸ |
| ۱۲- | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ<br>﴿مناقبِ مکہ مکرمہ کا بیان﴾ | ۱٦٤ |
| ۱۳- | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ<br>﴿مناقبِ مدینہ منورہ کا بیان﴾ | ۱۷۱ |
| ۱٤- | فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ بَعْضِ الْأَمَاكِنِ وَالْبُلْدَانِ<br>﴿بعض اماکن اور شہروں کے مناقب کا بیان﴾ | ۱۷٤ |
| ✿ | مصادر التخريج | ۲۰۱ |


Marfat.com

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ النَّبِيِّ ﷺ

## ﴿حضور نبی اکرم ﷺ کے مناقب کا بیان﴾

۱۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، وَ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي أُتِيْتُ بِمَفَاتِيْحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ فَوُضِعَتْ فِي يَدِي. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی الله عنه روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں جامع کلمات کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہوں اور رعب کے ساتھ میری مدد کی گئی ہے اور میں سویا ہوا تھا اس وقت میں نے اپنے آپ کو دیکھا کہ زمین کے خزانوں کی کنجیاں لائی گئی ہیں اور میرے ہاتھ میں تھما دی گئیں۔''

---

الحديث رقم ۱: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإعتصام بالكتاب و السنة، باب: قول النبی ﷺ بعثت بجوامع الكلم، ۶/۲۶۵۴، الرقم: ۶۸۴۵، و فی كتاب: الجهاد، باب: قول النبی ﷺ، نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مسيرة شهر، ۳/۱۰۸۷، ارقم: ۲۸۱۵، و فی كتاب: التعبير، باب: المفاتيح فی اليد، ۶/۲۵۷۳، الرقم: ۶۶۱۱، و مسلم فی الصحيح، كتاب: المساجد و مواضع الصلاة، ۱/۳۷۱، الرقم: ۵۲۳، و النسائی فی السنن، كتاب: الجهاد، باب: وجوب الجهاد، ۶/۳-۴، الرقم: ۳۰۸۷-۳۰۸۹، والنسائی فی السنن الكبری، كتاب: الجهاد، ۳/۳، الرقم: ۴۲۹۵، و أحمد بن حنبل فی المسند، ۲/۲۶۴، ۴۵۵، الرقم: ۷۵۷۵،۹۸۶۷، وابن حبان فی الصحيح، ۱۴/۲۷۷، الرقم: ۶۳۶۳، و أبو عوانة فی المسند، ۱/۳۳۰، الرقم: ۱۱۷۰، و البيهقی فی شعب الإيمان، ۱/۱۶۱، الرقم: ۱۳۹۔

Marfat.com

٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: جَلَسَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَخَرَجَ، حَتَّى إِذَا دَنَا مِنْهُمْ سَمِعَهُمْ يَتَذَاكَرُوْنَ فَسَمِعَ حَدِيْثَهُمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: عَجَبًا إِنَّ اللهَ ﷻ اتَّخَذَ مِنْ خَلْقِهِ خَلِيْلًا، اتَّخَذَ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا، وَ قَالَ آخَرُ: مَاذَا بِأَعْجَبَ مِنْ كَلَامِ مُوْسَى: كَلَّمَهُ تَكْلِيْمًا، وَ قَالَ آخَرُ: فَعِيْسَى كَلِمَةُ اللهِ وَ رُوْحُهُ، وَ قَالَ آخَرُ: آدَمُ اصْطَفَاهُ اللهُ، فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَسَلَّمَ وَ قَالَ: قَدْ سَمِعْتُ كَلَامَكُمْ وَ عَجَبَكُمْ أَنَّ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللهِ وَ هُوَ كَذَلِكَ وَ مُوْسَى نَجِيُّ اللهِ وَ هُوَ كَذَلِكَ، وَ عِيْسَى رُوْحُ اللهِ وَ كَلِمَتُهُ وَ هُوَ كَذَلِكَ، وَ آدَمُ اصْطَفَاهُ اللهُ وَ هُوَ كَذَلِكَ، أَلَا وَ أَنَا حَبِيْبُ اللهِ وَلَا فَخْرَ، وَ أَنَا حَامِلُ لِوَاءِ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ أَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ وَ أَوَّلُ مُشَفَّعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ لَا فَخْرَ وَ أَنَا أَوَّلُ مَنْ يُحَرِّكُ حِلَقَ الْجَنَّةِ فَيَفْتَحُ اللهُ لِي فَيُدْخِلُنِيْهَا وَ مَعِي فُقَرَاءُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ لَا فَخْرَ، وَ أَنَا أَكْرَمُ الْأَوَّلِيْنَ وَ الْآخِرِيْنَ عَلَى اللهِ وَ لَا فَخْرَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ الدَّارِمِيُّ.

”حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور نبی اکرم ﷺ کے انتظار میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اتنے میں حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے جب ان کے قریب پہنچے تو انہیں کچھ گفتگو کرتے ہوئے سنا۔ اُن میں

---

الحديث رقم ٢: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى فضل النبي ﷺ، ٥/٥٨٧، الرقم: ٣٦١٦، والدارمى فى السنن، باب: (٨)، ما أُعْطِيَ النَّبِيِّ ﷺ مِن الفضلِ، ١/٣٩، الرقم: ٤٧، والدارمي فى السنن، ١/٤٢، الرقم: ٥٤۔

سے بعض نے کہا: تعجب کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا۔ دوسرے نے کہا: یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونے سے زیادہ تعجب خیز تو نہیں۔ ایک نے کہا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا کلمہ اور روح ہیں۔ کسی نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو چن لیا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن کے پاس تشریف لائے سلام کیا اور فرمایا: میں نے تمہاری گفتگو اور تمہارا اظہار تعجب سنا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ ہیں بیشک وہ ایسے ہی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نجی اللہ ہیں بیشک وہ اسی طرح ہیں، حضرت عیسی علیہ السلام روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں واقعی وہ اسی طرح ہیں۔ آدم علیہ السلام کو اللہ تعالی نے چن لیا وہ بھی یقیناً ایسے ہی ہیں۔ سن لو! میں اللہ کا حبیب ہوں اور مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔ میں قیامت کے دن حمد کا جھنڈا اٹھانے والا ہوں اور مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔ قیامت کے دن سب سے پہلا شفاعت کرنے والا بھی میں ہی ہوں اور سب سے پہلے میری ہی شفاعت قبول کی جائے گی اور مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔ سب سے پہلے جنت کا کنڈا کھٹکھٹانے والا بھی میں ہوں۔ اللہ تعالیٰ میرے لئے اسے کھولے گا اور مجھے اس میں داخل کرے گا۔ میرے ساتھ فقیر وغریب مومن ہوں گے اور مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔ میں اولین و آخرین میں خدا کے حضور سب سے زیادہ عزت والا ہوں لیکن مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔''

۳۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَنَا أَوَّلُهُمْ خُرُوْجًا وَ أَنَا

الحديث رقم ۳: أخرجه الترمذي فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: فی فضل النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ۵/۵۸۵، الرقم: ۳۶۱۰، و الدارمی فی السنن، (۸) باب: ما أعطی النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من الفضل، ۱/۳۹، الرقم: ۴۸، والديلمی فی الفردوس بما ثور الخطاب، ۱/۴۷، الرقم: ۱۱۷، و ابن الخلال فی السنة، ۱/۲۰۸، الرقم: ۲۳۵، والقذوينی فی التدوين فی أخبار قذوين، ۱/۲۳۵، و ابن جوزی فی صفة الصفوة، ۱/۱۸۲، و المناوی فی فيض القدير، ۳/۴۰۔

Marfat.com

قَائِدُهُمْ إِذَا وَفَدُوْا، وَ أَنَا خَطِيْبُهُمْ إِذَا أَنْصَتُوْا، وَ أَنَا مُشَفِّعُهُمْ إِذَا حُبِسُوْا، وَ أَنَا مُبَشِّرُهُمْ إِذَا أَيِسُوْا. اَلْكَرَامَةُ، وَ الْمَفَاتِيْحُ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيَّ وَ أَنَا أَكْرَمُ وَلَدِ آدَمَ عَلَى رَبِّي، يَطُوْفُ عَلَيَّ أَلْفُ خَادِمٍ كَأَنَّهُمْ بَيْضٌ مَكْنُوْنٌ، أَوْ لُؤْلُؤٌ مَنْثُوْرٌ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَ هٰذَا لَفْظُهُ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے میں (قبر انور) سے نکلوں گا اور جب لوگ وفد بن کر جائیں گے تو میں ہی ان کا قائد ہوں گا۔ اور جب وہ خاموش ہوں گے تو میں ہی ان کا خطیب ہوں گا۔ میں ہی ان کی شفاعت کرنے والا ہوں جب وہ روک دیئے جائیں گے، اور میں ہی انہیں خوشخبری دینے والا ہوں جب وہ مایوس ہو جائیں گے۔ بزرگی اور جنت کی چابیاں اس روز میرے ہاتھ میں ہوں گی۔ میں اپنے رب کے ہاں اولادِ آدم میں سب سے زیادہ مکرم ہوں میرے اردگرد اس روز ہزار خادم پھریں گے گویا کہ وہ پوشیدہ حسن ہیں یا بکھرے ہوئے موتی ہیں۔‘‘

٤۔ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رضی اللہ عنہ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: إِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كُنْتُ إِمَامَ النَّبِيِّيْنَ، وَ خَطِيْبَهُمْ، وَ صَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَيْرَ فَخْرٍ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَ الْحَاكِمُ.

---

الحديث رقم ٤: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: فى فضل النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٥/٥٨٦، الرقم: ٣٦١٣، و ابن ماجة فى السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الشفاعة، ٢/١٤٤٣، الرقم: ٤٣١٤، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٣٧، ١٣٨، الرقم: ٢١٢٨٣، ٢١٢٩٠، والحاكم فى المستدرك، ١/١٤٣، الرقم: ٢٤٠، ٦٩٦٩، و عبد بن حميد فى المسند، ١/٩٠، الرقم: ١٧١، و المقدسى فى الأحاديث المختاره، ٣/٣٨٥، الرقم: ١١٧٩، و المذي فى تهذيب الكمال، ٣/١١٨۔

Marfat.com

وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن میں انبیاء کرام علیہم السلام کا امام اور خطیب اور شفیع ہوں گا اور اس پر (مجھے) فخر نہیں۔''

٥۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: نَحْنُ الآخِرُوْنَ، وَ نَحْنُ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَ إِنِّي قَائِلٌ قَوْلًا غَيْرَ فَخْرٍ: إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ، وَ مُوْسَى صَفِيُّ اللّٰهِ، وَ أَنَا حَبِيْبُ اللهِ، وَ مَعِي لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَ إِنَّ اللهَ عزوجل وَعَدَنِي فِي أُمَّتِي، وَ أَجَارَهُمْ مِنْ ثَلَاثٍ: لَا يَعُمُّهُمْ بِسَنَةٍ، وَلَا يَسْتَأْصِلُهُمْ عَدُوٌّ، وَلَا يَجْمَعُهُمْ عَلَى ضَلَالَةٍ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

''حضرت عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم آخر میں آنے والے اور قیامت کے دن سب سے آگے ہونے والے ہیں۔ میں بغیر کسی فخر کے یہ بات کہتا ہوں کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ہیں اور حضرت موسیٰ صفی اللہ ہیں اور میں حبیب اللہ ہوں۔ قیامت کے دن حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ اللہ تعالی نے مجھ سے میری امت کے متعلق وعدہ کر رکھا ہے اور تین باتوں سے اسے (امت کو) بچایا ہے۔ عام قحط ان پر نہیں آئے گا۔ کوئی دشمن اسے جڑ سے نہیں اکھاڑ سکے گا اور انہیں گمراہی پر جمع نہیں فرمائے گا۔''

---

الحديث رقم ٥: أخرجه الدارمی فی السنن باب: (٨) ما أعطِيَ النَّبِيّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من الفضل، ١/٤٢، الرقم: ٥٤، و المباركفوری فی تحفة الأحوذی، ٦/٣٢٣۔

تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گا (ظاہر فرمائے گا)۔ روسائے قریش نے اس سے پوچھا آپ کیسے جانتے ہیں؟ اس نے کہا: جب تم لوگ گھاٹی سے نمودار ہوئے تو کوئی پتھر اور درخت سجدہ کئے بغیر نہ رہا اور وہ صرف نبی کو سجدہ کرتے ہیں نیز میں انہیں مہر نبوت سے بھی پہچانتا ہوں جو ان کے کاندھے کی ہڈی کے نیچے سیب کی مثل ہے پھر وہ واپس چلا گیا اور اس نے ان لوگوں کے لئے کھانا تیار کیا۔ جب وہ کھانا لے آیا تو آپ ﷺ اونٹوں کی چراگاہ میں تھے۔ راہب نے کہا انہیں بلا لو۔ آپ ﷺ تشریف لائے تو سرِ انور پر بادل سایہ فگن تھا۔ قوم کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ تمام لوگ درخت کے سایہ میں پہنچ چکے ہیں لیکن جب آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے تو سایہ آپ ﷺ کی طرف جھک گیا۔ راہب نے کہا: درخت کے سائے کو دیکھو وہ آپ پر جھک گیا ہے۔ پھر راہب نے کہا: میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ ان کا سرپرست کون ہے؟ انہوں نے کہا ابو طالب! چنانچہ وہ ابو طالب کو مسلسل واسطہ دیتا رہا یہاں تک کہ ابو طالب نے آپ ﷺ کو واپس کر دیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کے ہمراہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور راہب نے آپ ﷺ کے ساتھ زادِ راہ کے طور پر کیک اور زیتون دیا۔''

٨۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ بِمَكَّةَ، فَخَرَجْنَا فِي بَعْضِ نَوَاحِيهَا، فَمَا اسْتَقْبَلَهُ جَبَلٌ وَلَا شَجَرٌ إِلَّا وَ هُوَ يَقُوْلُ:

---

الحديث رقم ٨: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: (٦)، ٥/٥٩٣، الرقم: ٣٦٢٦، و الدارمي فى السنن، (٤) باب: ما أكرم الله به نبيه من إيمان الشجر به و البهائم و الجن، ١/٣١، الرقم: ٢١، و المقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢/١٣٤، الرقم: ٥٠٢، والحاكم فى المستدرك، ٢/٦٧٧، الرقم: ٤٢٣٨، و المنذرى فى الترغيب و الترهيب، ٢/١٥٠، الرقم: ١٨٨٠، و المذي فى تهذيب الكمال، ١٤/١٧٥، الرقم: ٣١٠٣، و الجرجانى فى تاريخ جرجان، ١/٣٢٩، الرقم: ٦٠٠.

السَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ الدَّارِمِيُّ وَ الْحَاکِمُ.

وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَ قَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں مکہ مکرمہ میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ تھا۔ ہم مکہ مکرمہ کی ایک طرف چلے تو جو پہاڑ اور درخت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے آتا ''السَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ'' کہتا۔''

٩۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أُتِيَ بِالْبُرَاقِ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ مُلْجَمًا مُسْرَجًا، فَاسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيْلُ، أَبِمُحَمَّدٍ تَفْعَلُ هَذَا؟ قَالَ: فَمَا رَکِبَکَ أَحَدٌ أَکْرَمُ عَلَى اللهِ مِنْهُ. قَالَ: فَارْفَضَّ عَرَقًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ أَبُوْ يَعْلَى وَ ابْنُ حِبَّانَ وَ أَحْمَدُ.

وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شب معراج براق لایا گیا جس پر زین کسی ہوئی تھی اور لگام ڈالی ہوئی تھی۔ اس براق کی خرمستیوں کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اس پر سوار ہونا مشکل ہوگیا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اسے کہا: کیا تو حضور نبی اکرم کے ساتھ اس طرح کر رہا ہے؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

---

الحديث رقم ٩: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ومن سورة بنى اسرائيل، ٣٠١/٥، الرقم: ٣١٣١، و أبو يعلى فى المسند، ٤٥٩/٥، الرقم: ٣١٨٤، و ابن حبان فى الصحيح، ٢٣٤/١، الرقم: ٢٣٤، و أحمد بن حنبل فى المسند، ١٦٤/٣، الرقم: ١٢٦٩٤، و عبد بن حميد فى المسند، ٣٥٧/١، الرقم: ١١٨٥، و المقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢٣/٧، الرقم: ٢٤٠٤، و الخطيب بغدادى فى تاريخ بغداد، ٤٣٥/٣، الرقم: ١٥٧٤، و العسقلانى فى فتح البارى، ٢٠٦/٧۔

Marfat.com

میں آپ ﷺ سے زیادہ معزز و محترم آج تک تجھ پر سوار نہیں ہوا۔ یہ سُن کر وہ براق پسینہ پسینہ ہو گیا۔''

١٠۔ عَنْ نَبِيْهِ بْنِ وَهَبٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ كَعْبًا دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ، فَذَكَرُوْا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فَقَالَ كَعْبٌ: مَا مِنْ يَوْمٍ يَطْلُعُ إِلَّا نَزَلَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ حَتَّى يَحُفُّوْا بِقَبْرِ النَّبِيِّ ﷺ يَضْرِبُوْنَ بِأَجْنِحَتِهِمْ، وَ يُصَلُّوْنَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، حَتَّى إِذَا أَمْسَوْا عَرَجُوْا وَ هَبَطَ مِثْلُهُمْ فَصَنَعُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ، حَتَّى إِذَا انْشَقَّتْ عَنْهُ الْأَرْضُ خَرَجَ فِي سَبْعِيْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ يَزُفُّوْنَهُ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت نبیہ بن وہب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کعب احبار حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کا ذکر کیا۔ کعب نے کہا: جب بھی دن نکلتا ہے ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں اور وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ اقدس کو گھیر لیتے ہیں اور قبر اقدس پر اپنے پَر مارتے ہیں (پروں سے جھاڑو دیتے ہیں۔) اور حضور نبی اکرم ﷺ پر درود (وسلام) بھیجتے ہیں اور شام ہوتے ہی آسمانوں پر چلے جاتے ہیں اور اتنے ہی مزید اُترتے ہیں اور وہ بھی دن والے فرشتوں کی طرح کرتے ہیں۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ مبارک (قیامت کے دن) شق ہو گی تو حضور نبی اکرم ﷺ ستر ہزار فرشتوں کے جھرمٹ میں تشریف لائیں گے۔''

---

الحديث رقم ١٠: أخرجه الدارمی فی السنن، (٥) باب: ما أكرم الله تعالى نبيه بعد موته، ١/ ٥٧، الرقم: ٩٤، و البيهقی فی شعب الإيمان، ٣/ ٤٩٢، الرقم: ٤١٧٠، و ابن حبان الأصبهانی فی العظمة، ٣/ ١٠١٨، الرقم: ٥٣٧، و أبو نعيم فی حلية الأولياء، ٥/ ٣٩٠، و ابن كثير فی تفسير القرآن العظيم، ٣/ ٥١٨، فی قول الله تعالى: هو الذي يصلی عليكم و ملائكته... الخ.

۱۱۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها، قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ ﷺ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ وَمَا رَأَيْتُهَا وَلَكِنْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُكْثِرُ ذِكْرَهَا وَ رُبَّمَا ذَبَحَ الشَّاةَ ثُمَّ يُقَطِّعُهَا أَعْضَاءً ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِي صَدَائِقِ خَدِيْجَةَ فَرُبَّمَا قُلْتُ لَهُ: كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِي الدُّنْيَا امْرَأَةٌ إِلَّا خَدِيْجَةُ فَيَقُوْلُ: إِنَّهَا كَانَتْ وَ كَانَتْ وَ كَانَ لِي مِنْهَا وَلَدٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے حضور نبی اکرم ﷺ کی کسی زوجۂ مطہرہ پر اتنا رشک نہیں آتا جتنا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر، حالانکہ میں نے انہیں دیکھا نہیں ہے، لیکن حضور نبی اکرم ﷺ اکثر ان کا ذکر فرماتے رہتے ہیں، اور جب آپ ﷺ کوئی بکری ذبح کرتے تو اس کے اعضاء کو علیحدہ علیحدہ کر کے انہیں حضرت خدیجہ رضي الله عنها کی سہیلیوں کے لیے بھیجتے، کبھی میں عرض کر دیتی کہ دنیا میں کیا حضرت خدیجہ کے سوا اور کوئی عورت نہیں ہے؟ تو آپ ﷺ فرماتے: ہاں، وہ ایسی ہی یگانۂ روزگار تھیں اور میری اولاد بھی ان میں سے ہے۔

۱۲۔ عَنِ بْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: خَطَّ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَرْبَعَةَ

---

الحديث رقم ۱۱: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: تزويج النبي ﷺ خديجة و فضلها، ۳/۱۳۸۹، الرقم: ۳۶۰۷، و مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/۱۸۸۸، الرقم: ۲٤۳۵، والترمذي في السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في حسن العهد، ٤/۳٦۹، الرقم: ۲۰۱۷۔

الحديث رقم ۱۲: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ۱/۳۱٦، الرقم: ۲۹۰۳، و إبن حبان في الصحيح، ۱۵/٤۷۰، الرقم: ۷۰۱۰، والحاكم في المستدرك على الصحيحين، ۲/٦۵۰، الرقم: ٤۱٦۰، والبيهقي في السنن الكبرى، ۵/۹۳، الرقم: ۸۳۵۵۔

Marfat.com

خُطُوْطٍ، وَ قَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا هَذَا؟ قَالُوْا: اللهُ وَ رَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَفْضَلُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلَدٍ، وَ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ، وَ مَرْيَمُ ابْنَةُ عِمْرَانَ، وَ آسِيَةُ بِنْتُ مُزَاحِمٍ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت (عبداللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے چار خطوط کھینچے اور فرمایا: کیا تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: جنت کی عورتوں میں سے سب سے افضل (چار عورتیں ہیں) خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمد، مریم بنت عمران، اور آسیہ بنت مزاحم جو کہ فرعون کی بیوی تھی۔

١٣۔ عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ جِبْرِيْلَ جَاءَ بِصُوْرَتِهَا فِي خِرْقَةِ حَرِيْرٍ خَضْرَاءَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: إِنَّ هَذِهِ زَوْجَتُکَ فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام سبز ریشمی کپڑے میں میری تصویر لے کر حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور فرمایا: یہ دنیا و آخرت میں آپ کی زوجہ ہیں۔

١٤۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ ذَکَرَ فَاطِمَةَ رضي الله عنها،

---

الحديث رقم ١٣: أخرجه الترمذي في السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: من فضل عائشة، ٥/ ٧٠٤، الرقم: ٣٨٨٠، و ابن حبان في الصحيح، ١٦/ ٦، الرقم: ٧٠٩٤، و اسحاق بن راهويه، ٣/ ٦٤٩، الرقم: ١٢٣٧۔

الحديث رقم ١٤: أخرجه الحاکم في المستدرک على الصحيحين، ٤/ ١١، الرقم: ٦٧٢٩، والذهبي في سير أعلام النبلاء ٢/ ١٩٩۔

قَالَتْ: فَتَكَلَّمْتُ أَنَا، فَقَالَ: أَمَا تَرْضَيْنَ أَنْ تَكُوْنِي زَوْجَتِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، قُلْتُ: بَلَى، وَاللهِ، قَالَ: فَأَنْتِ زَوْجَتِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا تذکرہ فرمایا، فرماتی ہیں: پس بیچ میں میں بول پڑی، تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ دنیا و آخرت میں میری شریکِ حیات بنو؟ میں نے عرض کیا، کیوں نہیں، (پھر) اللہ کی قسم، آپ ﷺ نے فرمایا: پس تم دنیا و آخرت میں میری شریکِ حیات ہو۔''

١٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: إِنِّي لَأَفْخَرُ عَلَى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ بِأَرْبَعٍ: ابْتَكَرَنِي وَلَمْ يَبْتَكِرْ امْرَأَةً غَيْرِي، وَلَمْ يَنْزِلْ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ مُنْذُ دَخَلَ عَلَيَّ إِلَّا فِي بَيْتِي...... الحديث رَوَاهُ الطَّبَرِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بے شک میں چار چیزوں میں حضور نبی اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات پر فخر کرتی ہیں ان چار میں سے ایک تو یہ کہ آپ ﷺ نے میرے ساتھ اس وقت شادی فرمائی جب میں چھوٹی تھی اور میرے علاوہ اور کسی زوجہ مطہرہ کے ساتھ چھوٹی عمر میں شادی نہیں فرمائی اور دوسرا یہ کہ جب سے میرے ساتھ آپ ﷺ کا عقد ہوا اس وقت سے جب بھی آپ ﷺ پر قرآن نازل ہوا تو میرے گھر میں نازل ہوا۔''

---

الحديث رقم ١٥: أخرجه محب الدين الطبري في السمط الثمين في مناقب امهات المؤمنين، ص ٧٣/۔

Marfat.com

١٦ـ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ: قِيْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ: مَا تَتْ فُلَانَةٌ لِبَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ فَسَجَدَ، فَقِيْلَ لَهُ: أَتَسْجُدُ هَذِهِ السَّاعَةَ؟ فَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا رَأَيْتُمْ آيَةً فَاسْجُدُوْا فَأَيُّ آيَةٍ أَعْظَمُ مِنْ ذَهَابِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ؟ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

’’حضرت عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت (عبداللہ) بن عباس سے صبح کی نماز کے بعد کہا گیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات میں سے فلاں فوت ہوگئی ہیں، (یہ سن کر) آپ نے سجدہ کیا، تو آپ سے کہا گیا۔ کیا آپ اس گھڑی میں سجدہ کرتے ہیں؟ تو آپ نے فرمایا: کیا حضور نبی اکرم ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ جب تم کوئی نشانی دیکھو تو سجدہ کرو؟ پس حضور نبی اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات کے اس دنیا سے کوچ فرمانے سے بڑھ کر اور کون سی نشانی بڑی ہوسکتی ہے؟

الحديث رقم ١٦: أخرجه الترمذي في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: فضل أزواج النبي ﷺ، ٥/٧٠٧، الرقم: ٣٨٩١، و أبو داؤد في السنن، كتاب: الصلاة، باب: السجود عند الآيات، ١/٣١١، الرقم: ١١٩٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٣/٣٤٣، الرقم: ٦١٧٢.

Marfat.com

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أَهْلِ الْبَيْتِ وَ قَرَابَةِ الرَّسُوْلِ سلام اللہ علیہم

## ﴿حضور ﷺ کے اہلِ بیت اور قرابت داروں کے مناقب کا بیان﴾

١٧۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَوْمًا فِيْنَا خَطِيْبًا بِمَاءٍ يُّدْعَى خُمًّا. بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ. فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَ وَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ . أَلَا أَيُّهَاالنَّاسُ، فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ يُوْشِكُ أَنْ يَأْتِيَ رَسُوْلُ رَبِّي فَأُجِيْبُ، وَأَنَا تَارِكٌ فِيْكُمْ ثَقَلَيْنِ: أَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللهِ فِيْهِ الْهُدَى وَالنُّوْرُ فَخُذُوْا بِكِتَابِ اللهِ. وَاسْتَمْسِكُوْا بِهِ. فَحَثَّ عَلَى كِتَابِ اللهِ وَرَغَّبَ فِيْهِ. ثُمَّ قَالَ: وَأَهْلُ بَيْتِي. أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي، أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ ہمیں خطبہ دینے کے لئے مکہ اور مدینہ منورہ کے درمیان اس تالاب پر کھڑے ہوئے جسے خُم کہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء اور وعظ و نصیحت کے بعد فرمایا: اے لوگو! میں تو

---

الحديث رقم ١٧: أخرجه المسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة:من فضائل على بن أبي طالبص، ٣/١٨٧٣، الرقم: ٢٤٠٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٦٦، الرقم: ١٩٢٦٥، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/١٤٨، الرقم: ٢٦٧٩، وابن حبان فى الصحيح، ١/١٤٥، الرقم: ١٢٣، وابن خزيمة فى الصحيح، وأبو القاسم هبة الله فى اعتقاد أهل السنة، ١/٧٩، الرقم: ٨٨، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٣/٤٨٧.

Marfat.com

بس ایک آدمی ہوں عنقریب میرے رب کا پیغام لانے والا فرشتہ (یعنی فرشتہ اجل) میرے پاس آئے گا اور میں اسے لبیک کہوں گا۔ میں تم میں دو عظیم چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، ان میں سے پہلی اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جس میں ہدایت اور نور ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب پر عمل کرو اور اسے مضبوطی سے تھام لو، پھر آپ ﷺ نے کتاب اللہ (کی تعلیمات پر عمل کرنے پر) ابھارا اور اس کی ترغیب دی پھر فرمایا: اور (دوسرے) میرے اہل بیت ہیں میں تمہیں اپنے اہل بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔ میں تمہیں اپنے اہل بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔‘‘

١٨۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنِّي تَارِكٌ فِيكُم مَا إِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا بَعْدِي أَحَدُهُمَا أَعْظَمُ مِنَ الآخَرِ: كِتَابُ اللهِ حَبْلٌ مَمْدُودٌ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الأَرْضِ وَعِتْرَتِي: أَهْلُ بَيْتِي وَلَنْ

---

الحديث رقم ١٨: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب أهل بيت النبى ﷺ، ٥/٦٦٣، الرقم: ٣٧٨٦/٣٧٨٨، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/٤٥، الرقم: ٨١٤٨، ٨٤٦٤، والحاكم فى المستدرك، ٣/١١٨، الرقم: ٤٥٧٦، والطبرانى عن أبي سعيد رضي الله عنه فى المعجم الأوسط، ٣/٣٧٤، الرقم: ٣٤٣٩، و فى المعجم الصغير، ١/٢٢٦، الرقم: ٣٢٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٤،٢٦،٥٩، الرقم: ١١١١٩،١١٢٢٧،١١٥٧٨، وأبويعلى فى المسند، ٢/٣٠٣، الرقم: ١٠٢٦٧،١١٤٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٦٥، الرقم: ٢٦٧٨، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/١٣٣، الرقم: ٣٠٠٨١، وابن أبى عاصم فى السنة، ٢/٦٤٤، الرقم: ١٥٥٣، والديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ١/٦٦، الرقم: ١٩٤، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/١٦٣۔

يَتفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِي فِيْهِمَا.

رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ.

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم میں ایسی دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر تم نے انہیں مضبوطی سے تھامے رکھا تو میرے بعد ہر گز گمراہ نہ ہوگے۔ ان میں سے ایک دوسری سے بڑی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی رسی ہے اور میری عترت یعنی اہلِ بیت اور یہ دونوں ہرگز جدا نہ ہوں گی یہاں تک کہ دونوں میرے پاس حوض کوثر پر آئیں گی پس دیکھو کہ تم میرے بعد ان سے کیا سلوک کرتے ہو؟''

١٩۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: يَا أَيُّهَاالنَّاسُ إِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا إِنْ أَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا: كِتَابَ اللهِ، وَعِتْرَتِي أَهْلَ بَيْتِي. رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے سنا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے تھے: اے لوگو! میں تمہارے درمیان ایسی چیزیں چھوڑ رہا ہوں کہ اگر تم انہیں پکڑے رکھو گے تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔ (ان میں سے ایک) اللہ تعالیٰ کی کتاب اور (دوسری) میرے گھر والے (ہیں)۔''

---

الحديث رقم ١٩: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى مناقب أهل بيت النبى صلى الله عليه وآله وسلم، ٥/٦٦٢، الرقم: ٣٧٨٦، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٥/٨٩، الرقم: ٤٧٥٧، و فى المعجم الكبير، ٣/٦٦، الرقم: ٢٦٨٠، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٤/١١٤۔

Marfat.com

٢٠۔ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنهَا قَالَتْ خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ غَدَاةً وَ عَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ، مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ. فَجَاءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ جَاءَ الْحُسَيْنُ رضي الله عنه فَدَخَلَ مَعَهُ، ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللهُ عَنهَا فَأَدْخَلَهَا، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ رضي الله عنه فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ [الأحزاب:٣٣].

رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

”حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ صبح کے وقت ایک اونی منقش چادر اوڑھے ہوئے باہر تشریف لائے تو آپ کے پاس حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں اُس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت حسین رضی اللہ عنہ آئے اور وہ بھی ان کے ہمراہ چادر میں داخل ہو گئے، پھر سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں اور آپ ﷺ نے انھیں بھی اس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں بھی چادر میں لے لیا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت مبارکہ پڑھی: ”اے اہلِ بیت! اللہ تعالیٰ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) آلودگی دُور کر دے اور تم کو (گناہوں سے) خوب پاک و صاف کر دے۔“

---

الحديث رقم ٢٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أهل بيت النّبى ﷺ، ٤/١٨٨٣، ٢٤٢٤، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٥٩، الرقم: ٤٧٠٧۔ ٤٧٠٩، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/١٤٩، الرقم: ٢٦٨٠، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٧٠، الرقم: ٣٢١٠٢، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٣/٤٨٦، والطبرى فى جامع البيان عن تأويل القرآن، ٢٢/٦، والمباركفورى فى تحفة الأحوزى، ٩/٤٩۔

Marfat.com

٢١۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رَبِيْبِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ [الأحزاب:٣٣] فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ فَدَعَا فَاطِمَةَ، وَ حَسَنًا، وَ حُسَيْنًا، فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، وَ عَلِيٌّ خَلْفَ ظَهْرِهِ فَجَلَّلَهُ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ، هٰؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَ طَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا، قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَ أَنَا مَعَهُمْ يَا نَبِيَّ اللهِ، قَالَ: أَنْتِ عَلَى مَكَانِكِ وَ أَنْتِ عَلَى خَيْرٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ أَبُو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَ فِي الْبَابِ: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ وَأَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ وَأَبِي الْحَمْرَاءِ وَمَعْقَلِ بْنِ يَسَارٍ وَعَائِشَةَ.

''حضور نبی اکرم ﷺ کے پروردہ عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اُم المؤمنین اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر حضور نبی اکرم ﷺ پر یہ آیت ''اے اہل بیت! اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح) کی آلودگی دور کر دے اور تمہیں خوب پاک و صاف کر دے'' نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے سیدہ فاطمہ اور حسنین کریمین سلام اللہ علیہم کو بلایا اور انہیں ایک کملی میں ڈھانپ لیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پیچھے تھے، آپ ﷺ نے انہیں بھی کملی میں ڈھانپ لیا، پھر فرمایا: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں، پس ان سے ہر قسم

---

الحديث رقم ٢١: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: و من سورة الأحزاب، ٥/٣٥١، الرقم: ٣٢٠٥، و فی كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٦٩٩، الرقم: ٣٨٧١، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤/١٣٤، الرقم: ٣٧٩٩۔

کی آلودگی دور فرما اور انہیں خوب پاک و صاف کر دے۔ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! میں (بھی) ان کے ساتھ ہوں، فرمایا: تم اپنی جگہ رہو اور تم تو بہتر مقام پر فائز ہو۔‘‘

٢٢۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضی الله عنه قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ ﴿فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَآءَنَا وَ أَبْنَآءَكُمْ﴾ [آل عمران، ٣: ٦١] دَعَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم عَلِيًّا وَ فَاطِمَةَ وَ حَسَنًا وَ حُسَيْنًا فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلِي.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ أَبُو عِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب آیتِ مباہلہ نازل ہوئی ’’آپ فرما دیں آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے‘‘ تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حسین علیہم السلام کو بلایا، پھر فرمایا: یا اللہ! یہ میرے اہل (بیت) ہیں۔‘‘

---

الحديث رقم ٢٢: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل علي بن أبی طالب رضی الله عنه، ٤/١٨٧١، الرقم: ٢٤٠٤، والترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: و من سورة آل عمران، ٥/٢٢٥، الرقم: ٢٩٩٩، وفی كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: (٢١)، ٥/٦٣٨، الرقم: ٣٧٢٤، و أحمد بن حنبل فی المسند، ١/١٨٥، الرقم: ١٦٠٨، والبيهقی فی السنن الكبری، ٧/٦٣، الرقم: ١٣١٦٩-١٣١٧٠، والنسائی فی السنن الكبری، ٥/١٠٧، الرقم: ٨٣٩٩، و الحاكم فی المستدرك، ٣/١٦٣، الرقم: ٤٧١٩

Marfat.com

٢٣۔ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ رضي الله عنه قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ، إِنَّ قُرَيْشًا إِذَا لَقِيَ بَعْضُهُمْ بَعضًا لَقُوهُمْ بِبِشْرٍ حَسَنٍ، وَإِذَا لَقُوْنَا لَقُوْنَا بِوُجُوهٍ لَا نَعْرِفُهَا. قَالَ: فَغَضِبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم غَضَبًا شَدِيْدًا، وَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الإِيْمَانُ حَتَّى يُحِبَّكُمْ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَ لِقَرَابَتِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَالْبَزَّارُ.

وَ فِي رِوَايَةٍ: قَالَ: وَاللهِ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ امْرِیءٍ إِيْمَانٌ حَتَّى يُحِبَّكُمْ لِلّٰهِ، وَلِقَرَابَتِي.

''حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کیا: یا رسول اللہ! قریش جب آپس میں ملتے ہیں تو حسین مسکراتے چہروں سے ملتے ہیں اور جب ہم سے ملتے ہیں تو ایسے چہروں سے ملتے ہیں جنہیں ہم نہیں جانتے (یعنی جذبات سے عاری چہروں کے ساتھ) حضرت عباس فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ سن کر شدید جلال میں آ گئے اور فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کسی بھی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہیں ہوسکتا جب تک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور میری قرابت کی خاطر تم سے محبت نہ کرے۔''

---

الحديث رقم ٢٣: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ١/٢٠٧، الرقم: ١٧٧٢، ١٧٧٧، ١٧٦٥٦، ١٧٦٥٧، ١٧٦٥٨، والحاكم فی المستدرك، ٣/٣٧٦، الرقم: ٥٤٣٣، ٢٩٦٠، والنسائی فی السنن الكبری، ٥/٥١ الرقم: ٨١٧٦، والبزار فی المسند، ٦/١٣١، الرقم: ٢١٧٥، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٢/١٨٨، الرقم: ١٥٠١، والديلمی فی الفردوس، بماثور الخطاب، ٤/٣٦١، الرقم: ٧٠٣٧۔

Marfat.com

ایک روایت میں ہے، فرمایا: ''خدا کی قسم کسی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہ ہوگا جب تک اللہ تعالیٰ، اس کے رسول اکرم ﷺ اور میری قرابت کی وجہ سے تم سے محبت نہ کرے۔''

٢٤۔ عَنِ الْعَبَاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: كُنَّا نَلْقَى النَّفَرَ مِنْ قُرَيْشٍ، وَهُمْ يَتَحَدَّثُوْنَ فَيَقْطَعُوْنَ حَدِيْثَهُمْ فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَحَدَّثُوْنَ فَإِذَا رَأَوُا الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي قَطَعُوْا حَدِيْثَهُمْ وَاللهِ، لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الإِيْمَانُ حَتَّى يُحِبَّهُمْ لِلّٰهِ وَلِقَرَابَتِهِمْ مِنِّي. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت عباس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں: ہم جب قریش کی جماعت سے ملتے اور وہ باہم گفتگو کررہے ہوتے تو گفتگو روک دیتے ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں اس امر کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے جب میرے اہل بیت سے کسی کو دیکھتے ہیں تو گفتگو روک دیتے ہیں؟ اللہ رب العزت کی قسم! کسی شخص کے دل میں اس قت تک ایمان داخل نہیں ہوگا جب تک ان سے اللہ تعالیٰ کے لیے اور میری قرابت کی وجہ سے محبت نہ کرے۔''

---

الحديث رقم ٢٤: أخرجه ابن ماجة فى السنن، المقدمة، باب: فضل العباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ، ١/ ٥٠، الرقم: ١٤٠، والحاكم فى المستدرك، ٤/ ٨٥، الرقم: ٦٩٦٠، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٨/ ٣٨٢، الرقم: ٤٧٢، والديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ٤/ ١١٣، الرقم: ٦٣٥٠، والسيوطى فى شرح سنن ابن ماجة، ١/ ١٣، الرقم: ١٤٠، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ١/ ٢١، الرقم: ٥٠.

Marfat.com

٢٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ أَهْلِ بَيْتِي مَثَلُ سَفِينَةِ نُوحٍ، مَنْ رَكِبَ فِيهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنهَا غَرِقَ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے اہلِ بیت کی مثال حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی طرح ہے جو اس میں سوار ہوگیا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے پیچھے رہ گیا وہ غرق ہوگیا۔''

٢٦۔ وَفِي رِوَايَةٍ:عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: مَنْ رَكِبَهَا سَلِمَ، وَمَنْ تَرَكَهَا غَرِقَ.

اور ایک روایت میں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا: ''جو اس میں

الحديث رقم ٢٥: أخرجه الطبراني فى المعجم الكبير، ١٢/٣٤، الرقم: ٢٣٨٨، ٢٦٣٨، ٢٦٣٨، ٢٦٣٦، و فى المعجم الأوسط، ٤/١٠، الرقم: ٣٤٧٨: ٥/٣٥٥، الرقم: ٥٥٣٦: ٦/٨٥، الرقم: ٥٨٧٠، فى المعجم الصغير، ١/٢٤٠، الرقم: ٣٩١: ٢/٨٤، الرقم: ٨٢٥، والحاكم فى االمستدرك، ٣/١٦٣، الرقم: ٤٧٢٠، والبزار فى المسند، ٩/٣٤٣، الرقم: ٣٩٠٠،والديلمى فى الفردوس بماثور الخطاب، ١/٢٣٨، الرقم: ٩١٦،و الهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/١٦٨۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه الطبراني فى المعجم الكبير، ١٢/٣٤، الرقم: ٢٣٨٨، ٢٦٣٨، ٢٦٣٨، ٢٦٣٦، و فى المعجم الأوسط، ٤/١٠، الرقم: ٣٤٧٨: ٥/٣٥٥، الرقم: ٥٥٣٦: ٦/٨٥، الرقم: ٥٨٧٠، فى المعجم الصغير، ١/٢٤٠، الرقم: ٣٩١: ٢/٨٤، الرقم: ٨٢٥، والحاكم فى االمستدرك،٣/١٦٣،الرقم:٤٧٢٠، والبزار فى المسند، ٩/٣٤٣، الرقم: ٣٩٠٠،والديلمى فى الفردوس بماثور الخطاب، ١/٢٣٨، الرقم: ٩١٦،والهيثمى فى مجمع الزوائد،٩/١٦٨۔

Marfat.com

سوار ہوا وہ سلامتی پا گیا اور جس نے اسے چھوڑ دیا وہ غرق ہو گیا۔‘‘

٢٧۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: كُلُّ سَبَبٍ وَ نَسَبٍ يَنْقَطِعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا مَا كَانَ مِنْ سَبَبِي وَ نَسَبِي.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

’’حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: قیامت کے دن میرے حسب ونسب کے سواء ہر سلسلہ نسب منقطع ہو جائے گا۔‘‘

٢٨۔ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم لِكُلِّ بَنِي أُمٍّ عُصْبَةٌ يَنْتَمُوْنَ إِلَيْهِمْ إِلَّا إِبْنَي فَاطِمَةَ فَأَنَا وَلِيُّهُمَا وَ عُصْبَتُهُمَا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر ماں کے بیٹوں کا آبائی خاندان ہوتا ہے جس کی طرف وہ منسوب ہوتے ہیں سوائے فاطمہ کے بیٹوں کے، پس میں ہی ان کا ولی ہوں اور میں ہی ان کا نسب ہوں۔‘‘

---

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣ / ١٥٣، الرقم: ٤٦٨٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣ / ٤٤، الرقم: ٢٦٣٣، ٢٦٣٤-٢٦٣٥، و فى المعجم الأوسط، ٥ / ٣٧٦، الرقم: ٥٦٠٦، وعبدالرزاق فى المصنف، ٦ / ١٦٣، الرقم: ١٠٣٥٤، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧ / ٦٣، الرقم: ١٣١٧١، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ١ / ١٩٧، الرقم: ١٠١، وَقَالَ: إِسْنَادُهُ حَسَنٌ. والديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ٣ / ٢٥٥، الرقم: ٤٧٥٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩ / ١٧٣، و قال: إسنادُهُ حَسَنٌ.

الحديث رقم ٢٨: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣ / ١٧٩، الرقم: ٤٧٧٠، وأبو يعلى فى المسند ٢ / ١٠٩، الرقم: ٦٧٤١، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣ / ٤٤، الرقم: ٢٦٣١-٢٦٣٢.

٢٩۔ عَنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ: كُلُّ بَنِي أُنْثَى فَإِنَّ عُصْبَتَهُمْ لِأَبِيْهِمْ مَا خَلَا بَنِي فَاطِمَةَ، فَإِنِّي أَنَا عُصْبَتُهُمْ وَ أَنَا أَبُوهُمْ.

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سنا: ہر عورت کی اولاد کا نسب اپنے باپ کی طرف ہوتا ہے سوائے اولاد فاطمہ کے کہ میں ہی ان کا نسب اور میں ہی ان کا باپ ہوں۔''

٣٠۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ اللهَ عزوجل جَعَلَ ذُرِيَّةَ كُلِّ نَبِيٍّ فِي صُلْبِهِ، وَ إِنَّ اللهَ جَعَلَ ذُرِّيَتِي فِي صُلْبِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کی اولاد اس کی صلب میں رکھی اور بیشک اللہ تعالیٰ نے میری اولاد علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی صلب میں رکھی۔''

٣١۔ عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ

---

الحديث رقم ٢٩: أخرجه والديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ٣/ ٢٣٤، الرقم: ٤٧٨٧، والهيثمى، فى مجمع الزوائد، ٤/ ٢٢٤.

الحديث رقم ٣٠: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/ ٤٣، الرقم: ٢٦٣٠، والديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ١/ ١٧٢، الرقم: ٦٤٣، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/ ١٧٢، والمناوى فى فض القدير، ٢/ ٢٢٣.

الحديث رقم ٣١: أخرجه الدار قطنى فى السنن، ١/ ٣٥٥، الرقم: ٦-٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/ ٥٣٠، الرقم: ٣٩٦٩، وابن جوزى فى التحقيق في أحاديث الخلاف، ١/ ٤٠٢، الرقم: ٥٤٤، والذيلعى فى نصب الراية، والشوكانى فى نيل الأوطار، ٢/ ٣٢٢.

صَلَّى صَلَاةً لَمْ يُصَلِّ فِيهَا عَلَيَّ وَعَلَى أَهْلِ بَيْتِي، لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ. وَ قَالَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ رضي الله عنه: لَوْ صَلَّيْتُ صَلَاةً لَا أُصَلِّي فِيهَا عَلَى مُحَمَّدٍ، مَا رَأَيْتُ أَنَّ صَلَاتِي تَتِمُّ. رَوَاهُ الدَّارقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز پڑھی اور مجھ پر اور میرے اہل بیت پر درود نہ پڑھا اس کی نماز قبول نہ ہوگی۔ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میں نماز پڑھوں اور اس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک نہ پڑھوں تو میں نہیں سمجھتا کہ میری نماز کامل ہوگی۔''

۳۲۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ هَذَا مَلَكٌ لَمْ يَنْزِلِ الْأَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هَذِهِ اللَّيْلَةِ اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيَّ وَ يُبَشِّرَنِي بِأَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

---

الحديث رقم ۳۲: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، ٥/ ٦٦٠، الرقم: ۳۷۸۱، والنسائی فی السنن الكبرى، ۸۰، ۹٥، الرقم: ۸۲۹۸، ۸۳٦٥، والنسائی في فضائل الصحابة: ٥٨/ ٧٦، الرقم: ۱۹۳، ۲٦۰، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/ ۳۹۱، الرقم: ۲۳۳٦۹، وفی فضائل الصحابة، ۲/ ۷۸۸، الرقم: ۱٤۰٦، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/ ۳۸۸، الرقم: ۳۲۲۷۱، والحاكم فی المستدرك، ۳/ ۱٦٤، الرقم: ٤۷۲۱-٤۷۲۲، والطبرانی فی المعجم الكبير، ۲۲/ ٤۰۲، الرقم: ۱۰۰٥، والبيهقی فی الإعتقاد: ۳۲۸، و أبو نعيم فی حلية اولياء، ٤/ ۱۹۰۔

Marfat.com

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک فرشتہ جو اس رات سے پہلے کبھی زمین پر نہ اترا تھا اس نے اپنے پروردگار سے اجازت مانگی کہ مجھے سلام کرے اور مجھے یہ خوشخبری دے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اہلِ جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہیں اور حسن و حسین رضی اللہ عنہما جنت کے تمام جوانوں کے سردار ہیں۔''

**۳۳۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، وَقَدْ بَسَطَ شَمْلَةً، فَجَلَسَ عَلَيْهَا هُوَ وَ فَاطِمَةُ وَ عَلِيٌّ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، ثُمَّ أَخَذَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِمَجَامِعِهِ فَعَقَدَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ ارْضَ عَنْهُمْ كَمَا أَنَا عَنْهُمْ رَاضٍ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.**

''حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ درآں حالیکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چادر بچھائی ہوئی تھی۔ پس اس پر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (بنفسِ نفیس) حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین علیہم السلام بیٹھ گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس چادر کے کنارے پکڑے اور ان پر ڈال کر اس میں گرہ لگا دی۔ پھر فرمایا: اے اللہ! تو بھی ان سے راضی ہوجا، جس طرح میں ان سے راضی ہوں۔''

**۳٤۔ عَنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ! وَاللهِ! مَارَأَيْتُ أَحَدًا أَحَبَّ إِلَي رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مِنْكِ، وَاللهِ! مَا**

---

الحديث رقم ۳۳: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٥/ ۳٤۸، الرقم: ٥٥١٤، و الهيثمي في مجمع الزوائد، ۹/ ۱٦۹.

الحديث رقم ۳٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ۳/ ۱٦۸، الرقم: ٤۷۳٦، و ابن أبي شيبة في المصنف، ۷/ ٤۳۲، الرقم: ۳۷۰٤٥، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ۱/ ۳٦٤، والشيباني في الآحاد والمثاني، ٥/ ۳٦۰، الرقم: ۲۹٥۲، والخطيب بغدادي في تاريخ بغداد، ٤/ ٤۰۱.

Marfat.com

كَانَ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ بَعْدَ أَبِيْكِ ﷺ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْكِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گئے اور کہا: اے فاطمہ! خدا کی قسم! میں نے آپ کے سوا کسی شخص کو حضور نبی اکرم ﷺ کے نزدیک محبوب تر نہیں دیکھا اور خدا کی قسم! لوگوں میں سے مجھے بھی آپ کے والد محترم کے بعد کوئی آپ سے زیادہ محبوب نہیں۔''

٣٥۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: اَلْحَسَنُ أَشْبَهُ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَا بَيْنَ الصَّدْرِ إِلَى الرَّأْسِ، وَ الْحُسَيْنُ أَشْبَهُ بِالنَّبِيِّ ﷺ مَا كَانَ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ أَبُو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن سینہ سے سر تک رسول اللہ ﷺ کی کامل شبیہ تھے اور حضرت حسین سینہ سے نیچے تک حضور ﷺ کی کامل شبیہ تھے۔''

٣٦۔ عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ

---

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ باب: مناقب الحسن و الحسين، ٥/ ٦٦٠، الرقم: ٣٧٧٩، و أحمد بن حنبل فى المسند، ١/ ٩٩، الرقم: ٧٧٤، ٨٥٤، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/ ٤٣٠، الرقم: ٦٩٧٤، وطيالسى فى المسند، ١/ ٩١، الرقم: ١٣٠، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢/ ٣٩٤، الرقم: ٧٨٠، والهيثمى فى موارد الظمآن، ١/ ٥٥٣، الرقم: ٢٢٥٣۔

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب علي بن أبى طالب رضی اللہ عنہ، ٥/ ٦٣٣، الرقم: ٣٧١٣، و الطبرانى فى المعجم الكبير، ٥/ ١٩٥، ٢٠٤، الرقم: ٥٠٧١، ٥٠٩٦۔ ←

يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَرِيْحَةَ ...... أَوْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، (شَكَّ شُعْبَةُ) ...... عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

(قال:) و قد روى شعبة هذا الحديث عن ميمون أبي عبد الله عن زيد بن أرقم عن النبي ﷺ.

''شعبہ، سلمہ بن کہیل سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ابو طفیل سے سنا کہ ابو سریحہ ...... یا زید بن ارقم رضی اللہ عنہما...... سے مروی ہے (شعبہ کو راوی کے متعلق شک ہے) کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں، اُس کا علی مولا ہے۔''

شعبہ نے اس حدیث کو میمون ابو عبد اللہ سے، اُنہوں نے زید بن ارقم سے اور اُنہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کیا ہے۔

---

.......... رُوِي هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ حُبْشَى بْنِ جَنَادَةَ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

الحاكم فى المستدرك، ٣/١٣٤، الرقم:٤٦٥٢، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٢/٧٨، الرقم:١٢٥٩٣، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ١٢/٣٤٣، وابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٤٥/٧٧،١٤٤، وابن كثير فى البداية و النهاية، ٥/٤٥١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/١٠٨.

رُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

إبن أبى عاصم فى السنة: ٦٠٢، الرقم: ١٣٥٥، وابن ابى شيبه فى المصنف، ٦/٣٦٦، الرقم: ٣٢٠٧٢ وَ قَدْ رُوِيَ هَذَ الْحَدِيْثُ عَنْ أَيُّوبِ الْأَنْصَارِيِّ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

إبن أبى عاصم فى السنة:٦٠٢، الرقم: ١٣٥٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٤/١٧٣، الرقم: ٤٠٥٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ١/٢٢٩، الرقم: ٣٤٨.

←

Marfat.com

٣٧۔ عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ التَّمِيْمِيِّ رضي الله عنه قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِي عَلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا فَسُئِلَتْ أَيُّ النَّاسِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم؟ قَالَتْ: فَاطِمَةُ، فَقِيْلَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَتْ: زَوْجُهَا، إِنْ كَانَ مَا عَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''جمیع بن عمر تیمی بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی کے ہمراہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا لوگوں میں سے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں کون زیادہ محبوب تھا؟ اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

---

وَرُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ بُرَيْدَةَ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

عبد الرزاق فی المصنف، ١١/ ٢٢٥، الرقم: ٢٠٣٨٨، والطبرانی فی المعجم الصغیر، ١/ ٧١، وابن عساکر فی تاریخ دمشق الکبیر، ٤٥/ ١٤٣۔

وَرُوِيَ هَذَالْحَدِيْثُ عَنْ بُرَيْدَةَ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

إبن أبی عاصم فی السنة: ٦٠١، الرقم: ١٣٥٣، وابن عساکر فی تاریخ دمشق الکبیر، ٤٥/ ١٤٦، وابن کثیرفی البدایة و النهایة، ٥/ ٤٥٧، وحسام الدین هندی فی کنز العمال، ١١/ ٦٠٢، رقم: ٣٢٩٠٤۔

وَرُوِيَ هَذَالْحَدِيْثُ عَنْ مَالِكِ بْنِ حُوَيْرِثٍ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

الطبرانی فی المعجم الکبیر، ١٩/ ٢٥٢، الرقم: ٦٤٦، و ابن عساکر، تاریخ دمشق الکبیر، ٤٥: ١٧٧، والهیثمی فی مجمع الزوائد، ٩/ ١٠٦۔

الحدیث رقم ٣٧: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم باب: فضل فاطمة بنتِ محمد صلى الله عليه وآله وسلم، ٥/ ٧٠١، الرقم: ٣٨٧٤، والطبرانی فی المعجم الکبیر، ٢٢/ ٤٠٣۔ ٤٠٤، الرقم: ١٠٠٨۔١٠٠٩، والحاکم فی المستدرک، ٣/ ١٧١، الرقم: ٤٧٤٤، وأبویعلی فی المعجم، ١/ ١٢٨، الرقم: ٢٣٥۔

Marfat.com

فاطمہ (سلام اللہ علیہا)۔ عرض کیا گیا: مردوں میں سے (کون زیادہ محبوب تھا؟) فرمایا: ان کے شوہر اور جہاں تک میں جانتی ہوں وہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے اور راتوں کو عبادت کے لئے بہت قیام کرنے والے تھے۔''

٣٨۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضی الله عنه، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: لِعَلِيٍّ وَ فَاطِمَةَ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ رضی الله عنهم: أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ، وَ سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم سے فرمایا: تم جس سے لڑو گے میں اُس کے ساتھ حالت جنگ میں ہوں اور جس سے تم صلح کرنے والے ہو میں بھی اُس سے صلح کرنے والا ہوں۔''

٣٩۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ

---

الحديث رقم ٣٨: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/ ٦٩٩، الرقم: ٣٨٧٠، وابن ماجة فى السنن، المقدمة، باب: فضل الحسن والحسين ابنَيْ عَلِيِّ بْنِ أبي طَالِبٍ رضی الله عنهم، ١/ ٥٢، الرقم: ١٤٥، والحاكم فى المستدرك، ٣/ ١٦١، الرقم: ٤٧١٤، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٥/ ١٨٢، الرقم: ٥٠١٥، وفى المعجم الكبير، ٣/ ٤٠، الرقم: ٢٦٢٠، والصيداوى فى معجم الشيوخ، ١/ ١٣٣، الرقم: ٨٥.

الحديث رقم ٣٩: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٧/ ٧٥، الرقم: ٦٤١٦، وفى المعجم الأوسط، ٦/ ٥٩، الرقم: ٥٧٩٠، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٢/ ١٨٩، الرقم: ١٥٠٥، والديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ٥/ ١٥٤، الرقم: ٧٧٩٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/ ٨٨.

اللهِ ﷺ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ نَفْسِهِ وَأَهْلِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَعِتْرَتِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ عِتْرَتِهِ. وَذَاتِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ ذَاتِهِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کی جان سے بھی محبوب تر نہ ہو جاؤں اور میرے اہلِ بیت اسے اس کے اہل خانہ سے محبوب تر نہ ہو جائیں اور میری اولاد اسے اپنی اولاد سے بڑھ کر محبوب نہ ہو جائے اور میری ذات اسے اپنی ذات سے محبوب تر نہ ہو جائے۔''

Marfat.com

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْخُلَفَاءِ وَ صَحَابَةِ الرَّسُوْلِ رضی اللہ عنہم

## ﴿خلفائے راشدین اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مناقب کا بیان﴾

٤٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابِي، فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا، مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

٤١۔ وَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ وَ زَادَ فِيْهِ: (لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابِي لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابِي فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ) ثُمَّ سَاقَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهِ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

---

الحديث رقم ٤٠/٤١: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابه، باب قول النبى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لو كنت متخذاً خليلا، ٣/١٣٤٣، الرقم: ٣٤٧٠، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: تحريم سب الصحابة، ٤/١٩٦٧، الرقم: ٢٥٤٠، والترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: (٥٩)، ٥/٦٩٥، الرقم: ٣٨٦١ وقال: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، و أبوداود فى السنن، كتاب: السنة، باب: في النهى عن سب أصحاب رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٤/٢١٤، الرقم: ٤٦٥٨، وابن ماجة فى السنن، باب: فضائل أصحاب رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فضل أهل بدر، ١/٥٧، الرقم: ١٦١، و النسائى فى السنن الكبرى، ٥/٨٤، الرقم: ٨٣٠٨، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/٢٣٨، الرقم: ٧٢٥٣، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١١، الرقم: ١١٠٩٤، ١١٥٣٤، ١١٥٣٥، ١١٦٢٦، و الطبرانى فى المعجم الأوسط، ١/٢١٢، الرقم: ٦٨٧، و أبو يعلى فى المسند، ٢/٣٤٢، الرقم: ١٠٨٧، و ابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/٤٠٤، الرقم: ٣٢٤٠٤۔

میرے صحابہ کو برا مت کہو۔ اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کر دے تو پھر بھی وہ ان کے سیر بھر یا اس سے آدھے کے برابر بھی نہیں پہنچ سکتا۔'' اس کو بخاری نے روایت کیا۔''

''اور امام مسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے اضافہ کے ساتھ روایت کیا ہے: ''میرے صحابہ کو برا مت کہو، میرے صحابہ کو برا مت کہو (دو مرتبہ فرمایا)۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔'' پھر اسی طرح پوری حدیث بیان کی۔''

٤٢۔ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اللهَ اللهَ فِي أَصْحَابِي، لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا بَعْدِي، فَمَنْ أَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّي أَحَبَّهُمْ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِي أَبْغَضَهُمْ، وَمَنْ آذَاهُمْ فَقَدْ آذَانِي، وَمَنْ آذَانِي فَقَدْ آذَى اللهَ، وَمَنْ آذَى اللهَ فَيُوْشِکُ أَنْ يَأْخُذَهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ أَبُو عِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو! اللہ سے ڈرو! اور میرے بعد انہیں تنقید کا نشانہ مت بنانا کیونکہ جس نے ان سے محبت کی اس نے میری وجہ سے ان سے

---

الحديث رقم ٤٢: أخرجه الترمذی في السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: فيمن سبّ أصحاب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٥/ ٦٩٦، الرقم: ٣٨٦٢، و أحمد بن حنبل في المسند، ٥/ ٥٤، ٥٧، الرقم: ٢٠٥٤٩. ٢٠٥٧٨، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٢/ ١٩١، الرقم: ١٥١١، و ابن أبي عاصم فی السنة، ٢/ ٤٧٩، الرقم: ٩٩٢، و الرويانی في المسند ٢/ ٩٢، الرقم: ٨٨٢، و الديلمی في الفردوس بماثور الخطاب، ١/ ١٤٦، الرقم: ٥٢٥، و الهيثمی فی موارد الظمآن، ١/ ٥٦٨، الرقم: ٢٢٨٤.

Marfat.com

محبت کی اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے میرے بغض کی وجہ سے ان سے بغض رکھا اور جس نے انہیں تکلیف پہنچائی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی اور جس نے مجھے تکلیف پہنچائی اس نے اللہ تعالیٰ کو تکلیف پہنچائی اور جس نے اللہ تعالیٰ کو تکلیف پہنچائی عنقریب اللہ تعالیٰ اُسے پکڑے گا۔''

٤٣۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا رَأَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَسُبُّوْنَ أَصْحَابِي فَقُوْلُوْا: لَعْنَةُ اللهِ عَلَى شَرِّكُمْ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کو برا بھلا کہتے ہیں تو تم (انہیں) کہو: تمہارے شر پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔''

٤٤۔ عَنِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ سَبَّ

---

الحديث رقم ٤٣: أخرجه الترمذی في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی فضل من رَأى النَّبِيَّ ﷺ وَ صَحِبَهُ، ٥/ ٦٩٧، الرقم: ٣٨٦٦، و الطبرانی فی المعجم الأوسط، ٨/ ١٩١، الرقم: ٨٣٦٦، و الديلمی في الفردوس بماثور الخطاب، ١/ ٢٦٣، الرقم: ١٠٢٢.

الحديث رقم ٤٤: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ١٢/ ١٤٢، الرقم: ١٢٧٠٩، و عن أبي سعيد؄ فی المعجم الأوسط، ٥/ ٩٤، الرقم: ٤٧٧١، و الهيثمی فی مجمع الزوائد، ١٠/ ٢١، و ابن أبي شيبة، عن عطا بن أبي رباح فی المصنف، ٦/ ٤٠٥، الرقم: ٣٢٤١٩، و الخلال فی السنة، ٣/ ٥١٥، الرقم: ٨٣٣، و ابن أبی عاصم فی السنة، ٢/ ٤٨٣، الرقم: ١٠٠١، و ابن الجعد فی المسند، ١/ ٢٩٦، الرقم: ٢٠١٠، والديلمی فی الفردوس بماثور الخطاب، ٥/ ١٤، الرقم: ٧٣٠٢، و المناوی فی فيض القدير، ٥/ ٢٧٤.

Marfat.com

أَصْحَابِي فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے صحابہ کو گالی دی تو اس پر اللہ تعالیٰ کی، تمام فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔‘‘

٤٥۔ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

---

الحديث رقم ٤٥: أخرجه البخاري فى الصحيح،كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أصحاب النبى ﷺ، ٣ / ١٣٣٥، الرقم: ٣٤٥٠، فى كتاب: الشهادت،باب: لَا يَشْهَدُ عَلَى شَهَادَةِ جَوْرٍ إِذا شَهِدَ،١٢/ ٩٣٨، الرقم: ٣٥٠٨، وفى كتاب: الرقاق، باب: مايحذر من زهرة الدنيا والتنافس فيها، ٥ / ٢٣٦٢، الرقم: ٦٠٦٤، وفى كتاب: الأيمان والنذور، باب: إِثم مَن لا يَفِي بِالنَّذرِ، ٦ / ٢٤٦٣، الرقم: ٦٣١٧، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل الصحابة، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم، ٤ / ١٩٦٤، الرقم: ٢٥٣٥، و الترمذى فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى القرن الثالث، ٤ / ٥٠٠، الرقم: ٢٣٠٢۔٢٣٠٣، و فى كتاب: الشهادت عن رسول الله ﷺ، باب: منه (٤)، ٤ / ٥٤٨، الرقم: ٢٣٠٢۔٢٢٢٢، وفى كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى فضل من رأى النبي وفضل ﷺ وصَحِبَه، ٥ / ٦٩٥،الرقم: ٣٨٥٩، والنسائى فى السنن، كتاب: الأيمان والنذور، باب: الوفاء بالنذر، ٧ / ١٧،الرقم: ٣٨٠٩، وابن ماجة فى السنن، كتاب: الأحكام، باب: كراهية الشهادة لمن لم يستشهد، ٢ / ٧٩١، الرقم: ٢٣٦٢، والبيهقى فى السنن الكبرى، كتاب: النذور، باب: الوفاء بالنذر، ١٠ / ٧٤،والبزار فى المسند، ٩ /١٨، الرقم: ٣٥٢١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤ / ٤٢٧، الرقم: ١٩٨٣٥، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٨ / ٢٣٣، الرقم: ٥٨١، والطيالسى فى المسند، ١ / ١١٣، الرقم: ٨٤١، والطحاوى فى شرح معانى الآثار، ٤ / ١٥١، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤ / ٥، الرقم: ٤٥٤٦۔

خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ. ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، قَالَ عِمْرَانُ: فَلَا أَدْرِي: أَذَكَرَ بَعْدَ قَرْنِهِ قَرْنَيْنِ أَوْ ثَلَاثاً. ثُمَّ إِنَّ بَعْدَكُمْ قَوْمًا يَشْهَدُوْنَ وَلَا يُسْتَشْهَدُوْنَ، وَ يَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ، وَ يَنْذُرُوْنَ وَلَا يَفُوْنَ، وَيَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری بہترین امت میرے زمانہ کی ہے پھر ان کے زمانہ کے بعد کے لوگ اور پھر ان کے زمانہ کے بعد کے لوگ (حضرت عمران رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے یاد نہیں کہ اپنے زمانے کے بعد دو زمانوں کا ذکر فرمایا یا تین زمانوں کا)۔ پھر تمہارے بعد ایسی قوم آئے گی کہ وہ گواہی دیں گے حالانکہ ان سے گواہی طلب نہیں کی جائے گی۔ وہ خیانت کریں گے اور ان پر یقین نہیں کیا جائے گا۔ وہ نذریں مانیں گے مگر ان کو پورا نہیں کریں گے اور ان میں (زیادہ کھانے کی وجہ سے) موٹاپا ظاہر ہوگا۔''

٤٦۔ عَنْ عَبْدِاللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: خَيْرُ أُمَّتِي الْقَرْنُ الَّذِيْنَ يَلُوْنِي ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

---

الحديث رقم ٤٦: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الشهادت، باب: لا يشهد على شهادة، جورٍ إذا شهد، ٢/ ٩٣٨، الرقم: ٢٥٠٩، و فى كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وآله وسلم، ٣/ ١٣٣٥، الرقم: ٣٤٥١، و فى كتاب: الرقاق، باب: ما يحذر من زهرة الدنيا و التنافس فيها، ٥/ ٢٣٦٢، الرقم: ٦٠٦٥، و فى كتاب: الأيمان والنذور، باب:إذا قال أشهد بالله أو شهدت بالله، ٦/ ٢٤٥٢، الرقم: ٢٦٨٢، و مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل الصحابة ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم، ٤/ ١٩٦٢، الرقم: ٢٥٣٣، و ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/ ٤٠٤، الرقم: ٣٢٤٠، و أبو يعلى فى المسند، ٩/ ٤٠، الرقم: ٥١٠٣۔

Marfat.com

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے بہترین لوگ وہ ہیں جو میرے قریب ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں۔''

٤٧۔ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: سَأَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صلی الله عليه وآله وسلم: أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ الْقَرْنُ الَّذِي أَنَا فِيْهِ ثُمَّ الثَّانِي ثُمَّ الثَّالِثُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ کون سے لوگ بہتر ہیں؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے بہتر لوگ اس زمانے کے ہیں جس میں، میں موجود ہوں اس کے بعد دوسرے زمانے کے لوگ اور اس کے بعد تیسرے زمانے کے لوگ۔''

٤٨۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم

---

الحديث رقم ٤٧: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابه، باب: فضل الصحابة ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم، ٤/١٩٦٥، الرقم: ٢٥٣٦، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٦/١٥٦، الرقم: ٢٥٢٧٢، و ابن أبی شيبة فی المصنف ٦/٤٠٤، الرقم: ٣٢٤٠٩، و ابن ابی عاصم فی السنة، ٢/٦٢٩، الرقم: ١٤٧٥۔

الحديث رقم ٤٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المغازی، باب: غزوة الحديبية، ٤/١٥٢٦، الرقم: ٣٩٢٣، و مسلم فی الصحيح، كتاب: الامارة، باب: استحباب مبايعة الإمام الجيش، عند إرادة القتال، و بيان بيعة الرضوان تحت الشجرة، ٣/١٤٨٤، الرقم: ١٨٥٦، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٣٠٨، الرقم: ١٤٣٥٢، والشافعی فی المسند، ١/٢١٧، و أبوعوانة فی المسند، ٤/٣٠١، الرقم: ٦٨١٨، والبيهقی فی السنن الكبری، ٥/٢٣٥، الرقم: ٩٩٨١، والخراسانی فی كتاب السنن، ٢/٣٦٧، الرقم: ٢٨٨٥، و ابن أبی شيبة فی المصنف، ٧/٣٨٥، الرقم: ٣٦٨٤٩۔

Marfat.com

يَومَ الْحُدَيْبِيَةِ: أَنْتُمْ خَيْرُ أَهْلِ الْأَرْضِ، وَكُنَّا أَلْفاً وَأَرْبَعَ مِائَةٍ، وَلَوْ كُنْتُ أُبْصِرُ الْيَوْمَ لَأَرَيْتُكُمْ مَكَانَ الشَّجَرَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیبیہ کے دن ہمیں فرمایا: تم زمین پر بسنے والوں میں سب سے بہتر ہو اور ہم چودہ سو افراد تھے اور اگر آج میں دیکھ سکتا ہوں تو تمہیں اس درخت کی جگہ دکھا دیتا۔''

٤٩۔ عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم لِأَهْلِ بَدْرٍ: فَلَعَلَّ اللهَ اطَّلَعَ إِلَى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ وَجَبَتْ لَكُمُ الْجَنَّةُ، أَوْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب بدر کے لئے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اہلِ بدر کی طرف توجہ فرمائی اور فرمایا: تم جو عمل کرنا چاہتے ہو کرو بیشک تمہارے لئے جنت لازم ہوگئی ہے یا فرمایا: میں نے تمہیں معاف کر دیا ہے۔''

---

لحديث رقم ٤٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المغازی، باب: فضل مَن شَهِدَ بدراً، ٤/١٤٦٣، الرقم: ٣٧٦٢، و فی كتاب: الجهاد، باب: الجاسوس، ٣/١٠٩٥، الرقم: ٢٨٤٥، و فی كتاب: المغازی، باب: وَمَا بَعَثَ بِهِ حَاطِبُ بْنُ أَبِی بلتعة إلى أهل مكة يُخْبِرُهُمْ بِغَزْوِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم، ٤/١٥٥٧، الرقم: ٤٠٢٥، و مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أهل بدر رضی الله عنهم، وقصة حاطب بن أبي بلتعة رضی الله عنه، ٤/١٩٤١، الرقم: ٢٤٩٤، والترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ومن سورة الممتحنة، ٥/٤٠٩، الرقم: ٣٣٠٥، والدارمی فی السنن، ٢/٤٠٤، الرقم: ٢٧٦١۔

Marfat.com

٥٠۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَامَ فِيْنَا مِثْلَ مُقَامِي فِيْكُمْ فَقَالَ: احْفَظُوْنِي فِي أَصْحَابِي. ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْحَاكِمُ.

وَ فِي رِوَايَةٍ: عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: فَقَالَ: اسْتَوْصَوْا بِأَصْحَابِي خَيْراً.

''حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جابیہ میں خطبہ دیا پھر کہا: ہمارے درمیان حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوں کھڑے ہوئے جیسے میں تمہارے درمیان کھڑا ہوں اور فرمایا: میرے صحابہ کے بارے میں میری حفاظت کرو (ان کی عزت و احترام کرو!) (ان لوگوں کی عزت و احترام کرو) جو ان کے بعد آنے والے ہیں پھر (ان لوگوں کی) جو ان کے بعد آنے والے ہیں اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ایک روایت میں فرمایا: میرے صحابہ کرام سے اچھا سلوک کرنا۔''

٥١۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: لَا تَمُسُّ النَّارُ مُسْلِماً رَآنِي

---

الحديث رقم ٥٠: أخرجه ابن ماجة فى السنن، كتاب: الأحكام، باب: كراهية الشهادة لمن لم يستشهد، ٢/ ٧٩١، الرقم: ٢٣٦٣، والحاكم فى المستدرك، ١/ ١٩٨۔ ١٩٩، الرقم: ٣٨٨، ٣٩٠، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٦/ ٣٠٦، الرقم: ٦٤٨٣، و أحمد بن حنبل فى المسند، ١/ ١٨، الرقم: ١١٤، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧/ ٩١، الرقم: ١٣٢٩٩، و أبوالقاسم هبة الله فى إعتقاد أهل السنة، ١/ ١٠٦، الرقم: ١٥٥، والحسينى فى البيان والتعريف، ٢/ ٢١٩، الرقم: ١٥٤٦۔

الحديث رقم ٥١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء فى فضل من رأى النبى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و صحبه، ٥/ ٦٩٤، الرقم: ٣٨٥٨، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٧/ ٣٥٧، الرقم: ٩٨٣، و فى المعجم الأوسط، ١/ ٣٠٨، الرقم: ١٠٣٦ والهيثمى فى المجمع ←

أَوْ رَآى مَنْ رَآنِي. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس مسلمان کو جہنم کی آگ ہرگز نہیں چھوئے گی جس نے مجھے دیکھا یا مجھے دیکھنے والے (صحابی) کو دیکھا۔''

٥٢۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا لَهُ وَزِيْرَانِ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ وَ وَزِيْرَانِ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ، فَأَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ فَجِبْرِيْلُ وَمِيكَائِيْلُ، وَ أَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ فَأَبُوبَكْرٍ وَ عُمَرُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَالْحَاكِمُ وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کے لئے دو وزیر آسمان والوں میں سے اور دو وزیر زمین والوں میں سے ہوتے ہیں۔ سو آسمان والوں میں سے میرے دو وزیر، جبرائیل و میکائیل علیهما السلام ہیں اور

---

........ الزوائد، ١٠/ ٢١، والديلمى فى الفردوس بماثور الخطاب، ٥/ ١١٦، الرقم: ٧٦٥٩، و ابن أبى عاصم فى السنة، ٢/ ٦٣٠، الرقم: ١٤٨٤۔

الحديث رقم ٥٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى مناقب أبى بكر و عمر رضى الله عنهما كليهما، ٥/ ٦١٦، الرقم: ٣٦٨٠، و الحاكم فى المستدرك، ٢/ ٢٩٠، الرقم: ٣٠٤٧، و ابن الجعد فى المسند، ١/ ٢٩٨، الرقم: ٢٠٢٦، والديلمى فى الفردوس بماثور الخطاب، ٤/ ٣٨٢، الرقم: ٧١١١، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ١٠/ ١١٤۔

زمین والوں میں سے میرے دو وزیر ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔‘‘

٥٣۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَنْطَبٍ رضي الله عنه، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم رَآى أَبَابَكْرٍ وَ عُمَرَ فَقَالَ: هَذَانِ السَّمْعُ وَالْبَصَرُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

’’حضرت عبداللہ بن حنطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا تو ارشاد فرمایا: یہ دونوں (میرے لئے) کان اور آنکھ کی حیثیت رکھتے ہیں۔‘‘

٥٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم صَعِدَ أُحُدًا، وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ، فَرَجَفَ بِهِمْ، فَقَالَ: اثْبُتْ أُحُدُ! فَإِنَّمَا عَلَيْکَ

---

الحديث رقم ٥٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى مناقب أبى بكر و عمر رضى الله عنهما كليهما، ٥/٦١٣، الرقم: ٣٦٧١.

الحديث رقم ٥٤: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب قول النبى صلى الله عليه وآله وسلم: لو كنت متخذا خليلا، ٣/١٣٤٤، الرقم:٣٤٧٢، و فى باب: مناقب عثمان بن عفان أبي عمرو القرشى رضي الله عنه، ٣/١٣٤٤، الرقم: ٣٤٩٦، و فى مناقب عمر بن الخطاب أبي حفص القرشى العدوى رضي الله عنه، ٣/١٣٤٦، الرقم: ٣٤٨٣، و الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى مناقب عثمان بن عفان رضي الله عنه، ٥/٦٢٤، الرقم: ٣٦٩٧، و أبوداود فى السنن،كتاب: السنة، باب فى الخلفاء، ٤/٢١٢، الرقم: ٤٦٥١، و النسائي في السنن الكبرى، ٥/٤٣، الرقم: ٨١٣٥، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١١٢، الرقم: ١٢١٢٧، ٢٢٨٦٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٦/٣٣٨، الرقم: ٦٥٦٦، و ابن حبان فى الصحيح، ١٤/٤١٥، الرقم: ٦٤٩٢، و أبويعلى فى المسند، ٥/٢٨٩، الرقم: ٢٩١٠.

Marfat.com

نَبِيٌّ وَ صِدِّيْقٌ، وَشَهِيْدَانِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُحد پہاڑ پر تشریف لے گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم بھی تھے، اچانک پہاڑ اُن کے (آنے کی خوشی کے) باعث (جوشِ مسرت سے) جھومنے لگا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اُحد! ٹھہر جا تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔''

٥٥۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لِأَبِي بَكْرٍ وَ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: هَذَانِ سَيِّدَا كُهُوْلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ إِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ حَسَّنَهُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں ارشاد فرمایا: یہ دونوں انبیاء و مرسلین علیہم السلام کے علاوہ اولین و آخرین میں سے تمام عمر رسیدہ جنتیوں کے سردار ہیں۔''

---

الحديث رقم ٥٥: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم، باب: فی مناقب أبی بکر و عمر رضی الله عنهما کلیهما، ٥/٦١٠، الرقم: ٣٦٦٤-٣٦٦٥، و ابن ماجة فی السنن، المقدمة، باب: فی فضائل أصحاب رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم، ١/٣٦، الرقم: ٩٥-١٠٠، و ابن حبان فی الصحیح، ١٥/٣٣٠، الرقم: ٦٩٠٤، والبزار فی المسند، ٢/١٣٢، الرقم: ٤٩٠، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٢/٩١، الرقم: ١٣٤٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٨٠، الرقم: ٦٠٢، و أبویعلی فی المسند، ١/٤٠٥، الرقم: ٥٣٣، و ابن أبی عاصم فی السنة، ٢/٦١٧، الرقم: ١٤١٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٨٠، الرقم: ٦٠٢، والطبرانی فی المعجم الاوسط، ٧/٦٨، الرقم: ٦٨٧٣، والطبرانی فی المعجم الصغیر، ٢/١٧٣، الرقم: ٩٧٦۔

Marfat.com

٥٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم كَانَ عَلَى حِرَاءٍ هُوَ وَ أَبُوْبَكْرٍ وَ عُمَرُ وَ عُثْمَانُ وَ عَلِيٌّ وَ طَلْحَةُ وَ الزُّبَيْرُ فَتَحَرَّكَتِ الصَّخْرَةُ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اهْدَأْ، فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْصِدِّيْقٌ أَوْشَهِيْدٌ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حرا پہاڑ پر تشریف فرما تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم تھے اتنے میں پہاڑ نے حرکت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ٹھہر جا، کیونکہ تیرے اوپر نبی، صدیق اور شہید کے سوا کوئی نہیں ہے۔''

٥٧۔ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: إِنَّ اللهَ نَظَرَ فِي قُلُوْبِ الْعِبَادِ، فَوَجَدَ قَلْبَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، خَيْرَ قُلُوْبِ الْعِبَادِ، فَاصْطَفَاهُ لِنَفْسِهِ، فَابْتَعَثَهُ

---

الحديث رقم ٥٦: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل طلحة والزبير رضی اللہ عنہما، ٤/١٨٨٠، الرقم: ٢٤١٧، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: في مناقب عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، ٥/٦٢٤، الرقم: ٣٦٩٦، و ابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٤١، الرقم: ٦٩٨٣، و النسائي في السنن الكبرى، ٥/٥٩، الرقم: ٨٢٠٧، و أحمد بن حنبل في المسند، ٢/٤١٩، الرقم: ٩٤٢٠، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦٢١، الرقم: ١٤٤١۔

الحديث رقم ٥٧: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٣٧٩، الرقم: ٣٦٠٠، والبزار في المسند، ٥/٢١٢، الرقم: ١٨١٦،١٧٠٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٤/٥٨، الرقم: ٣٦٠٢، و في المعجم الكبير، ٩/١١٥،١١٢، الرقم: ٨٥٩٣،٨٥٨٢، والبيهقي في الإعتقاد، ١/٣٢٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/١٧٧، ٨/٢١٢۔

Marfat.com

اللهُ بِرِسَالَتِهِ، ثُمَّ نَظَرَ فِي قُلُوْبِ الْعِبَادِ بَعْدَ قَلْبِ مُحَمَّدٍ، فَوَجَدَ قُلُوْبَ أَصْحَابِهِ خَيْرَ قُلُوْبِ الْعِبَادِ، فَجَعَلَهُمْ وُزَرَاءَ نَبِيِّهِ، يُقَاتِلُوْنَ عَلَى دِيْنِهِ (وَ فِي رِوَايَةٍ: فَجَعَلَهُمْ أَنْصَارَ دِيْنِهِ) فَمَا رَأَى الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا، فَهُوَ عِنْدَ اللهِ حَسَنٌ، وَمَا رَأَوْا سَيِّئًا، فَهُوَ عِنْدَاللهِ سَيِّيءٌ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ.

وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: وَ رِجَالُهُ مُوَثَّقُوْنَ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام بندوں کے دلوں کی طرف نظر کی تو قلب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام لوگوں کے دلوں سے بہتر دل پایا تو اسے اپنے لئے چن لیا (اور خاص کر لیا) اور انہیں اپنی رسالت کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دل کو (صرف اپنے لئے) منتخب کرنے کے بعد دوبارہ قلوبِ انسانی کو دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام کے دلوں کو سب بندوں کے دلوں سے بہتر پایا انہیں اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وزیر بنا دیا وہ ان کے دین کے لئے جہاد کرتے ہیں (اور ایک روایت میں ہے کہ انہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کا مددگار بنا دیا) پس جس شے کو مسلمان اچھا جانیں تو وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک (بھی) اچھی اور جسے بُرا سمجھیں وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بُری ہے۔''

٥٨۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَهْمَا

الحديث رقم ٥٨: أخرجه البيهقى فى المدخل إلى السنن الكبرى، ١/ ١٦٢، الرقم: ١٥٢، و عبد بن حميد نحوه فى المسند، ١/ ٢٥٠، الرقم: ٧٨٣، و القضاعى فى مسند الشهاب، باب: مثل أصحابى مثل النجوم، ٢/ ٢٧٥، الرقم: ١٣٤٦، و الديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ٤/ ١٦٠، الرقم: ٦٤٩٧، و الذهبى فى ميزان الإعتدال، ٢/ ١٤٢: ٨/ ٧٣، و فى لسان الميزان، ٢/ ١١٨، ١٣٧، الرقم: ٥٩٤، ←

Marfat.com

أُوْتِيْتُمْ مِنْ كِتَابِ اللهِ فَالْعَمَلُ بِهِ لَا عُذْرَ لِأَحَدٍ فِي تَرْكِهِ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِي كِتَابِ اللهِ فَسُنَّةٌ مِنِّي مَاضِيَةً فَإِنْ لَمْ يَكُنْ سُنَّتِي فَمَا قَالَ أَصْحَابِي إِنَّ أَصْحَابِي بِمَنْزِلَةِ النُّجُوْمِ فِي السَّمَاءِ فَأَيُّمَا أَخَذْتُمْ بِهِ اهْتَدَيْتُمْ وَ اخْتِلَافُ أَصْحَابِي لَكُمْ رَحْمَةٌ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب بھی تمہیں کتاب اللہ کا حکم دیا جائے تو اس پر عمل لازم ہے، اس پر عمل نہ کرنے پر کسی کا عذر قابل قبول نہیں، اگر وہ (مسئلہ) کتاب اللہ میں نہ ہو تو میری سنت میں اسے تلاش کرو جو تم میں موجود ہو اور اگر میری سنت سے بھی نہ ہو تو (اس مسئلہ کا حل) میرے صحابہ کے اقوال کے مطابق (تلاش) کرو، فرمایا: میرے صحابہ کی مثال یوں ہے جیسے آسمان پر ستارے، ان میں سے جس کا دامن پکڑ لو گے ہدایت پا جاؤ گے اور میرے صحابہ کا اختلاف (بھی) تمہارے لئے رحمت ہے۔‘‘

٥٩۔ عَنْ نُسَيْرِ بْنِ ذُعْلُوْقٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ: لَا تَسُبُّوا

---

والخطيب بغدادى فى الكفاية فى علم الرواية، ١/٤٨، و السيوطى فيمفتاح الجنة، ١/٤٥، و العجلونى فى كشف الخفاء، ١/٦٦، ١٤٧، الرقم: ١٥٣-٣٨١، و قال: و رواه الدار قطني و ابن كثير فى تحفة الطالب، ١/٤٥١، الرقم: ٣٤١، و ابن الملقن فى خلاصة البدر المنير، ٢/٤٣١، الرقم: ٢٨٦٨ و فى شرح الزرقانى، ٢/٣٠٢، و ابن عبد البر فى التمهيد، ٤/٢٦٣، و العسقلانى فى فتح البارى، ٤/٥٧، و ابن قدامة فى المغنى، ٣/٢١٠٩، و آمدى فى الإحكام، ١/٢٩٠، و ابن حزم فى الإحكام، ٥/٦١۔

الحديث رقم ٥٩: أخرجه ابن ماجة فى السنن، المقدمة، باب: فضل أهل بدر، ١/٥٧، الرقم: ١٦٢، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/٤٠٥، الرقم: ٣٢٤١٥، و ابن أبى عاصم فى كتاب السنة، ٢/٤٨٤، الرقم: ١٠٠٦، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ١/٢٤، الرقم: ٥٩۔

Marfat.com

أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ ﷺ فَلَمُقَامُ أَحَدِهِمْ سَاعَةً، خَيْرٌ مِنْ عَمَلِ أَحَدِكُمْ عُمْرَهُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''نسیر بن ذعلوق روایت کرتے ہیں کہ حضرت (عبداللہ) بن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے: حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرام کو برا مت کہو، کیونکہ ان کا حضور نبی اکرم ﷺ کی صحبت میں گزرا ہوا ایک لمحہ تمہاری زندگی بھر کے (اعمال) سے بہتر ہے۔''

۶۰- عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ رضي الله عنه قَالَ: وَ عَظَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَوْمًا بَعْدَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ وَ وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ، فَقَالَ رَجُلٌ: إِنَّ هٰذِهِ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَاذَا تَعْهَدُ إِلَيْنَا يَارَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: أُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَإِنْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ، فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ يَرَى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا، وَإِيَّاكُمْ وَ مُحْدَثَاتِ الْأُمُوْرِ، فَإِنَّهَا ضَلَالَةٌ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ، فَعَلَيْهِ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ، عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ.

---

الحديث رقم ٦٠: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: العلم عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی الأخذ بالسنة و اجتناب البدع، ٥/٤٤، الرقم: ٢٦٧٦، و أبوداود فی السنن، كتاب: السنة، باب: فی لزوم السنة ٤/٢٠٠، الرقم: ٤٦٠٧، وابن ماجة فی السنن، المقدمة، باب: اتباع سنة الخلفاء الراشدين المهديين، ١/١٥، الرقم: ٤٢، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٤/١٢٦، وابن حبان فی الصحيح، ١/١٧٨، الرقم: ٥، والحاكم فی المستدرك، ١/١٧٤، الرقم: ٣٢٩، و قال: هذا حديث صحيح ليس له علة، و الطبرانی فی المعجم الكبير، ١٨/٢٤٦، الرقم: ٦١٨.

Marfat.com

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

''حضرت عرباض بن ساریہ ﷺ سے روایت ہے کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ نے فجر کی نماز کے بعد ہمیں نہایت فصیح و بلیغ وعظ فرمایا، جس سے آنکھوں میں آنسو جاری ہو گئے اور دل کانپنے لگے۔ ایک شخص نے کہا: یہ تو الوداع کرنے والے شخص کے وعظ جیسا (خطاب) ہے۔ یا رسول اللہ! آپ ہمیں کیا وصیت فرماتے ہیں؟ فرمایا: میں تمہیں پرہیزگاری اور سننے اور ماننے کی وصیت کرتا ہوں، خواہ تمہارا حاکم حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو۔ اس لیے کہ تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ بہت سے اختلاف دیکھے گا۔ خبردار (شریعت کے خلاف) نئی باتوں سے بچنا کیونکہ یہ گمراہی کا راستہ ہے۔ لہٰذا تم میں سے جو شخص یہ زمانہ پائے اسے چاہیے کہ میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء کی سنت اختیار کرے تم لوگ اسے (سنت کو) دانتوں سے مضبوطی سے پکڑ لینا۔''

٦١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ جَعَلَ الْحَقَّ (وَ فِي رِوَايَةٍ: وَضَعَ الْحَقَّ) عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ. وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: مَا نَزَلَ بِالنَّاسِ أَمْرٌ قَطُّ فَقَالُوْا فِيْهِ وَقَالَ فِيْهِ عُمَرُ أَوْ قَالَ ابْنُ

---

الحديث رقم ٦١: أخرجه الترمذى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عمر بن الخطاب ﷺ، ٥/ ٦١٧، الرقم: ٣٦٨٢، وأبو داود فى السنن، كتاب: الخراج والإمارة والفيء، باب: فى تدوين العطاء، ٣/ ١٣٨، الرقم: ٢٩٦١، ٢٩٦٢، وابن ماجة فى السنن، المقدمة، باب: فى فضائل أصحاب رسول الله ﷺ، ١/ ٤٠، الرقم: ١٠٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/ ٥٣، الرقم: ٥١٤٥، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/ ٣١٢، الرقم: ٦٨٨٩، والحاكم فى المستدرك، ٣/ ٩٣، الرقم: ٤٥٠١، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٦/ ٢٩٥، الرقم: ١٢٥٠٣.

Marfat.com

الخَطَّابِ فِيهِ، (شَکَّ خَارِجَةُ) إِلَّا نَزَلَ فِيهِ القُرآنُ عَلَى نَحْوِ مَا قَالَ عُمَرُ. رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وأَبُو دَاوُدَ.

وَقَالَ أَبُوعِيسَى: هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ، وَقَالَ الحَاكِمُ: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ.

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حق کو عمر کی زبان اور دل پر جاری کر دیا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب کبھی لوگوں کو کوئی مسئلہ درپیش ہوا اور لوگوں نے اس میں بات کی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اس مسئلہ پر کچھ کہا تو قرآن حکیم عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول کے موافق نازل ہوا۔''

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الإِمَامِ الْمَهْدِيِّ الْمُنْتَظَرِ عليه السلام

## ﴿ مناقبِ امام مہدی منتظر علیہ السلام کا بیان ﴾

٦٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيْكُمْ وَ إِمَامُكُمْ مِنْكُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کا اس وقت (خوشی سے) کیا حال ہوگا جب تم میں عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام (آسمان سے) اُتریں گے اور تمہارا امام تمہیں میں سے ہوگا۔''

٦٣۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ إِلَى

---

لحديث رقم ٦٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الأنبيا، باب: نُزُول عيسى بن مريم عليهما السلام، ٣/ ١٢٧٢، الرقم: ٣٢٦٥، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: نزول عيسى بن مريم حاكما بشريعة نبيّنا محمد صلى الله عليه وآله وسلم ١/ ١٣٦، الرقم: ١٥٥، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/ ٢١٣، الرقم: ٦٨٠٢، و العسقلانى فى فتح البارى، ٦/ ٤٩٣۔

الحديث رقم ٦٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: نزول عيسى بن مريم حاكماً بشريعة تبينا محمد صلى الله عليه وآله وسلم، ١/ ١٣٧، الرقم: ١٥٦، و ابن حبان فى الصحيح، ١٥/ ٢٣١، الرقم: ٦٨١٩، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/ ٣٤٥، الرقم: ١٤٧٦٢۔١٥١٦٧، وابن جارود فى المنتقى من السنن المسندة، ١/ ٢٥٧، الرقم: ١٠٣١، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٩/ ١٨٠، وابو عوانه فى المسند، ١/ ٩٩، الرقم: ٣١٧، و ابن مندة فى الإيمان، ١/ ٥١٧، الرقم: ٥١٨، الرقم: ٤١٨، و العظيم آبادى فى عون المعبود، ١١/ ٣٠٩، و المناوى فى فيض القدير، ٦/ ٣٩٥۔

Marfat.com

يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ فَيَقُوْلُ أَمِيْرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ لَنَا. فَيَقُوْلُ لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ أُمَرَاءُ تَكْرِمَةَ اللهِ هَذِهِ الْأُمَّةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: میری امت میں سے ایک جماعت قیام حق کے لیے کامیاب جنگ قیامت تک کرتی رہے گی حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ان مبارک کلمات کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آخر میں عیسیٰ ابن مریم آسمان سے اتریں گے تو مسلمانوں کا امیر ان سے عرض کرے گا: تشریف لائیں ہمیں نماز پڑھائیں اس کے جواب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: (اس وقت) میں امامت نہیں کراؤں گا۔ تم ایک دوسرے پر امیر ہو (یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس وقت امامت سے انکار فرما دیں گے) اس فضیلت و بزرگی کی بناء پر جو اللہ تعالیٰ نے اس امت کو عطا کی ہے۔''

٦٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: يَلِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ إِسْمِي قَالَ عَاصِمٌ وَ حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ لَطَوَّلَ اللهُ ذَالِكَ الْيَوْمَ حَتَّى يَلِيَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

---

الحديث رقم ٦٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء في المهدي، ٤/ ٥٠٥، الرقم: ٢٢٣١، و أبو داود فى السنن، كتاب: المهدى، ٤/ ٣٣٦، الرقم: ٤٢٨٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/ ٣٧٦، الرقم: ٣٥٧١، و الطبرانى فى المعجم الكبير، ١٠/ ١٣٣، الرقم: ١٠٢١٥، والمقرئ فى السنن الواردة فى الفتن، ٥/ ١٠٤، الرقم: ٥٦٢، و الهيثمى فى موارد الظمآن، ١/ ٤٦٤، الرقم: ١٨٧٧.

Marfat.com

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے اہلِ بیت سے ایک شخص خلیفہ ہوگا جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت میں ہے کہ اگر دنیا کا ایک ہی دن باقی رہ جائے تو اللہ تعالیٰ اسی ایک دن کو اتنا دراز فرما دے گا کہ وہ شخص (یعنی مہدی علیہ السلام) خلیفہ ہو جائے۔''

٦٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتَّى يَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ إِسْمِي.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ أَبُوْدَاوُدَ وَ أَحْمَدُ.

وَ قَالَ أَبُو عِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی جب تک کہ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص عرب کا بادشاہ ہو جائے جس کا نام میرے نام کے مطابق (یعنی محمد) ہوگا۔''

٦٦۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الْمَهْدِيُّ

---

الحديث رقم ٦٥: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الفتن، باب: ماجاء في المهدي، ٤/٥٠٥، الرقم:٢٢٣٠ و بزار فی المسند، ٥/٢٠٤، الرقم: ١٨٠٣ و الحاکم، فی المستدرک، ٤/٤٨٨، الرقم:٨٣٦٤، و أبوداود فی السنن، کتاب: المهدي، ٤/١٠٦، الرقم: ٤٢٨٢، والبزار فی المسند، ٥/٢٠٤، الرقم: ١٨٠٤، و احمد بن حنبل فی المسند، ١/٤٤٨، الرقم: ٤٢٧٩، و الطبرانی فی المعجم الکبير، ١٠/٤٣٥، الرقم: ١٠٢٢٣، الشاشی فی المسند، ٢/١١٠، الرقم: ٢٣٥۔

الحديث رقم ٦٦: أخرجه أبوداود فی السنن، کتاب: المهدي، ٤/١٠٧، الرقم: ٤٢٨، والحاکم فی المستدرک، ٤/٥١٢، الرقم: ٨٤٣٨، و الطبرانی المعجم الأوسط، ٩/١٧٦، الرقم: ٩٤٦٠، والهيثمی فی موارد الظمآن، ١/٤٦٤، الرقم: ١٨٧٩۔

Marfat.com

مِنِّي، أَجْلَى الْجَبْهَةِ، أَقْنَى الْأَنْفِ: يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَ عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَ جَوْرًا، وَ يَمْلِكُ سَبْعَ سِنِيْنَ. رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہدی مجھ سے ہوں گے (یعنی میری نسل سے ہوں گے) ان کا چہرہ خوب نورانی، چمک دار اور ناک ستواں و بلند ہوگی۔ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے، جس طرح پہلے وہ ظلم و جور سے بھری ہوگی۔ (مطلب یہ ہے کہ امام مہدی کی خلافت سے پہلے دنیا میں ظلم و زیادتی کی حکمرانی ہوگی اور عدل و انصاف کا نام و نشان تک نہ ہوگا اور وہ سات سال تک بادشاہت (خلافت) کریں گے۔''

٦٧۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: الْمَهْدِيُّ مِنَّا أَهْلَ الْبَيْتِ يُصْلِحُهُ اللهُ تَعَالَى فِي لَيْلَةٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (امام) مہدی میرے اہلِ بیت سے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں ایک ہی رات میں صالح بنا دے گا (یعنی اپنی توفیق و ہدایت سے ایک ہی شب میں ولایت کے اس بلند مقام پر پہنچا دے گا جو ان کے لئے مطلوب ہوگا)۔''

٦٨۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ:

---

الحديث رقم ٦٧: أخرجه ابن ماجة في السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدي، ٢/١٣٦٧، الرقم: ٤٠٨٥، و أحمد بن حنبل في المسند، ١/٨٤، الرقم: ٦٤٥، و أبو يعلى في المسند، ١/٣٥٩، الرقم: ٤٦٥، و إبن أبي شيبه في المصنف، ٧/٥١٣، الرقم: ٣٧٦٤٤.

الحديث رقم ٦٨: أخرجه أبو داود في السنن، كتاب: المهدى، ٤/١٠٧، الرقم: ٤٢٨٤، و المقرىء في السنن الواردة في الفتن، ٥/١٠٥٧، الرقم: ٥٧٥، و العظيم آبادى في عون المعبود، ١١/٢٥١، و المناوى في فيض القدير، ٦/٢٧٧.

Marfat.com

الْمَهْدِيُّ مِنْ عِتْرَتِي مِنْ وَلَدِ فَاطِمَةَ. رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ.

''ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مہدی میری نسل اور فاطمہ (رضی اللہ عنہا) کی اولاد سے ہو گا۔''

٦٩۔ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رضي الله عنه: وَ نَظَرَ إِلَى ابْنِهِ الْحَسَنِ فَقَالَ: إِنَّ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ كَمَا سَمَّاهُ النَّبِيُّ ﷺ، وَ سَيَخْرُجُ مِنْ صُلْبِهِ رَجُلٌ يُسَمَّى بِإِسْمِ نَبِيِّكُمْ ﷺ يُشْبِهُهُ فِي الْخُلُقِ وَ لَا يُشْبِهُهُ فِي الْخَلْقِ ثُمَّ ذَكَرَ قِصَّةَ يَمْلَأُ الْأَرْضَ عَدْلًا. رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ.

''ابو اسحاق روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر فرمایا: بیشک میرا یہ بیٹا سردار ہو گا جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام رکھا ہے اور عنقریب اس کی نسل سے ایک ایسا شخص پیدا ہو گا اور اس کا نام تمہارے نبی کے نام پر ہو گا وہ صورت میں مشابہ نہ ہو گا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قصہ بیان فرمایا کہ وہ زمین کو عدل سے بھر دے گا۔''

٧٠۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ

---

الحديث رقم ٦٩: أخرجه ابو داود فی السنن، كتاب: المهدی، ٤ / ١٠٨، الرقم: ٤٢٩٠، و العظيم آبادى فی عون المعبود، ١١ / ٢٥٧، و المباركفورى فی تحفة الأحوذى، ٦ / ٤٠٣، و السيوطى فی شرح سنن ابن ماجة، ١ / ٣٠٠، الرقم: ٤٠٨٥.

الحديث رقم ٧٠: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: الناس تبع لقريش والخلافة من قريش، ٣ / ١٤٥٣، الرقم: ١٨٢١، و ابن حبان فی الصحيح، ١٥ / ٤٤، الرقم: ٦٦٦٢، و أبو عوانة فی المسند، ٤ / ٣٧٠، الرقم: ٦٩٨٢، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ١٠٦، الرقم: ٢١٠٥٨، و الطبرانى فی المعجم الكبير، ٢ / ١٩٥، الرقم: ←

Marfat.com

الإِسْلَامُ عَزِيْزًا إِلَى اثْنَي عَشَرَ خَلِيْفَةً ثُمَّ قَالَ: كَلِمَةً لَمْ أَفْهَمْهَا. فَقُلْتُ لِأَبِي: مَا قَالَ؟ فَقَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بارہ خلیفہ ہونے تک اسلام غالب رہے گا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک بات فرمائی جسے میں نہیں سمجھ سکا۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟ انہوں نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ (تمام خلفاء) قریش سے ہوں گے۔''

۷۱۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُمْلَأَ الْأَرْضُ ظُلْمًا وَ جَوْرًا وَ عُدْوَانًا ثُمَّ يَخْرُجُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي مَنْ يَمْلَأُهَا قِسْطًا وَ عَدْلًا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ

وَ قَالَ: صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِهِمَا وَ وَافَقَهُ الذَّهَبِيُّ.

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہو گی جب تک کہ زمین ظلم و جور اور سرکشی سے بھر نہ جائے، بعد ازاں میرے اہلِ بیت سے ایک شخص (مہدی) پیدا ہو گا جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔ (مطلب یہ ہے کہ خلیفہ مہدی کے ظہور سے پہلے قیامت نہیں آئے گی)۔''

۷۲۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ:

---

........ ۱۷۹۲، و الشيباني فی الآحاد و المثاني، ۳/۱۲۶، الرقم: ۱۴۴۸، و العسقلاني فی فتح الباري، ۱۳/۲۱۱۔

الحديث رقم ۷۱: أخرجه الحاكم فی المستدرك، ۴/۶۰۰، الرقم: ۸۶۶۹، و هيثمي فی موارد الظمآن، ۱/۴۶۴، الرقم: ۱۸۸۰۔

الحديث رقم ۷۲: أخرجه ابن ماجة فی السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدي، ۲/۱۳۶۸، الرقم: ۴۰۸۷۔

Marfat.com

نَحْنُ وَلَدُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، سَادَةُ أَهْلِ الْجَنَّةِ: أَنَا وَ حَمْزَةُ وَ عَلِيٌّ وَ جَعْفَرٌ وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ وَ الْمَهْدِيُّ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خود فرماتے ہوئے سنا ہے: ہم عبدالمطلب کی اولاد اہلِ جنت کے سردار ہوں گے؛ یعنی میں، حمزہ، علی، جعفر، حسن، حسین اور مہدی۔''

٧٣۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: يُبَايَعُ رَجُلٌ مِنْ أُمَّتِي بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ كَعِدَّةِ أَهْلِ بَدْرٍ، فَيَأْتِيْهِ عَصَبُ الْعِرَاقِ وَ أَبْدَالُ الشَّامِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے ایک شخص (مہدی) کی رکنِ حجر اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان اہلِ بدر کی تعداد (۳۱۳ افراد) کی مثل بیعت کی جائے گی۔ بعدازاں اس امام کے پاس عراق کے اولیاء اور شام کے ابدال (بیعت کے لئے) آئیں گے۔''

---

الحديث رقم ٧٣: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٤ / ٤٧٨، الرقم: ٨٣٢٨، و ابن أبي شيبة فى المصنف، ٧ / ٤٦٠، الرقم: ٣٧٢٢٣.

Marfat.com

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْأَئِمَّةِ الْفُقَهَاءِ الْمُجْتَهِدِيْنَ رضي الله عنهم

## ﴿ائمہ فقہاءِ مجتہدین رضي الله عنهم کے مناقب کا بیان﴾

٧٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم فَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ: ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾. [الجمعة : ٣] قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هُمْ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ فَلَمْ يُرَاجِعْهُ حَتَّى سَأَلَ ثَلَاثًا، وَفِيْنَا سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ، وَضَعَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَدَهُ عَلَى سَلْمَانَ، ثُمَّ قَالَ: لَوْكَانَ الْإِيْمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا، لَنَالَهُ رِجَالٌ، أَوْ رَجُلٌ، مِنْ هَؤُلَاءِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

---

الحديث رقم ٧٤: أخرجه البخارى فى الصحيح، ١٦/٢٩٨، كتاب: التفسير/الجمعة، باب: قوله: وآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ: ٤/١٨٥٨، الرقم: ٤٦١٥، و مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل فارس، ٤/١٩٧٢، الرقم: ٢٥٤٦، و الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فِي فضل العجم، ٥/٧٢٥، الرقم: ٣٩٤٢، و فى كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: وَمِنْ سُوْرَةِ محمد صلى الله عليه وآله وسلم، ٥/٣٨٤، الرقم: ٣٢٦٠۔ ٣٢٦١، وفى باب: ومِنْ سُوْرَةِ الْجُمَعَةِ، ٥/٤١٣، الرقم: ٣٣١٠، و ابن حبان فى الصحيح، ١٦/٢٩٨، الرقم: ٧٣٠٨، و الديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ٤/٣٦٧، الرقم: ٧٠٦٠، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٦/٦٤، والعسقلانى فى فتح البارى، ٨/٦٤٢، الرقم: ٤٦١٥، والحسينى فى البيان والتعريف، ٢/١٧٠، الرقم: ١٣٩٩، و ابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٤/٣٦٤، الرقم: ٤٧٩٧، والطبرانى فى جامع البيان، ٢٨/٩٦، والقرطبى فى الجامع لأحكام القرآن، ١٨/٩٣۔

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سورہ جمعہ (کی یہ آیت) نازل ہوئی ''اور ان میں سے دوسرے جو ابھی تک اِن اگلوں سے نہیں ملے'' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ کون حضرات ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب ارشاد نہ فرمایا تو میں نے تین مرتبہ دریافت کیا اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بھی ہمارے درمیان موجود تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دستِ اقدس حضرت سلمان رضی اللہ عنہ (کے کندھوں) پر رکھ کر فرمایا: اگر ایمان ثریا (آسمان دنیا میں سب سے اونچے مقام) کے قریب بھی ہوا تو ان (فارسیوں) میں سے کچھ لوگ یا ایک آدمی (راوی کو شک ہے) اسے وہاں سے بھی حاصل کر لے گا۔''

٧٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَوْ كَانَ الدِّيْنُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَذَهَبَ بِهِ رَجُلٌ مِنْ فَارِسَ أَوْ قَالَ: مِنْ أَبْنَاءِ فَارِسَ، حَتَّى يَتَنَاوَلَهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر دین ثریا پر بھی ہوتا تب بھی فارس کا ایک شخص اسے حاصل کر لیتا یا فرمایا: فارس (والوں) کی اولاد میں سے ایک شخص اسے حاصل کر لیتا۔''

---

الحديث رقم ٧٥: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل فارس، ٤/ ١٩٧٢، الرقم: ٢٥٤٦، والهيثمی فی مجمع الزوائد، باب: ما جاء فی ناس من أبناء فارس، ١٠/ ٦٤، والمقرئ في السنن الواردة فی الفتن، ٣/ ٧٤٤، الرقم: ٣٦٦، والعجلونی فی كشف الخفاء ٢/ ٤٦٣، الرقم: ٢٩٦٣، و ابن عساكر فی تاريخ دمشق الكبير، ٢٣/ ٢١٨، والحسينی فی البيان والتعريف، ٢/ ١٧٠، الرقم: ١٣٩٩، والمناوی فی فيض القدير، ٥/ ٣٢٢، والقرطبی فی الجامع لأحكام القرآن، ١٨/ ٩٣۔

Marfat.com

٧٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَوْ كَانَ الدِّيْنُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَذَهَبَ رَجُلٌ مِنْ فَارِسَ أَوْ أَبْنَاءِ فَارِسَ حَتَّى يَتَنَاوَلَهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر دین ثریا پر بھی ہوتا تب بھی فارس کا ایک شخص اسے حاصل کرلیتا یا فارس (والوں) کی اولاد میں سے ایک شخص اسے حاصل کرلیتا۔''

٧٧۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَوْ كَانَ الدِّيْنُ مُعَلَّقاً بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ نَاسٌ مِنْ أَبْنَاءِ فَارِسَ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر دین ثریا کے ساتھ بھی معلق ہوا تو اہلِ فارس میں سے ایک شخص اسے ضرور پا لے گا۔''

---

الحديث رقم ٧٦: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣٠٨، الرقم: ٨٠٦٧.

الحديث رقم ٧٧: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ١٠/٢٠٤، الرقم: ١٠٤٧٠، و ابن أبى شيبة فى المصنف، باب: ماجاء فى العجم، ٦/٤١٥، الرقم: ٣٢٥١٥۔ ٣٢٥١٦، و الديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ٣/٣٦٠، الرقم: ٥٠٨٤، و ابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٢٣/٢١٨، و الواسطى فى تاريخ واسط، ١/٢٢٠، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ١٠/٣١٢، الرقم: ٥٤٦٠، وابن قانع فى معجم الصحابة، ٣/١٢٩، الرقم: ١١٠٢، والعسقلانى فى الإصابة، ٦/٢١٣، الرقم: ٨٢١٧، و الهيثمى فى مجمع الزوائد، باب: ماجاء فى ناس من أبناء فارس، ١٠/٦٥، والخطيب فى تالي تلخيص المتشابه، ١/٢٠٩، الرقم: ١٠٨.

٧٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷛ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، لَوْكَانَ الْعِلْمُ بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ (أَبْنَاءِ) فَارِسَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَالْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُمْ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷛ سے مروی ہے کہ اگر علم ثریا کے ساتھ بھی معلق ہوا تو اہلِ فارس میں سے کچھ لوگ اسے ضرور پالیں گے۔''

٧٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷛ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، أَفْلَحَ مَنْ كَفَّ يَدَهُ، تَقَرَّبُوْا يَا بَنِي فَرُّوْخَ إِلَى اللهِ، فَإِنَّ الْعَرَبَ قَدْ أَعْرَضَتْ، وَوَاللهِ! إِنَّ مِنْكُمْ لَرِجَالاً لَوْكَانَ الْعِلْمُ بِالثُّرَيَّا لَنَالُوْهُ.

رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷛ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بربادی ہے عربوں کے لئے اس شر سے جو عنقریب آنے والا ہے۔ وہ فلاح پا گیا جس نے اس

---

الحديث رقم ٧٨: أخرجه أحمد بن حنبل، ٢/ ٤٢٠، الرقم: ٩٤٣٠، ٧٩٣٧، ٩٤٥٤، ١٠٠٥٩، والبزار فى المسند، ٩/ ١٩٥، الرقم: ٣٧٤١، وابن حبان فى الصحيح، باب: ذكر ﷺ لأهل الفارس بقول الإيمان والحق، ١٦/ ٢٩٩، الرقم: ٧٣٠٩، والهيثمى فى موارد الظمآن، باب: فى ناس من أبناء فارس، ١/ ٥٧٤، الرقم: ٢٣٠٩، وفى مجمع الزوائد، باب: ماجاء فى ناس من أبناء فارس، ١٠/ ٦٤، والحارث فى مسند زوائد الهيثمى، ٢/ ٩٤٣، والقيسرانى فى تذكرة الحفاظ، ٣/ ٩٧٢، الرقم: ٩١٢، والذهبى فى سير اعلام النبلاء، ١٠/ ٢١٠، و ابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٥١/ ١٤٠.

الحديث رقم ٧٩: أخرجه الطحاوى فى مشكل الآثار، ٣/ ٩٤.

Marfat.com

سے اپنا ہاتھ روک لیا۔ اے بنی فروخ! اللہ تعالی کا قرب حاصل کرو، یقیناً عربوں نے اس سے ترکِ تعلق کرلیا اور اللہ کی قسم! یقیناً تم میں سے ضرور ایسے لوگ بھی ہوں گے کہ اگر علم ثریا پر بھی ہوا تو وہ اسے ضرور پالیں گے۔‘‘

٨٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، قَالَ: اقْتَرِبُوْا يَا بَنِي فَرُّوْخَ إِلَى الذِّكْرِ، وَاللهِ! إِنَّ مِنْكُمْ لَرِجَالًا لَوْ أَنَّ الْعِلْمَ كَانَ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلُوْهُ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بنی فروخ! (اللہ تعالیٰ کے) ذکر کے قریب ہو جاؤ۔ اللہ رب العزت کی قسم! یقیناً تم میں سے ایسے لوگ ہوں گے اگر علم ثریا کے ساتھ بھی معلق ہوا تو وہ ضرور اسے پالیں گے۔‘‘

٨١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: ادْنُوْا يَا مَعْشَرَ الْمَوَالِيِّ إِلَى الذِّكْرِ، فَإِنَّ الْعَرَبَ قَدْ أَعْرَضَتْ، وَ إِنَّ الإِيْمَانَ لَوْ كَانَ مُعَلَّقًا بِالْعَرْشِ كَانَ مِنْكُمْ مَنْ يَطْلُبُهُ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ فِي تَارِيْخِهِ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے گروہ موالی ذکر کے قریب ہو جاؤ یقیناً عربوں نے اس سے منہ موڑ لیا۔ اور یقیناً اگر ایمان عرش کے ساتھ بھی معلق ہوا تب بھی تم میں سے ایک شخص اسے ضرور پالے گا۔‘‘

٨٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ رِوَايَةً: يُوْشِكُ أَنْ يَضْرِبَ النَّاسُ (الرَّجُلُ)

---

الحديث رقم ٨٠: أخرجه البيهقی فی شعب الإيمان، ٤/٣٤٢، الرقم: ٥٣٣٠.

الحديث رقم ٨١: أخرجه أبو نعيم فی تاريخ أصبهان، ١/٦.

الحديث رقم ٨٢: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: العلم عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: باب: ماجاء فی عالم المدينة، ٥/٥٧، الرقم: ٢٦٨٠، ←

أَكْبَادَ الإِبِلِ يَطْلُبُوْنَ الْعِلْمِ. وَفِي رِوَايَةٍ: يَخْرُجُ النَّاسُ مِنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، فَلاَ يَجِدُوْنَ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَ قَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ. وَقَالَ أَبُوعِيْسَى، هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب لوگ طلب علم میں اونٹوں کی سینہ کوبی کریں گے ( تیزی سے سفر کریں گے ) اور ایک راویت میں ہے کہ مشرق و مغرب سے لوگ علم کی تلاش میں نکل کھڑے ہوں گے لیکن وہ عالم مدینہ سے زیادہ صاحب علم کسی کو نہیں پائیں گے۔''

٨٣۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لاَ تَسُبُّوا قُرَيْشًا، فَإِنَّ عَالِمَهَا يَمْلأُ طِبَاقَ الأَرْضِ عِلْماً وَفِي رِوَايَةٍ: اللّٰهُمَّ اهْدِ قُرَيْشًا.

---

والنسائى فى السنن الكبرى، باب: عالم المدينة، ٢/٤٨٩، الرقم: ٤٢٩١، والحاكم فى المستدرك، ١/١٦٨، الرقم: ٢٣٠٨، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١/٣٨٥، الرقم: ١٦٨١، وأبو المحاسن فى معتصر المختصر، ٢/٣٣٩، والحميدى فى المسند، ٢/٤٨٥، الرقم: ١١٤٧، والخطيب فى تاريخ بغداد، ٥/٣٠٦، الحديث، ١/١٩٥، الرقم: ٩٠، و الهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/١٣٤، وابن عبدالبر فى التمهيد، ١/٨٤، والذهبى فى سير اعلام النبلاء، ٨/٥٥، والعسقلانى فى تهذيب التهذيب، ١٠/٧، والمزى فى تهذيب الكمال، ٢٧/١١٧.

الحديث رقم ٨٣: أخرجه أبوداود الطيالسى فى المسند، ١/٣٩، الرقم: ٣٠٩، وابن أبى عاصم فى السنة، ٢/٦٣٧، الرقم: ١٥٢٣، والخطيب فى تاريخ بغداد، ٢/٦١، وأبو نعيم فى حلية الأولياء، ٦/٢٩٥، ٩/٦٥، والديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ٥/١٢، الرقم: ٧٢٩٥، والبيهقى فى بيان من أخطا على الشافعى، ١/٩٤، و ←

Marfat.com

رَوَاهُ الطَّيَالِسِيُّ وَ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَ الْخَطِيْبُ.

''حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قریش کو گالی مت دو بیشک اہلِ قریش کا عالم تمام دنیا کو علم سے بھر دے گا۔'' ایک روایت میں ''اے اللہ! قریش کو ہدایت دے'' کے الفاظ آتے ہیں۔''

---

......العسقلانی فی تهذيب التهذيب، ٩/٢٤، والمزی فی تهذيب الكمال، ٢٤/٣٦٤، يحيی بن شرف فی تهذيب الأسماء، ١/٧٣، والعجلونی فی كشف الخفاء، ٢/٦٨، الرقم: ١٧٠١، والمناوی فی فيض القدير، ٢/١٠٥، والشاشی فی المسند، ٢/١٦٩، الرقم: ٧٢٨، وذهبی فی ميزان الإعتدال، ٧/٢٧، وفی لسان الميزان، ٦/١٥٩، الرقم: ٥٦٦.

Marfat.com

# ٦. فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ رضی اللہ عنہم

## ﴿ اولیاء و صالحین رضی اللہ عنہم کے مناقب کا بیان ﴾

٨٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللهُ الْعَبْدَ نَادَى جِبْرِيْلَ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَاناً، فَأَحْبِبْهُ، فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ، فَيُنَادِي جِبْرِيْلُ فِي أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَاناً، فَأَحِبُّوْهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِي الْأَرْضِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام کو آواز دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت رکھتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو۔ پس حضرت جبرئیل علیہ السلام اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آسمانی مخلوق میں ندا دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو۔ پس آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں اس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔''

---

الحديث رقم ٨٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ذكر الملائكة، ٣/ ١١٧٥، الرقم: ٣٠٣٧، وفی كتاب: الأدب، باب: المِقَةِ مِن الله تعالى، ٥/ ٢٢٤٦، الرقم: ٥٦٩٣، و فی كتاب: التوحيد، باب: كلام الرب مع جبريل ونداء الله الملائكة، ٦/ ٢٧٢١، الرقم: ٧٠٤٧، و مسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: إذا أحب الله عبدا حببه إلى عباده، ٤/ ٢٠٣٠، الرقم: ٢٦٣٧، ومالك فی الموطأ، ٢/ ٩٥٣، الرقم: ١٧١٠۔

Marfat.com

٨٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ قَالَ: مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا، فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِشَيءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ، وَمَا يَزَالُ عَبْدِي، يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ: كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ، وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا، وَرِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا، وإِنْ سَأَلَنِي، لَأُعْطِيَنَّهُ، وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِي، لَأُعِيذَنَّهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ، يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو میرے کسی ولی سے دشمنی رکھے میں اُس سے اعلانِ جنگ کرتا ہوں اور میرا بندہ ایسی کسی چیز کے ذریعے میرا قرب نہیں پاتا جو مجھے فرائض سے زیادہ محبوب ہو اور میرا بندہ برابر نفلی عبادات کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں اسے ضرور عطا کرتا ہوں اور اگر وہ میری پناہ مانگتا ہے تو میں ضرور اسے پناہ دیتا ہوں۔ میں نے جو کام کرنا ہوتا ہے اس میں کبھی اس طرح

---

الحديث رقم ٨٥: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: التواضع، ٥/٢٣٨٤، الرقم: ٦١٣٧، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٥٨، الرقم: ٣٤٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١٠/٢١٩، باب (٦٠)، و فى كتاب الزهد الكبير، ٢/٢٦٩، الرقم: ٦٩٦۔

Marfat.com

متردد نہیں ہوتا جیسے بندۂ مومن کی جان لینے میں ہوتا ہوں۔ اسے موت پسند نہیں اور مجھے اس کی تکلیف پسند نہیں۔"

٨٦۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللهِ لَأُنَاسًا مَا هُمْ بِأَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَغْبِطُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِمَكَانِهِمْ مِنَ اللهِ. قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللهِ! تُخْبِرُنَا مَنْ هُمْ؟ قَالَ: هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوحِ اللهِ عَلَى غَيْرِ أَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ، وَلَا أَمْوَالٍ يَتَعَاطُوْنَهَا، فَوَاللهِ إِنَّ وُجُوهَهُمْ لَنُوْرٌ وَ إِنَّهُمْ لَعَلَى نُوْرٍ، لَا يَخَافُوْنَ إِذَا خَافَ النَّاسُ، وَلَا يَحْزَنُوْنَ إِذَا حَزِنَ النَّاسُ، وَ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: ﴿أَلاَ إِنَّ أَوْلِيَآءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾. [يونس: ٦٢]، رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ.

"حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے برگزیدہ بندے ہیں جو نہ انبیاء کرام ہیں نہ شہداء، قیامت کے دن انبیاء کرام علیہم السلام اور شہداء ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ مقام دیکھ کر اُن پر رشک کریں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ ہمیں ان کے بارے میں بتائیں کہ وہ کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ایسے لوگ ہیں جن کی باہمی محبت صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر ہوتی ہے نہ کہ رشتہ داری اور مالی لین دین کی وجہ سے۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! ان کے چہرے نور ہوں گے اور وہ نور پر ہوں گے، انہیں کوئی خوف نہیں ہوگا جب لوگ خوفزدہ ہوں گے، انہیں کوئی غم نہیں ہوگا جب لوگ غم زدہ ہوں گے پھر

---

الحديث رقم ٨٦: أخرجه أبو داود في السنن، كتاب: البيوع، باب: في الرهن، ٣: ٢٨٨، الرقم: ٣٥٢٧، والنسائي في السنن الكبرى، سورة يونس، ٦/٣٦٢، الرقم: ١١٢٣٦، والبيهقي في شعب الايمان، ٦/٤٨٦، الرقم: ٨٩٩٨.

آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿خبردار! بیشک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ وغمگین ہوں گے﴾۔‘‘

۸۷۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللهِ عِبَادًا لَيْسُوْا بِأَنْبِيَاءَ، يَغْبِطُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ. قِيْلَ: مَنْ هُمْ لَعَلَّنَا نُحِبُّهُمْ؟ قَالَ: هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللهِ مِنْ غَيْرِ أَرْحَامٍ وَلَا إِنْتِسَابٍ، وُجُوْهُهُمْ نُوْرٌ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ، لَا يَخَافُوْنَ إِذَا خَافَ النَّاسُ، وَلَا يَحْزَنُوْنَ إِذَا حَزِنَ النَّاسُ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾ [يونس: ٦٢]. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَ أَبُو يَعْلَى وَ الْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء نہیں لیکن انبیاء کرام اور شہداء ان پر رشک کریں گے۔ عرض کیا گیا: وہ کون لوگ ہیں؟ تاکہ ہم ان سے محبت کریں۔ فرمایا: وہ ایسے بندے ہیں جو آپس میں بغیر کسی قرابت داری اور واسطہ کے محض اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرتے ہیں، ان کے چہرے پرنور ہوں گے اور وہ نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے، انہیں کوئی خوف نہیں ہوگا جب لوگ خوفزدہ ہوں گے اور انہیں کوئی غم نہیں ہوگا جب لوگ غمزدہ ہوں گے پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ’’خبردار! بیشک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ وغمگین ہوں گے۔‘‘

---

الحديث رقم ۸۷: أخرجه ابن حبان فی الصحيح، ۲/ ۳۳۲، الرقم: ۵۷۳، و أبو يعلی فی المسند، ۱۰/ ۴۹۵، الرقم: ۶۱۱۰، والبيهقی فی شعب الإيمان، ۶/ ۴۸۵، الرقم: ۸۹۹۷، ۸۹۹۹، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۴/ ۱۲، الرقم: ۴۵۸۰، والهيثمی فی موارد الظمآن، ۱/ ۶۲۱، الرقم: ۲۵۰۸.

Marfat.com

٨٨۔ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ رَضِيَ اللهُ عَنهَا: قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: أَلاَ أُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ؟ قَالُوْا: بَلَى، يَارَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: خِيَارُكُمُ الَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا، ذُكِرَ اللهُ ﷻ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَ أَحْمَدُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الأَدَبِ.

''حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کیا میں تمہیں تم میں سے سب سے بہتر لوگوں کے بارے میں خبر نہ دوں؟ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہتر لوگ وہ ہیں کہ جب انہیں دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ یاد آ جائے۔''

٨٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنْ أَوْلِيَاءِ اللهِ؟ فَقَالَ: الَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ ﷻ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ.

وَ قَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَ وَثَّقَهُ.

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے

---

الحديث رقم ٨٨: أخرجه ابن ماجة فى السنن، كتاب: الذهد، باب: من لا يؤبه له، ٢/١٣٧٩، الرقم: ٤١١٩، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٤٥٩، الرقم: ٢٧٦٤٠، والبخارى فى الأدب المفرد، ١/١١٩، الرقم: ٣٢٣، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ٤/٢١٥، الرقم: ١٤٦٥، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٤/١٦٧، الرقم: ٤٢٣۔

الحديث رقم ٨٩: أخرجه النسائى فى السنن الكبرى، سورة يونس، ٦/٣٦٢، الرقم: ١١٢٣٥، وابن المبارك فى كتاب الزهد، ١/٧٢، الرقم: ٢١٧، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ١٠/١٠٨، الرقم: ١٠٥، و الحكيم الترمذى فى نوادر الأصول فى أحاديث الرسول ﷺ، ٢/٣٩، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٧٨۔

اولیاء اللہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ جنہیں دیکھنے سے اللہ یاد آ جائے (وہ اولیاء اللہ ہیں)۔‘‘

۹۰۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنَ النَّاسِ مَفَاتِيْحُ لِذِكْرِ اللهِ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ أَبِي الدُّنْيَا.

’’حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً بعض لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی کنجیاں ہوتے ہیں انہیں دیکھ کر اللہ تعالیٰ یاد آ جاتا ہے۔‘‘

۹۱۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يُحِقُّ الْعَبْدُ حَقِيْقَةَ الإِيْمَانِ حَتَّى يَغْضَبَ ِللهِ وَ يَرْضَى ِللهِ، فَإِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ، اسْتَحَقَّ حَقِيْقَةَ الإِيْمَانِ، وَ إِنَّ أَحِبَّائِي وَ أَوْلِيَائِي الَّذِيْنَ يُذْكَرُوْنَ بِذِكْرِي وَ أُذْكَرُ بِذِكْرِهِمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَ أَحْمَدُ.

---

الحديث رقم ۹۰: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ۱۰/ ۲۰۵، الرقم: ۱۰۴۷٦، والبيهقی فی شعب الإيمان، ۱/ ٤٥٥، الرقم: ٤٩٩، وابن أبی الدنيا فی كتاب الأولياء، ۱/ ۱۷، الرقم: ۲٦، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۱۰/ ۷۸، وَصَحَّحَهُ.

الحديث رقم ۹۱: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ۱/ ۲۰۳، الرقم: ٦٥۱، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۱/ ٥٨، و أحمد بن حنبل فی المسند، ۳/ ٤۳۰، الرقم: ۱٥٦۳٤، و ابن رجب فی جامع العلوم و الحكم، ۱/ ۳٦٥، و ابن أبي الدنيا فی كتاب الأولياء، ۱/ ۱٥، الرقم: ۱۹، و الديلمی فی الفردوس بماثور الخطاب، ٥/ ۱٥۲، الرقم: ۷۷٨۹، و المنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/ ۱٤، الرقم: ٤٥٨۹.

Marfat.com

''حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بندہ اس وقت تک ایمان کی حقیقت کونہیں پا سکتا جب تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہی (کسی سے) ناراض اور اللہ تعالیٰ کے لئے ہی (کسی سے) راضی نہ ہو (یعنی اس کی رضا کا مرکز ومحور فقط ذات الٰہی ہو جائے) اور جب اس نے یہ کام کر لیا تو اس نے ایمان کی حقیقت کو پا لیا، اور بے شک میرے احباب اور اولیاء وہ لوگ ہیں کہ میرے ذکر سے ان کی یاد آ جاتی ہے اور ان کے ذکر سے میری یاد آ جاتی ہے (یعنی میرا ذکر ان کا ذکر ہے اور ان کا ذکر میرا ذکر ہے)۔''

٩٢۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رضی اللہ عنہ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ: إِنَّ يَسِيْرَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، وَ إِنَّ مَنْ عَادَى لِلّٰهِ وَلِيًّا، فَقَدْ بَارَزَ اللهَ بِالْمُحَارَبَةِ. إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْأَبْرَارَ الْأَتْقِيَاءَ الْأَخْفِيَاءَ، الَّذِيْنَ إِذَا غَابُوا لَمْ يُفْتَقَدُوْا، وَ إِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُعْرَفُوْا. قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدَى يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْحَاكِمُ.

وَ قَالَ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بیشک معمولی دکھاوا بھی شرک ہے

---

لحديث رقم ٩٢: أخرجه ابن ماجة فی السنن، كتاب: الفتن، باب: من ترجى له السلامة من الفتن، ٢/ ١٣٢٠، الرقم: ٣٩٨٩، والحاكم فی المستدرك، ١/ ٤٤، الرقم: ٤، ٤/ ٣٦٤، الرقم: ٧٩٣٣، والطبرانی فی المعجم الصغير، ٢/ ١٢٢، الرقم: ٨٩٢، والديلمی فی الفردوس بماثور الخطاب، ٥/ ٥٤٨، الرقم: ٩٠٤٩، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ١/ ٣٤، الرقم: ٤٩.

Marfat.com

اور جس نے اولیاء اللہ سے دشمنی کی تو اس نے اللہ تعالیٰ سے اعلان جنگ کیا، بیشک اللہ تعالیٰ ان نیک متقی لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو چھپے رہتے ہیں، اگر وہ غائب ہو جائیں تو انہیں تلاش نہیں کیا جاتا اور اگر وہ موجود ہوں تو انہیں (کسی بھی مجلس میں یا کام کے لئے) بلایا نہیں جاتا اور نہ ہی انہیں پہچانا جاتا ہے، ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں ایسے لوگ ہر طرح کی آزمائش اور تاریک فتنے سے نکل جاتے ہیں۔‘‘

٩٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَيُّ جُلَسَائِنَا خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ ذَكَّرَكُمُ اللهَ رُؤْيَتُهُ وَ زَادَ فِي عِلْمِكُمْ مَنْطِقُهُ وَ ذَكَّرَكُمْ بِالْآخِرَةِ عَمَلُهُ. رَوَاهُ أَبُو يَعْلَى وَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَ نَحْوَهُ أَبُو نُعَيْمٍ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! ہمارے بہترین ہم نشین کون لوگ ہیں؟ فرمایا: وہ جس کا دیدار تمہیں اللہ تعالیٰ کی یاد دلائے اور جس کی گفتگو تمہارے علم میں اضافہ کرے اور جس کا عمل تمہیں آخرت کی یاد دلائے۔‘‘

---

الحديث رقم ٩٣: أخرجه أبو يعلى فى المسند، ٤/٣٢٦، الرقم: ٢٤٣٧، و عبد بن حميد فى المسند، ١/٢١٣، الرقم: ٦٣١، و أبونعيم فى حلية الأولياء، ٧/٤٦، و ابن المبارك فى الزهد، ١/١٢١، الرقم: ٣٥٥، والعجلونى فى كشف الخفاء، ١/٣٩٣، الرقم: ١٠٥٩، و ابن أبى الدنيا فى الأولياء، ١/١٧، الرقم: ٢٥، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٦٣، الرقم: ١٦٣، والهندى فى كنز العمال، ٩/٢٨، ٣٧، الرقم: ٢٤٧٦٤، ٢٤٨٢٠، والحسينى فى البيان والتعريف، ٢/٣٩، الرقم: ٩٩٤، و فى شرح الزرقانى، ٤/٥٥٣، والمناوى فى فيض القدير، ٣/٤٦٧.

# فَصْلٌ فِي حُبِّ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ رضي الله عنهم

## ﴿اولیاء و صالحین رضي الله عنهم کی محبت کا بیان﴾

٩٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ تَعَالَى يَقُوْلُ يَومَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِي؟ اَلْيَوْمَ أُظِلُّهُمْ فِي ظِلِّي يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلِّي. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضي الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلى الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا: میری عظمت کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنے والے آج کہاں ہیں؟ میں انہیں اپنے سائے میں جگہ دوں کیونکہ آج میرے سائے کے علاوہ کوئی اور سایہ نہیں ہے۔‘‘

٩٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم: أَنَّ رَجُلًا زَارَ أَخًا لَهُ فِي قَرْيَةٍ أُخْرَى. فَأَرْصَدَ اللهُ لَهُ عَلَى مَدْرَجَتِهِ مَلَكاً. فَلَمَّا أَتَى عَلَيْهِ قَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُ؟

---

الحديث رقم ٩٤: أخرجه مسلم فى صحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: فى فضل الحب فى الله، ٤/١٩٨٨، الرقم: ٢٥٦٦، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٣٣٤، رقم: ٥٧٤، والدارمى فى السنن، ٢/٤٠٣، الرقم: ٢٧٥٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١٠/٢٣٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢٣٧، الرقم: ٧٢٣، ٨٤٣٦، ٨٨١٨، ١٠٧٩٠، ١٠٩٢٣۔

الحديث رقم ٩٥: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: فى فضل الحب فى الله، ٤/١٩٨٨، الرقم: ٦٥٦٧، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٣٣١، ٣٣٧، الرقم: ٥٧٢، ٥٧٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٤٠٨، الرقم: ٩٢٨٠، ٩٩٥٩، ١٠٦٠٨، و أبويعلى فى المعجم، ١/٢١١، الرقم: ٢٥٤، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٦/٤٨٨، ←

Marfat.com

قَالَ: أُرِيْدُ أَخًا لِي فِي هَذِهِ الْقَرْيَةِ. قَالَ: هَلْ لَکَ عَلَيْهِ مِنْ نِعْمَةٍ تَرُبُّهَا؟ قَالَ: لَا. غَيْرَ أَنِّي أَحْبَبْتُهُ فِي اللهِ عزوجل. قَالَ: فَإِنِّي رَسُوْلُ اللهِ إِلَيْکَ بِأَنَّ اللهَ قَدْ أَحَبَّکَ كَمَا أَحْبَبْتَهُ فِيْهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک شخص اپنے بھائی سے ملنے کے لئے ایک دوسری بستی میں گیا، اللہ تعالیٰ نے اس کے راستے میں ایک فرشتہ کو بھیج دیا، جب اس شخص کا اس کے پاس سے گزر ہوا تو فرشتے نے پوچھا: کہاں جانے کا ارادہ ہے؟ اس شخص نے کہا: اس بستی میں میرا ایک بھائی ہے اس سے ملنے کا ارادہ ہے۔ فرشتہ نے پوچھا: کیا تمہارا اس پر کوئی احسان ہے جس کی تکمیل مقصود ہے؟ اس نے کہا: اس کے سوا اور کوئی بات نہیں کہ مجھے اس سے صرف اللہ تعالیٰ کے لئے محبت ہے، تب اس فرشتہ نے کہا کہ میں تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کا یہ پیغام لایا ہوں کہ جس طرح تم اس شخص سے محض اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کرتے ہو اللہ تعالیٰ بھی تم سے محبت کرتا ہے۔''

٩٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضي الله عنهما قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ

---

......... و ابن المبارك فى الزهد، ١/٢٤٧، الرقم: ٧١٠، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/١٠، الرقم: ٤٥٧٣، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ٧/٤٥٤، واخطيب البغدادى فى تاريخ البغداد، ٣/٤٠٠، الرقم: ١٥٢٧، ٥٧٥١، ٦٨٢٧، ٧٣٧٦۔

الحديث رقم ٩٦: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الأدب، باب: عَلَامَةِ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ ل، ٥/٢٢٨٣، الرقم: ٥٨١٧، ٥٨١٨، ومسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: المرء مع من أحب، ٤/٢٠٣٤، الرقم: ٢٦٤٠، والترمذى فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ، باب: ماجاء أن المرءَ مَعَ مَن أحبَّ، ٤/٥٩٦، الرقم: ٢٣٨٧، وَقَالَ أَبُو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ. و النسائى فى السنن الكبرى، ٦/٣٤٤، الرقم: ١١٧٨، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٣١٦، ←

Marfat.com

اللهِ ﷺ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ! كَيْفَ تَقُولُ فِي رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوکر عرض کیا: اس شخص کے بارے میں کیا ارشاد ہے جو کسی قوم سے محبت رکھتا ہے لیکن (ان جیسے اعمال کرکے) ان سے ملا نہیں ہے؟ اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت رکھتا ہے۔''

٩٧۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ الْحُبُّ فِي اللهِ وَالْبُغْضُ فِي اللهِ.

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَ هَذَا لَفْظُهُ وَ أَحْمَدُ بِطُوْلِهِ وَ قَالَ فِيْهِ: إِنَّ أَحَبَّ الأَعْمَالِ. وَالْبَزَّارُ وَ لَفْظُهُ: أَفْضَلُ الْعِلْمِ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

---

الرقم: ٥٥٧، والبزار فى المسند، ٨/ ٣٢، الرقم: ٣٠١٤، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٤/ ٤٢، الرقم: ٣٥٦٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/ ٢٣٩، ٣٩٥، ٣٩٨، ٤٠٥، وأبو يعلى فى المسند، ٩/ ١٠٠، الرقم: ٥١٦٦، والبيهقى فى شعب الإيمان، ١/ ٣٨٧، الرقم: ٤٩٧، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/ ١٥، الرقم: ٤٥٩٧، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٨/ ٣٦، الرقم: ٢٩، والهيثمى فى موارد الظمآن، ١/ ٦٢١، الرقم: ٢٥٠٧۔

الحديث رقم ٩٧: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: السنة، باب: مجانبة أهل الأهواء و بغضهم، ٤/ ١٩٨، الرقم: ٤٥٩٩، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/ ١٤٦، الرقم: ٢١٣٤١، والبزار فى المسند، ٩/ ٤٦١، الرقم: ٤٠٧٦، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/ ١٤، الرقم: ٤٥٩٣، والديلمى فى الفردوس بماثور الخطاب، ١/ ٣٥٥، الرقم: ١٤٢٩۔

Marfat.com

(اللہ ﷻ کے نزدیک) اعمال میں سب سے افضل عمل اللہ ﷻ کے لئے محبت رکھنا اور اللہ ﷻ ہی کے لئے دشمنی رکھنا ہے۔‘‘

٩٨۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: قَالَ اللهُ تَعَالَى: وَجَبَتْ مَحَبَّتِي لِلْمُتَحَابِّينَ فِيَّ، وَالْمُتَجَالِسِينَ فِيَّ، وَالْمُتَزَاوِرِينَ فِيَّ، وَالْمُتَبَاذِلِينَ فِيَّ.

رَوَاهُ مَالِكٌ بِإِسْنَادِهِ الصَّحِيحِ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ.

’’حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میری محبت واجب ہوگئی میری خاطر محبت کرنے والوں، میری خاطر مجلسیں قائم کرنے والوں، میری خاطر ایک دوسرے سے ملنے والوں اور میری خاطر خرچ کرنے والوں کے لئے۔‘‘

٩٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَوْأَنَّ عَبْدَيْنِ تَحَابَّا لِلّٰهِ ﷻ، وَاحِدٌ فِي الْمَشْرِقِ وَآخَرُ فِي الْمَغْرِبِ، لَجَمَعَ اللهُ بَيْنَهُمَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يَقُولُ: هَذَا الَّذِي كُنْتَ تُحِبُّهُ فِيَّ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

---

الحديث رقم ٩٨: أخرجه مالك فى الموطأ، ٢/٩٥٣، الرقم: ١٧١، وإِسْنَادُهُ صَحِيحٌ، وَ صَحَّحَهُ ابن حبان فى الصحيح، ٢/٣٣٥، الرقم: ٥٧٥، والحاكم فى المستدرك، ٤/١٨٦، الرقم: ٧٣١٤، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١٠/٢٣٣، وَ صَحَّحَهُ، وَ وَافَقَهُ الذهبي، وقال ابن عبدالبر: إِسْنَادُهُ صَحِيحٌ.

الحديث رقم ٩٩: أخرجه البيهقى فى شعب الإيمان، ٦/٤٩٢، الرقم ٩٠٢٢.

Marfat.com

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر دو بندے اللہ تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کریں اور ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں (بھی) ہو تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز انہیں ضرور ملا دے گا اور فرمائے گا: یہ ہے وہ (شخص) جس سے تو میری خاطر محبت کیا کرتا تھا۔''

١٠٠۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی اللہ عنہ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ! الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَعْمَلَ كَعَمَلِهِمْ قَالَ: إِنَّکَ يَا أَبَا ذَرٍّ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ: فَإِنِّي أُحِبُّ اللهَ وَرَسُولَهُ قَالَ: أَنْتَ يَا أَبَا ذَرٍّ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ.

رَوَاهُ أَبُودَاوُدَ وَالْبَزَّارُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ایک آدمی کچھ لوگوں سے محبت کرتا ہے لیکن ان جیسے عمل نہیں کرسکتا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! تو ان کے ساتھ ہوگا جن سے تجھے محبت ہے انہوں نے کہا: میں تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوبارہ فرمایا: اے ابوذر! تو یقیناً ان کے ساتھ ہوگا جن سے تجھے محبت ہے۔ (راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے دہرا کر بیان کیا)۔''

---

الحديث رقم ١٠٠: أخرجه أبوداود فی السنن، کتاب: الأدب، باب: أخبار الرجل الرجل بمحبته إليه، ٤/ ٣٣٣، الرقم: ٥١٢٦، والبزار فی المسند، ٩/ ٣٧٣، الرقم: ٣٩٥، وابن حبان فی الصحيح، ٢/ ٣١٥، الرقم: ٥٥٦، والدارمی فی المسند، ٢/ ٤١٤، الرقم: ٢٧٨٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/ ١٥٦، الرقم: ٢١٤١٦، ٢١٥٠١، والبخاری فی الأدب المفرد، ١/ ١٢٨، الرقم: ٣٥١، والهيثمی فی موارد الظمآن، ١/ ٦٢١، الرقم: ٢٥٠٦، والحارث فی المسند (زوائد الهيثمی) ٢/ ٩٩١، الرقم: ١١٠٧، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/ ١٥، الرقم: ٤٥٩٨۔

Marfat.com

١٠١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وآله وسلم، قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللهُ الْعَبْدَ نَادَى جِبْرِيْلَ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحْبِبْهُ. فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ، فَيُنَادِي جِبْرِيْلُ فِي أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، ثُمَّ يُوضَعُ لَهُ الْقَبُولُ فِي الْأَرْضِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام کو بلاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت رکھتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو تو حضرت جبرئیل علیہ السلام اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آسمانی مخلوق میں ندا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو پھر آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں اس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔''

الحديث رقم ١٠١: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: بدء الخلق، باب: ذِكرِ المَلَائِكَةِ، ٣ / ١١٧٥، الرقم: ٣٠٣٧، و فی کتاب: الأدب، باب: المِقَةِ مِن اللّٰهِ تَعَالَی، ٥ / ٢٢٤٦، الرقم: ٥٦٩٣، وفی کتاب: التوحيد، باب: كَلَامِ الرَّبِّ مَعَ جِبْرِيْلَ، ونِداءِ اللّٰهِ الملائِكَةَ، ٦ / ٢٧٢١، الرقم: ٧٠٤٧، و مسلم فی الصحيح، کتاب: البر والصلة والآداب، باب: إذا أحب الله عبداً، حببه إلی عباده، ٤ / ٢٠٣٠، الرقم: ٢٦٣٧، ومالك فی الموطأ، کتاب: الشعر، باب: ماجاء فی المتحابين فی الله، ٢ / ٩٥٣، الرقم: ١٧١٠، وابن حبان فی الصحيح، ٢ / ٨٦، الرقم: ٣٦٥، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٣ / ١٦٠، الرقم: ٢٨٠٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ٤١٣، الرقم: ٩٣٤١، ١٠٦٨٥، والبيهقی فی کتاب الزهد الكبير، ٢ / ٣٠١، الرقم: ٨٠٥، وابن عمر الأزدی فی مسند الربيع، ١ / ٤٥، الرقم: ٦٧، وابن راهويه فی المسند، ١ / ٣٦٦، الرقم: ٣٧٥، وأبو المحاسن فی معتصر المختصر، ٢ / ٢٢٨۔

١٠٢۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ اللهُ ﷻ: قَدْ حَقَّتْ مَحَبَّتِي لِلَّذِيْنَ يَتَحَابُّوْنَ مِنْ أَجْلِي وَ قَدْ حَقَّتْ مَحَبَّتِي لِلَّذِيْنَ يَتَزَاوَرُوْنَ مِنْ أَجْلِي وَ قَدْ حَقَّتْ مَحَبَّتِي لِلَّذِيْنَ يَتَبَاذَلُوْنَ مِنْ أَجْلِي وَ قَدْ حَقَّتْ مَحَبَّتِي لِلَّذِيْنَ يَتَصَادَقُوْنَ مِنْ أَجْلِي.

رَوَاهُ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالْحَاكِمُ نَحْوَهُ فِي مَوْضِعَيْنِ وَ صَحَّحَهُمَا.

''حضرت عمرو بن عبسہ ﷺ فرماتے ہیں میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ ﷻ فرماتے ہیں: میری محبت ان لوگوں کے لئے برحق ہے جو میری خاطر ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں، میری محبت ان لوگوں کے لئے برحق جو میری خاطر ایک دوسرے کو ملنے کے لئے جاتے ہیں، میری محبت ان لوگوں کے لئے برحق ہے جو میری خاطر ایک دوسرے کے کام آتے ہیں اور میری محبت ان لوگوں کے لئے بھی برحق ہے جو میری خاطر ایک دوسرے سے صدق دل سے باتیں کرتے ہیں۔''

١٠٣۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَى مُصْعَبِ بْنِ

---

الحديث رقم ١٠٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/ ٣٨٦، ٥/ ٣٢٨، الرقم: ٢٢٨٣٥، و الحاكم في المستدرك، ٤/ ١٨٧، الرقم: ٧٣١٥۔ ٧٣١٦، و الطبراني في المعجم الأوسط، ٩/ ٤٠، الرقم: ٩٠٨٠، و في المعجم الصغير، ٢/ ٢٣٩، الرقم: ١٠٩٥، و في مسند الشاميين، ١/ ٣٧٧، الرقم: ٦٥٤، و البيهقي في شعب الإيمان، ٦/ ٤٨٥، الرقم: ٨٩٩٦، و ابن المبارك في الزهد، ١/ ٢٤٩، الرقم: ٧١٦، و المنذري في الترغيب و الترهيب، ٤/ ١١، الرقم: ٤٥٧٨، و الهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/ ٦، ١٠/ ٢٧٩۔

الحديث رقم ١٠٣: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ١/ ١٠٨، و الغزالى في احياء علوم الدين، ٤/ ٢٥٣، و ابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/ ٣٩١۔

عُمَيرٍ مُقْبِلًا وَ عَلَيْهِ إِهَابُ كَبْشٍ قَدْ تَنطَّقَ بِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: انْظُرُوا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي نَوَّرَ اللهُ قَلْبَهُ لَقَدْ رَأَيْتُهُ بَيْنَ أَبَوَيْهِ يَغْذُوَانِهِ بِأَطْيَبِ الطَّعَامِ وَ الشَّرَابِ فَدَعَاهُ حُبُّ اللهِ وَ رَسُولِهِ إِلَى مَاتَرَوْنَ.

رَوَاهُ أَبُوْ نُعَيمٍ فِي الْحِلْيَةِ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ.

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو آتے ہوئے دیکھا کہ ایک مینڈھے کی کھال کمر کے گرد لپیٹے چلے آرہے ہیں۔ آپ ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا: اس شخص کو دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے اس شخص کا دل نور سے بھر دیا ہے۔ میں نے اسے اس کے ماں باپ کے ساتھ دیکھا تھا کہ اسے عمدہ کھانا پینا دیا کرتے تھے اور اب اللہ اور رسول کی محبت نے اس کا یہ حال کیا ہے جو تم دیکھتے ہو۔''

١٠٤۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ دَاوُدَ عليه السلام يَقُوْلُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَ حُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ وَ الْعَمَلَ الَّذِي يُبَلِّغُنِي حُبَّكَ. اللَّهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي وَ أَهْلِي وَ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ. قَالَ وَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا ذَكَرَ دَاوُدَ عليه السلام يُحَدِّثُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ أَعْبَدَ الْبَشَرِ.

---

الحديث رقم ١٠٤: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: ٧٣، ٥/ ٥٢٢، الرقم: ٣٤٩٠، و الحاكم في المستدرك، وقال: صحيح الإسناد، ٢/ ٤٧٠، الرقم: ٣٦٢١، و الديلمى في الفردوس بماثور الخطاب، ٣/ ٢٧١، الرقم: ٤٨١٠، و أبو نعيم فى حلية الأولياء، ١/ ٢٢٧، و المزي في تهذيب الكمال، ١٤/ ٤٩١، و النووي فيتهذيب الأسماء، ١/ ١٨١، و ابن رجب في جامع العلوم و الحكم، ١/ ٣٦٣۔

رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وَ هٰذَا لَفظُهُ وَالحَاكِمُ.

وَ قَالَ أَبُوْ عِيسَى: هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت داؤد علیہ السلام کی دعاؤں میں سے ایک دعا یہ ہے: یا اللہ! میں تجھ سے تیری محبت، تجھ سے محبت کرنے والوں کی محبت اور تیری محبت پیدا کرنے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔ یا اللہ! اپنی محبت میرے لئے، میرے نفس، میری اولاد اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب بنا دے۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی حضرت داود علیہ السلام کا تذکرہ کرتے اور آپ سے کوئی بات نقل کرتے تو فرماتے: وہ (اپنے دور میں) سب سے زیادہ عبادت گزار انسان تھے۔‘‘

١٠٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِيِّ الْأَنْصَارِيِّ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ فِي دُعَائِهِ. اللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي حُبَّكَ وَ حُبَّ مَنْ يَنْفَعُنِي حُبُّهُ عِنْدَكَ اللّٰهُمَّ! مَا رَزَقْتَنِي مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِي فِيمَا تُحِبُّ اللّٰهُمَّ! وَ مَا زَوَيْتَ عَنِّي مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِي فِيمَا تُحِبُّ.

رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ.

وَ قَالَ أَبُوْ عِيسَى: هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت عبد اللہ بن یزید خطمی انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی دعا میں یہ کلمات کہا کرتے تھے: یا اللہ! مجھے اپنی محبت عطا فرما اور ہر اس شخص کی محبت

---

الحديث رقم ١٠٥: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ٧٤، ٥/ ٥٢٣، الرقم: ٣٤٩١، و ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/ ٧٦، الرقم: ٢٩٥٩٢، و الذهبي في ميزان الإعتدال و حسّنه، ٣/ ٢٥٠.

عطا فرما جس کی محبت تیرے نزدیک مجھے نفع دے یا اللہ! مجھے جو پسندیدہ چیز عطا فرمائے اسے اپنی محبت میں میری قوت و طاقت بنا اور جس پسندیدہ چیز کو مجھ سے روک رکھے تو مجھے اپنی محبوب چیزوں میں مصروف رکھ کر اس سے فارغ البال بنا دے۔''

Marfat.com

# فَصْلٌ فِي صُحْبَةِ وَ زِيَارَةِ الأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ رضي الله عنهم

## ﴿ اولیاء و صالحین رضی اللہ عنہم کی زیارت اور صحبت کا بیان ﴾

١٠٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم، قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللهُ الْعَبْدَ نَادَى جِبْرِيْلَ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحْبِبْهُ. فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ، فَيُنَادِي جِبْرِيْلُ فِي أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، ثُمَّ يُوضَعُ لَهُ الْقَبُولُ فِي الْأَرْضِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام کو بلاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت رکھتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو تو حضرت جبرئیل علیہ السلام اس

---

الحديث رقم ١٠٦: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ذِكرِ المَلَائِكَةِ، ٣/ ١١٧٥، الرقم: ٣٠٣٧، و فى كتاب: الأدب، باب: المِقَةِ مِن اللّٰهِ تَعَالَى، ٥/ ٢٢٤٦، الرقم: ٥٦٩٣، وفى كتاب: التوحيد، باب: كَلَام الرَّبِّ مَعَ جِبرِيْلَ، ونِداءِ اللّٰهِ الملائِكَةَ، ٦/ ٢٧٢١، الرقم: ٧٠٤٧، و فى مسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: إذا أحب الله عبداً، حببه إلى عباده، ٤/ ٢٠٣٠، الرقم: ٢٦٣٧، ومالك فى الموطا، كتاب: الشعر، باب: ماجاء فى المتحابين فى الله، ٢/ ٩٥٣، الرقم: ١٧١٠، وابن حبان فى الصحيح، ٢/ ٨٦، الرقم: ٣٦٥، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/ ١٦٠، الرقم: ٢٨٠٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/ ٤١٣، الرقم: ٩٣٤١، ١٠٦٨٥، والبيهقى فى كتاب الزهد الكبير، ٢/ ٣٠١، الرقم: ٨٠٥، وابن عمر الأزدى فى مسند الربيع، ١/ ٤٥، الرقم: ٦٧، وابن راهويه فى المسند، ١/ ٣٦٦، الرقم: ٣٧٥، وأبو المحاسن فى معتصر المختصر، ٢/ ٢٢٨۔

Marfat.com

سے محبت کرتے ہیں۔ پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آسمانی مخلوق میں ندا دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو پھر آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں بھی اس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔''

١٠٧۔ عَنْ أَبِي مُوسَى رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالسُّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيرِ، فَحَامِلُ الْمِسْكِ: إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَ إِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ، وإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا طَيِّبَةً. وَنَافِخُ الْكِيرِ: إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيحًا خبِيْثَةً. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو موسیٰ (اشعری) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھے اور برے ساتھی کی مثال مشک والے اور بھٹی دھونکنے والے جیسی ہے کیونکہ مشک والا یا تو تحفۃً تمہیں (تھوڑی بہت خوشبو) دے دے گا یا تم اس سے خرید لوگے ورنہ عمدہ خوشبو تو تم پا لو گے، رہی بھٹی والے (لوہار) کی بات تو (اس کی بھٹی کی آگ) یا تمہارے کپڑے جلا دے گی وگرنہ تمہیں (بھٹی کی) بدبو تو ضرور پہنچے گی۔''

---

الحديث رقم ١٠٧: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الذبائح والصيد، باب: المِسكِ، ٥/٢١٠٤، الرقم: ٥٢١٤، وفى كتاب: البيوع، باب: فى العَطّارِ وبيع المِسكِ، ٢/٧٤١، الرقم: ١٩٩٥، ومسلم فى الصحيح، كتاب: البرو الصلة والآداب، باب: استحباب مجالسة الصالحين، ومجانبة قرناء السوء، ٤/٢٠٢٦، الرقم: ٧٢٧٠، ٧٣٠٧، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٧/٥٤، الرقم: ٩٤٣٥، والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢/٢٨٨، الرقم: ١٣٨٠، والرويانى فى المسند، ١/٣١٨، الرقم: ٩٧٤، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/٢٤، الرقم: ٤٦٣٨.

Marfat.com

١٠٨ـ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قُلْنَا يَارَسُولَ اللهِ، مَالَنَا إِذَا كُنَّا عِنْدَكَ رَقَّتْ قُلُوْبُنَا، وَزَهِدْنَا فِي الدُّنْيَا، وَكُنَّا مِنْ أَهْلِ الآخِرَةِ، فَإِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ فَآنَسْنَا أَهَالِيْنَا، وَشَمَمْنَا أَوْلَادَنَا أَنْكَرْنَا أَنْفُسَنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَوْ أَنَّكُمْ تَكُوْنُوْنَ إِذَا خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِي كُنْتُمْ عَلَى حَالِكُمْ ذَلِكَ لَزَارَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ فِي بُيُوْتِكُمْ، وَلَوْ لَمْ تُذْنِبُوا لَجَاءَ اللهُ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ كَي يُذْنِبُوا فَيَغْفِرَ لَهُمْ ...... الحديث.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں کیا ہوگیا ہے کہ جب ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں تو ہمارے دل نرم ہوتے ہیں ہم دنیا سے بے رغبت اور آخرت کے باسی ہوجاتے ہیں؛ اور جب آپ کے پاس سے چلے جاتے ہیں اور اپنے گھر والوں سے مانوس ہوتے اور اپنی اولاد سے ملتے جلتے ہیں تو ہمارے دل بدل جاتے ہیں حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم اسی حالت میں رہو جس طرح میرے پاس سے جاتے ہو تو فرشتے تمہارے گھروں میں تمہاری زیارت کریں اور اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تعالیٰ ضرور ایک نئی مخلوق لے آئے گا تاکہ وہ گناہ کریں اور پھر اللہ تعالیٰ انہیں بخش دے۔''

---

الحديث رقم ١٠٨: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى صفة الجنة نعيمها، ٤ / ٦٧٢، الرقم: ٢٥٢٦، وابن حبان فى الصحيح، ١٦ / ٣٩٦، الرقم، ٣٧٨٧، والطيالسى فى المسند، ١ / ٣٣٧، الرقم: ٢٥٨٣، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٥ / ٤٠٩، الرقم: ٧١٠١، عبد بن حميد فى المسند، ١ / ٤١٥، الرقم: ١٤٢٠، وابن المبارك فى الزهد، ١ / ٣٨٠، الرقم: ١٠٧٥.

١٠٩۔ عَنْ أَبِي مُوسَى ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الْعَطَّارِ إِنْ لَمْ يُصِبْکَ مِنْهُ أَصَابَکَ رِيْحُهُ، وَمَثَلُ الْجَلِيْسِ السُّوْءِ مَثَلُ الْقَيْنِ إِنْ لَمْ يُحرِقْکَ بِشَرَرِهِ عَلَقَ بِکَ مِنْ رِيْحِهِ.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْبَزَّارُ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابو موسیٰ (اشعری) ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اچھے ساتھی کی مثال عطار کی سی ہے اس سے اگر تمہیں اور کچھ بھی نہ ملے تو اس کی (اچھی) خوشبو تو پہنچ ہی جائے گی، اور برے ساتھی کی مثال لوہار کی سی ہے اگر اس (کی بھٹی کے) شعلے تجھے نہ بھی جلائیں تو اس کی (بھٹی کی) بدبو تو تمہیں ضرور پہنچے گی۔''

١١٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا تُصَاحِبْ إِلَّا

---

الحديث رقم ١٠٩: أخرجه ابن حبان فى الصحيح، ٢/ ٣٤١، الرقم: ٥٧٩، والبزار فى المسند، ٨/ ٤٤، الرقم: ٣٠٢٧، ٣١٩٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/ ٤٠٤، الرقم: ١٩٦٢٤، والحاكم فى المستدرك، ٤/ ٣١٢، الرقم: ٧٧٤٩، وأبو يعلى فى المسند، ٧/ ٢٧٤، الرقم: ٤٢٩٥، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٦/ ١٩٩، الرقم: ٢٢١٥، ٢٢١٦، وقال المقدسى:إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ. والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢/ ٢٨٧، الرقم: ١٣٧٧، وابن خلاد، فى أمثال الحديث، ١/ ١١٣، الرقم: ٧٧-٧٨، وابن أبى عاصم فى كتاب الزهد، ١/ ٢٧٤، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٨/ ٦١، وقال الهيثمى :إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

الحديث رقم ١١٠: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى صُحْبَةِ الْمُؤْمِنِ، ٤/ ٦٠٠، الرقم: ٢٣٩٥، و أبوداود فى السنن، كتاب: الأدب، باب: مَن يؤمر أن يجالس، ٤/ ٢٥٩، الرقم: ٤٨٣٢، وابن حبان فى الصحيح، ٢/ ٣١٤، الرقم: ٥٥٤-٥٥٥- ٥٦٠، والدارمى فى السنن، ٢/ ١٤٠، الرقم: ٢٠٥٧، والحاكم فى ←

Marfat.com

مُؤْمِنًا، وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِيٌّ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ.

وَقَالَ أَبُو عِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابوسعید (خدری) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (سچے) مومنوں کی مجلس ہی اختیار کرو اور تمہارا کھانا صرف پرہیزگار ہی کھائے۔''

---

المستدرک، ٤/١٤٣، الرقم: ٧١٦٩، وَقَالَ الحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٣/٢٧٧، الرقم: ٣١٣٦، وأبو یعلی فی المسند، ٢/٤٨٤، الرقم: ١٣١٥، والبیهقی فی شعب الإیمان، ٧/٤٢، الرقم: ٩٣٨٣، وابن المبارک فی الزهد، ١/١٢٤، الرقم: ٣٦٤، والدیلمی فی الفردوس بماثور الخطاب، ٥/٣٥١، الرقم: ٨٤٠٣، والمنذری فی الترغیب والترهیب، ٤/١٥، الرقم: ٤٥٩٩، والهیثمی فی موارد الظمآن، ١/٥٠٢، الرقم: ٢٠٤٩-٢٠٢٢.

Marfat.com

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

## ﴿اہلِ جنت کے مناقب کا بیان﴾

۱۱۱۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: قَالَ اللهُ عزوجل: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِي الصَّالِحِينَ: مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ فَاقْرَؤُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ [السجدة: ١٧]. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

---

لحديث رقم ١١١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ماجاء فی صفة الجنة و أنها مخلوقة، ١١٨٥/٣، الرقم: ٣٠٧٢، و فی كتاب: التفسير/السجدة، باب: قوله: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ: [١٧]، ١٧٩٤/٤، الرقم: ٤٥٠١-٤٥٠٢، و فی كتاب: التوحيد، باب: قوله تعالى: يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُبَدِّلُوْا كَلَامَ اللّٰهِ: [الفتح: ١٥]، ٢٧٢٣/٦، الرقم: ٧٠٥٩، و مسلم فی الصحيح، كتاب: الجنة و صفة نعيمها، باب: (٥١)، ٢١٧٥/٤-١٢٧٤، الرقم: ٢٨٢٤، و الترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: و من سورة السجدة، ٣٤٦/٥، الرقم: ٣١٩٧، و فی باب: ومن سورة الواقعة، ٤٠٠/٥، الرقم: ٣٢٩٢، و قال أبو عيسى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، و ابن ماجة فی السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة الجنة، ١٤٤٧/٢، الرقم: ٤٣٢٨، و النسائی فی السنن الكبرى، ٣١٧/٦، الرقم: ١١٠٨٥، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٤٣٨/٢، الرقم: ١٠٤٢٨، ٩٦٤٧، ٢٢٨٧٧، و ابن حبان فی الصحيح، ٩١/٢، الرقم: ٣٦٩، و الحاكم فی المستدرك، ٤٤٨/٢، الرقم: ٣٥٤٩-٣٥٥٠، و قال الحاكم: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

Marfat.com

''حضرت ابو ہریرہ ﷜ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ ﷻ کا ارشاد ہے: میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کی ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی فرد بشر کے دل میں ان کا خیال آیا ہے۔ چاہتے ہو تو پڑھو: ﴿پس کوئی جان نہیں جانتی کہ اس کے لئے کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے (ہم نے کس کے لئے کیا چھپا کر رکھا ہے یہ وہ چیزیں ہیں جن کا وہ تصور ہی نہیں کر سکتے) یہ ان کے (نیک) اعمال کا صلہ ہے﴾۔''

١١٢۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷜: قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ ﷻ يَقُولُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَبَّيْکَ رَبَّنَا وَ سَعْدَيْکَ، وَ الْخَيْرُ فِي يَدَيْکَ، فَيَقُولُ: هَلْ رَضِيْتُمْ؟ فَيَقُولُونَ: وَمَا لَنَا لَا نَرْضَى يَا رَبِّ وَ قَدْ أَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِکَ، فَيَقُولُ: أَلَا أُعْطِيْكُمْ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِکَ، فَيَقُولُونَ: يَا رَبِّ، وَ أَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذَلِکَ؟ فَيَقُولُ: أُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِي؟ فَلاَ أَسْخَطُ عَلَيْكُمْ بَعْدَهُ أَبَدًا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

---

الحديث رقم ١١٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: صفة الجنة والنار، ٥/٢٣٩٨، الرقم: ٦١٨٣، و فى كتاب: التوحيد، باب: كلام الرب مع أهل الجنة، ٦/٢٧٣٢، الرقم: ٧٠٨٠، و مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنة و صفة نعيمها، باب: إحلال الرضوان على أهل الجنة، ٤/٢١٧٦، الرقم: ٢٨٢٩، و الترمذي فى السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: (١٨)، و النسائى فى السنن الكبرى، ٤/٤١٦، الرقم: ٧٧٤٩، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٨٨، الرقم: ١١٨٥٣، و ابن حبان فى الصحيح، ١٦/٤٧٠، الرقم: ٧٤٤٠، و ابن المبارك فى الزهد، ١/١٢٩، الرقم: ٤٣٠، و المنذرى فى الترغيب و الترهيب، ٤/٣١٣، الرقم: ٥٧٥٠۔

Marfat.com

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل جنتیوں سے فرمائیں گے: اے جنتیو! وہ کہیں گے ﴿لَبَّيْکَ رَبَّنَا وَ سَعْدَيْکَ، وَ الْخَيْرُ فِي يَدَيْکَ﴾ اے ہمارے پروردگار ہم تیرے حکم کے سامنے بار بار سر تسلیم خم کر کے دوہری سعادت چاہتے ہیں۔ ہر قسم کی بھلائی تیرے اختیار میں ہے'' اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تم خوش ہو؟ وہ کہیں گے اے رب! ہم خوش کیوں نہ ہوں آپ نے ہمیں وہ کچھ عطا کیا ہے جو مخلوق میں سے کسی کو نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا میں تمہیں اس سے بہتر نہ عطا کروں؟ وہ کہیں گے اس سے بہتر کیا ہوسکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے اپنی رضا و خوشنودی تمہیں دے دی۔ اب کے بعد میں تم پر کبھی ناراض نہیں ہوگا۔''

١١٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ: أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوقًا يَأْتُونَهَا کُلَّ جُمُعَةٍ فَتَهُبُّ رِيحُ الشَّمَالِ فَتَحْثُو فِي وُجُوهِهِمْ وَ ثِيَابِهِمْ. فَيَزْدَادُونَ حُسْنًا وَ جَمَالًا، فَيَرْجِعُونَ إِلَی أَهْلِيهِمْ وَ قَدِ ازْدَادُوْا حُسْنًا وَ جَمَالاً. فَيَقُولُ لَهُمْ أَهْلُوهُمْ: وَاللهِ، لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَ جَمَالًا. فَيَقُولُونَ: وَ أَنْتُمْ، وَاللهِ لَقَدْ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَ جَمَالًا.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک ایسا بازار ہے جس میں لوگ ہر جمعہ کے روز آئیں گے، شمالی جانب سے ہوا چلے گی اور ان کے کپڑوں اور چہروں پر لگے گی جس سے ان کا حسن و جمال بڑھ جائے

الحديث رقم ١١٣: أخرجه مسلم في الصحيح، کتاب: صفة الجنة و نعيمها، باب: في سوق الجنة و ما ينالون فيها من النعيم و الجمال، ٤/ ٢١٧٨، الرقم: ٢٨٣٣، و الدارمی فی السنن، ٢/ ٤٣٦، الرقم: ٢٨٤١، و ابن المبارک فی الزهد، ١/ ٥٢٤، الرقم: ١٤٩١، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/ ٣٠١، الرقم: ٥٧٢٧۔

گا۔ جب وہ اپنے گھر والوں کے پاس واپس جائیں گے تو ان کا حسن و جمال بڑھا ہوا دیکھ کر وہ کہیں گے اللہ کی قسم! ہم سے دور جا کر تمہارا حسن و جمال بڑھ گیا ہے اور یہ ان سے کہیں گے کہ اللہ کی قسم! ہمارے بعد تمہارا بھی حسن و جمال بڑھ گیا ہے۔''

١١٤۔ عَنْ صُهَيْبٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ عزوجل: تُرِيْدُوْنَ شَيْئًا أَزِيْدُكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: أَ لَمْ تُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا؟ أَ لَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَ تُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيُكْشَفُ الْحِجَابَ فَمَا أُعْطُوا شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَى رَبِّهِمْ عزوجل ثُمَّ تَلاَ هَذِهِ الآيَةَ: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَ زِيَادَةٌ﴾ [يونس: ٢٦]. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب جنتی جنت میں داخل ہوجائیں گے، اللہ عزوجل فرمائے گا: تم کچھ اور چاہتے ہو تو میں تمہیں دوں؟ وہ عرض کریں گے: کیا آپ نے ہمارے چہرے منور نہیں کردیئے کیا آپ نے ہمیں جنت میں داخل نہیں کردیا اور دوزخ سے نجات نہیں دی۔ فرمایا: اس کے بعد اللہ تعالیٰ پردہ اٹھادے گا، انہیں اپنے پروردگار کے دیدار سے بہتر کوئی چیز نہیں ملی ہوگی پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ایسے لوگوں کے لئے جو نیک کام کرتے ہیں نیک جزا ہے (بلکہ) اس پر اضافہ بھی ہے۔''

الحديث رقم ١١٤: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: إثبات رؤية المؤمنين فى الآخرة ربهم، ١/١٦٣، الرقم: ١٨١، و الترمذي فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: و من سورة يونس، ٥/٢٨٦، الرقم:٣١٠٥، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٣٢، و عبد الله بن أحمد فى السنة، ١/٢٤٥، الرقم: ٤٤٩، و المنذرى فى الترغيب و الترهيب، ٤/٣٠٩، الرقم: ٥٧٤٤.

Marfat.com

١١٥۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ أَنَّهُ لَقِيَ أَبَا هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ: أَسْأَلُ اللهَ أَنْ يَجْمَعَ بَيْنِي وَ بَيْنَکَ فِي سُوقِ الْجَنَّةِ، فَقَالَ سَعِيْدٌ: أَوَ فِيْهَا سُوقٌ؟ قَالَ: نَعَمْ أَخْبَرَنِي رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ إِذَا دَخَلُوهَا نَزَلُوْا فِيْهَا بِفَضْلِ أَعْمَالِهِمْ، فَيُؤْذَنُ لَهُمْ فِي مِقْدَارِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا فَيَزُوْرُوْنَ رَبَّهُمْ، وَ يُبْرِزُ لَهُمْ عَرْشَهُ.

قَالَ أَبُوهُرَيْرَةَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، وَ هَلْ نَرَى رَبَّنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، هَلْ تَتَمَارَوْنَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ قُلْنَا: لَا، قَالَ: (كَذٰلِکَ لَا تَتَمَارَوْنَ فِي رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ عزوجل وَلَا يَبْقَى فِي ذٰلِکَ الْمَجْلِسِ رَجُلٌ إِلَّا حَاضَرَهُ اللهُ مُحَاضَرَةً......

ثُمَّ نَنْصَرِفُ إِلَى مَنَازِلِنَا، فَيَتَلَقَّانَا أَزْوَاجُنَا فَيَقُلْنَ: مَرْحَبًا وَ أَهْلاً لَقَدْ جِئْتَ وَ إِنَّ بِکَ مِنَ الْجَمَالِ وَالطِّيْبِ أَفْضَلُ مِمَّا فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُ: إِنَّا جَالَسْنَا الْيَوْمَ رَبَّنَا الْجَبَّارَ (عزوجل)، وَ يَحِقُّ لَنَا أَنْ نَنْقَلِبَ بِمِثْلِ مَا انْقَلَبْنَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ.

’’حضرت سعید بن مسیّب سے روایت ہے کہ ان کی ملاقات حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو انہوں نے کہا: میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے

---

الحديث رقم ١١٥: أخرجه الترمذی، کتاب: صفة الجنة، عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ما جاء فی سوق الجنة، ٤/ ٦٨٥، الرقم: ٢٥٤٩، و ابن ماجة فی السنن، کتاب: الزهد، باب: صفة الجنة، ٢/ ١٤٥٠، الرقم: ٤٣٣٦، و ابن حبان فی الصحيح، ١٦/ ٤٦٤۔ ٤٦٧، الرقم: ٧٤٣٧، و ابن أبی عاصم فی السنة، ١/ ٢٥٨، الرقم: ٥٨٥۔ ٥٨٦، و المنذری فی الترغيب و الترهيب، ٤/ ٣٠١، الرقم: ٥٧٢٨۔

اور آپ کو جنت کے بازار میں اکٹھا کر دے۔ سعید کہنے لگے: کیا اس میں کوئی بازار ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں مجھے رسول اللہ ﷺ نے بتایا ہے کہ جب جنتی جنت میں داخل ہو جائیں گے تو وہ اپنے عملوں کی برتری کے لحاظ سے مراتب حاصل کریں گے۔ دنیا کے جمعہ کے روز کے برابر انہیں اجازت دی جائے گی کہ وہ اللہ تعالیٰ کا دیدار کریں گے۔ اور وہ ان کے لیے اپنا عرش ظاہر کرے گا......'

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں، کیا تم سورج اور چودھویں کے چاند کو دیکھنے میں کوئی شک کرتے ہو؟ ہم نے کہا نہیں۔ آپ نے فرمایا: اسی طرح تم اپنے پروردگار کے دیدار میں کوئی شک نہیں کرو گے۔ اس محفل میں کوئی ایسا شخص نہیں ہوگا جس سے اللہ تعالیٰ براہِ راست گفتگو نہ فرمائے۔......''

''انہوں نے کہا کہ پھر ہم واپس اپنے گھروں میں آجائیں گے۔ ہماری بیویاں ہمارا استقبال کریں گی اور کہیں گی خوش آمدید، خوش آمدید، تم واپس آئے ہو، تو تمہارا حسن و جمال ہم سے جدا ہوتے وقت سے بڑھ گیا ہے، وہ کہے گا: آج ہماری مجلس ہمارے رب جبار سے ہوئی ہے۔ ہم اسی (خوبصورت) شکل وصورت میں تبدیل ہونے کے حق دار تھے۔''

۱۱۶۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ عزوجل أَحَاطَ حَائِطَ الْجَنَّةِ لَبِنَةً مِنْ ذَهَبٍ وَ لَبِنَةً مِنْ فِضَّةٍ ثُمَّ شَقَّقَ فِيْهَا الْأَنْهَارَ وَ غَرَسَ الْأَشْجَارَ فَلَمَّا نَظَرَتِ الْمَلَائِكَةُ إِلَى حُسْنِهَا قَالَتْ: طُوْبَى لَکِ مَنَازِلَ الْمُلُوکِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَ الْبَزَّارُ وَ أَحْمَدُ مُخْتَصَرًا.

---

الحديث رقم ۱۱٦: أخرجه البزار في المسند (كشف الأستار)، ٤/ ١٨٩، و الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/ ٣٩٧، و قال: رواه البزار مرفوعا و موقوفا، و الطبراني في الأوسط و رجال الموقوف رجال الصحيح، و أحمد بن حنبل في المسند، ٢/ ٣٦٢، و الطبراني في المعجم الأوسط، ←

Marfat.com

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جنت کی بیرونی دیوار اس طرح بنائی ہے کہ اس کی ایک اینٹ سونے کی ہے اور ایک چاندی کی پھر اس میں نہریں چلائیں اور درخت لگائے۔ جب فرشتوں نے اس کی خوب صورتی کو دیکھا تو انہوں نے کہا: اے (روحانیت اور ولایت کے) بادشاہوں کی جائے قرار! تجھے مبارک ہو۔‘‘

١١٧۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه فِي رِوَايَةٍ طَوِيْلَةٍ: قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: فَيَكُوْنُ أَوَّلُ مَا يَسْمَعُوْنَ مِنْهُ أَنْ يَقُوْلَ أَيْنَ عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَطَاعُوْنِي بِالْغَيْبِ وَلَمْ يَرَوْنِي وَ صَدَّقُوا رُسُلِي وَاتَّبَعُوا امْرِي فَسَلُوْنِي فَهٰذَا يَوْمُ الْمَزِيْدِ قَالَ: فَيَجْتَمِعُوْنَ عَلَى كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ رَبِّ! رَضِيْنَا عَنْکَ فَارْضَ عَنَّا قَالَ: فَيَرْجِعُ اللهُ تَعَالَى فِي قَوْلِهِمْ أَنْ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ إِنِّي لَوْ لَمْ أَرْضَ عَنْكُمْ لَمَا أَسْكَنْتُكُمْ جَنَّتِي فَسَلُوْنِي فَهٰذَا يَوْمُ الْمَزِيْدِ قَالَ: فَيَجْتَمِعُوْنَ عَلَى كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ رَبِّ وَجْهَکَ أَرِنَا نَنْظُرُ إِلَيْهِ قَالَ: فَكَشَفَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى تِلْکَ الْحُجُبَ وَ يَتَجَلَّى لَهُمْ شَيْءٌ لَوْ لَا أَنَّهُ قَضَى عَلَيْهِمْ أَنْ لَا

......... ٣/٧٤، الرقم: ٢٥٣٢، و الحميدى مختصرا فى المسند، ٢/٤٨٦، الرقم: ١١٥٠، و الديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ١/١٧٨، الرقم: ٦٦٤: ٢/١١٥، الرقم: ٢٦٠٥، و ابن المبارك فى الزهد، ١/٥١٢، الرقم: ١٤٥٧، و المنذرى فى الترغيب و الترهيب، ٤/٢٨٢، الرقم: ٥٦٥٠۔ و قال: أخرجه البيهقى۔

الحديث رقم ١١٧: أخرجه البزار فى المسند، ٧/٢٨٨، الرقم: ٢٨٨١، و المنذرى فى الترغيب و الترهيب، ٤/٣١١، الرقم: ٥٧٤٨، و الهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٤٢٢۔

Marfat.com

يَحْتَرِقُوا لَاحْتَرَقُوا مِمَّا غَشِيَهُمْ مِنْ نُوْرِهِ فَيَغْشَاهُمْ مِنْ نُوْرِهِ.

قَالَ: فَيَرْجِعُونَ إِلَى مَنَازِلِهِمْ وَ قَدْ خَفُوا عَلَى أَزْوَاجِهِمْ وَ خَفِيْنَ عَلَيْهِمْ مِمَّا غَشِيَهُمْ مِنْ نُوْرِهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى فَإِذَا صَارُوا إِلَى مَنَازِلِهِمْ تَرَادَّ النُّوْرُ وَ أَمْكَنَ وَ تَرَادَّ وَ أَمْكَنَ حَتَّى يَرْجِعُوا إِلَى صُوَرِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا قَالَ: فَيَقُولُ لَهُمْ أَزْوَاجُهُمْ: لَقَدْ خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِنَا عَلَى صُوْرَةٍ وَ رَجَعْتُمْ عَلَى غَيْرِهَا قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: ذَلِكَ بِأَنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى تَجَلَّى لَنَا فَنَظَرْنَا مِنْهُ إِلَى مَا خَفِيْنَا بِهِ عَلَيْكُمْ قَالَ: فَلَهُمْ فِي كُلِّ سَبْعَةِ أَيَّامٍ الضِّعْفُ عَلَى مَا كَانُوا قَالَ: وَ ذَلِكَ قَوْلُهُ عزوجل: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُوْنَ﴾: [السجدة: ١٧]. رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ایک طویل روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو سب سے پہلی بات سنیں گے، وہ یہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے وہ بندے کہاں ہیں جنہوں نے مجھے دیکھے بغیر میری اطاعت کی اور میرے رسولوں کی تصدیق کی اور میرا حکم مانا؟ تم مجھ سے مانگو یہ یوم المزید (یعنی میرے لطف و کرم کی بے بہا بارشوں کا دن) ہے وہ تمام ایک بات پر اتفاق کریں گے کہ اے رب! ہم تجھ سے خوش ہیں، تو ہم سے خوش ہوجا۔ اللہ تعالیٰ ان سے دوبارہ فرمائے گا: اے جنتیو! اگر میں تم سے راضی نہ ہوتا تو میں تمہیں جنت میں نہ ٹھہراتا۔ تم مجھ سے مانگو یہ یوم المزید ہے۔ وہ بیک آواز کہیں گے اے رب! ہمیں اپنا چہرہ مبارک دکھا، ہم تیرا دیدار کرلیں۔ اللہ تعالیٰ وہ پردے اٹھادے گا اور ان کے سامنے ایک چیز جلوہ افروز ہوگی اگر اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق یہ فیصلہ نہ کیا ہوتا کہ وہ جلیں گے نہیں تو وہ اس کے نور کی وجہ سے جل بھی جائیں، اس کے بعد اس کا نور ان پر سایہ فگن ہوجائے گا......

Marfat.com

وہ اپنے ٹھکانوں کی طرف آ جائیں گے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے حاصل ہونے والے نور سے ان کی بیویاں ان کے متعلق لاعلم ہوں گی اور وہ ان کے متعلق لاعلم ہوں گے، جب وہ گھر پہنچیں گے تو نور بڑھتا جائے گا اور پختہ ہوتا جائے گا۔ یہاں تک کہ وہ اپنی ان شکلوں کی طرف لوٹ آئیں گے جن میں وہ پہلے تھے۔ ان کی بیویاں ان سے کہیں گی تم جس شکل وصورت میں ہمارے ہاں سے گئے تھے اس کے علاوہ شکل و صورت میں واپس ہوئے۔ وہ کہیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ہمارے سامنے جلوہ افروز ہوا اور ہم نے اس کا دیدار کیا تو ہماری شکلیں تم سے مخفی رہ گئیں۔ آپ نے فرمایا ہر سات روز میں انہیں اس سے دوگنا (دیدار) نصیب ہوگا اور یہی بات اللہ ﷻ کے اس فرمان میں ہے ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ﴾ کسی ذی روح کو علم نہیں کہ ان (جنتیوں) کے لیے ان کے عملوں کے صلے میں کیسی کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک مخفی رکھی گئی ہے۔"

# فَصْلٌ فِي كَرَامَاتِ الْأَوْلِيَاءِ رضي الله عنهم

## ﴿ کراماتِ اولیاء رضي الله عنهم کا بیان ﴾

١١٨ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنهَا زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهَا قَالَتْ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رضي الله عنه كَانَ نَحلَهَا جَادَّ عِشْرِيْنَ وَسْقًا مِنْ مَالِهِ بِالغَابَةِ. فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الوَفَاةُ قَالَ: وَاللهِ يَا بُنَيَّةُ مَامِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَحَبُّ إِلَيَّ غِنًى بَعدِي مِنْكِ وَلاَ أَعَزُّ عَلَيَّ فَقراً بَعْدِي مِنكِ. وَإِنِّي كُنْتُ نَحلْتُكِ جَادَّ عِشْرِيْنَ وَسْقًا. فَلَوْكُنْتِ جَدَدْتِيهِ واحْتَزْتِيهِ كَانَ لَكِ وَإِنَّمَا هُوَ اليَوْمَ مَالُ وَارِثٍ. وَإِنَّمَا هُوَ أَخَوَاكِ وأُخْتَاكِ. فَاقْتَسِمُوهُ عَلَى كِتَابِ اللهِ. قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنهَا: فَقُلْتُ: يَاأَبَتِ، وَاللهِ لَوْكَانَ كَذَا وَكَذَا لَتَرَكْتُهُ إِنَّمَا هِيَ أَسْمَاءُ فَمَنِ الأُخْرَى؟ فَقَالَ أَبُوبَكْرٍ رضي الله عنه: ذُوبَطْنِ بِنْتِ خَارِجَةَ أُرَاهَا جَارِيَةً فَوَلَدَتْ أُمَّ كُلْثُومٍ. رَوَاهُ مَالِكٌ وَالطَّحَاوِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

---

الحديث رقم ١١٨: أخرجه مالك فى الموطأ، كتاب: الأقضية، باب: مالايجوز من النحل، ٢/ ٧٥٢، الرقم: ١٤٣٨، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٦/ ١٦٩، الرقم: ١١٧٢٨، ١٢٢٦٧، والطحاوى فى شرح معانى الآثار، ٤/ ٨٨، وأبو القاسم هبة الله فى كرامات الأولياء، ١/ ١٧٧، الرقم: ٦٢، والعسقلانى فى الإصابة، ٧/ ٥٧٥، الرقم: ١١٠٢٣، وابن المرى فى تهذيب الأسماء، ٢/ ٥٧٤، الرقم: ١٠٣٠، ١٢٣٩، والزيلعى فى نصب الراية، ٤/ ١٢٢، وأبو جعفر الطبرى فى الرياض النضرة، ٢/ ١٢٣، ٢٥٧، وابن سعد فى الطبقات الكبرى، ٣/ ١٩٤.

''حضور نبی اکرم ﷺ کی زوجہ مبارکہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے غابہ میں انہیں کھجور کے چند درخت ہبہ کیے جن میں سے بیس وسق کھجوریں آتی تھیں۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو فرمایا: اے میری پیاری بیٹی! ایسا دوسرا کوئی نہیں جس کا اپنے بعد غنی ہونا مجھے تم سے زیادہ پسند ہو اور اپنے بعد مجھے کسی کی مفلسی تم سے زیادہ گراں نہیں۔ میں نے تمہیں کچھ درخت دیئے تھے جن سے بیس وسق کھجوریں آتی تھیں۔ اگر تم نے ان پر قبضہ کیا ہوتا تو وہ تمہارے ہو جاتے۔ اب وہ میراث کا مال ہے اور تمہارے دو بھائی اور دو بہنیں ہیں۔ سو سارے مال کو اللہ کی کتاب (کے حکم) کے مطابق تقسیم کر لینا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا: اباجان! مال خواہ کتنا ہی زیادہ ہوتا میں چھوڑ دیتی لیکن میری بہن تو صرف حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ہیں دوسری کون ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ بنت خارجہ کے پیٹ میں ہے اور میرے خیال میں وہ لڑکی ہے۔''

١١٩۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فِي رِوَايَةٍ طَوِيْلَةٍ فَدَعَا

الحديث رقم ١١٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: مواقيت الصلاة، باب: السَّمَرِ مَعَ الضَّيفِ وَالأهلِ، ١/٢١٦، الرقم: ٥٧٧، وفی كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة فی الإسلام، ٣/١٣١٢، الرقم: ٣٣٨٨، وفی كتاب: الأدب، باب: مايُكره من الغضب والجزع عند الضيف، ٥/٢٢٧٤، الرقم: ٥٧٨٩، وفی كتاب: الأدب: باب: قول الضيف لصاحبه: لَا آكُلُ حَتّٰى تَاكُلَ، ٥/٢٢٧٤، الرقم: ٥٧٩٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الأشربة، باب: إكرام الضيف وفضل إيثاره، ٣/١٦٢٧، الرقم: ٢٠٥٧، والبزار فی المسند، ٦/٢٢٨، الرقم: ٢٢٦٣، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/١٩٧، الرقم: ١٧٠٢، ١٧١٢، والبيهقی فی الإعتقاد، ١/٣١٢، وأبو عوانة فی المسند، ٥/٢٠٤، الرقم: ٨٣٩٨، والعسقلانی فی الإصابة، ٨/٢٠٦، الرقم: ١٢٠٢٣، والفريابی فی دلائل النبوة، ١/٧٩، الرقم: ٤٤، وأبو جعفر الطبری فی الرياض النضرة، ٢/١٥٠۔

Marfat.com

(أي أَبُوبَكْرٍ رضی اللہ عنہ) بِالطَّعَامِ فَأَكَلَ وَأَكَلُوا فَجَعَلُوا لَا يَرْفَعُونَ لُقْمَةً إِلَّا رَبَا مِنْ أَسْفَلِهَا أَكْثَرُ مِنْها، فَقَالَ يَا أُخْتَ بَنِي فِرَاسٍ، مَاهٰذَا؟ قَالَتْ: لَا وَ قُرَّةِ عَيْنِي، لَهِيَ الآنَ أَكْثَرُ مِنْهَا قَبْلَ ذٰلِكَ بِثَلَاثِ مَرَّاتٍ، فَأَكَلُوْا وَبَعَثَ بِهَا إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَذَكَرَ أَنَّهُ أَكَلَ مِنْهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبدالرحمن بن ابو بکر رضی اللہ عنہما سے ایک طویل واقعہ میں مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام (اصحاب صفہ) کی دعوت کی، آپ نے خود بھی کھانا کھایا اور دوسروں نے بھی۔ ہر لقمہ اٹھانے کے بعد کھانا پہلے سے بھی زیادہ بڑھ جاتا۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے (اپنی بیوی سے جو بنی فراس کے قبیلہ سے تھیں) فرمایا: اے ہمشیرہ بنی فراس! یہ کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے عرض کیا: اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک اس وقت تو یہ کھانا پہلے سے تین گناہ زیادہ ہے چنانچہ ان سب صحابہ نے بھی خوب کھایا اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں بھی روانہ کیا جسے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی تناول فرمایا۔''

١٢٠۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: مَا سَمِعْتُ عُمَرَ لِشَيْءٍ قَطُّ يَقُوْلُ: إِنِّي لَأَظُنُّهُ كَذَا إِلَّا كَانَ كَمَا يَظُنُّ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کوئی ایسی بات نہیں سنی جس کے متعلق آپ نے فرمایا ہو کہ میرے خیال میں یہ اس طرح ہے

---

الحديث رقم ١٢٠: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: إسلامُ عمرَ بنَ الخطابِ رضی اللہ عنہ، ٣/١٤٠٣، الرقم: ٣٦٥٣، والحاكم فى المستدرك، ٣/٩٤، الرقم: ٤٥٠٣، وأبوالقاسم هبة الله فى كرامات الأولياء، ١/١١٩، الرقم: ٦٥، والنووى فى رياض الصالحين، ١/٥٦٨، الرقم: ١٥١٠.

اور وہ آپ کے خیال کے مطابق نہ نکلی ہو۔‘‘

۱۲۱۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم لَقَدْ كَانَ فِيْمَا قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ نَاسٌ مُحَدَّثُونَ، فَإِنْ يَكُ فِي أُمَّتِي أَحَدٌ فَإِنَّهُ عُمَرُ أَي مُلْهَمُونَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ، وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ مِنْ رِوَايَةِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا.

وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۲۔ وَ فِي رِوَايَةٍ: أَخْرَجَ الطَّبَرَانِيُّ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ! كَيْفَ مُحَدَّثٌ؟ قَالَ: تَتَكَلَّمُ الْمَلَائِكَةُ عَلَى لِسَانِهِ.

---

الحديث رقم ۱۲۱ / ۱۲۲: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بنَ الخطّابِ رضي الله عنه، ۳ / ۱۳۴۹، الرقم: ۳۴۸٦، وفى كتاب: الأنبياء، باب: أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيمِ: [الكهف: ۹]، ۳ / ۱۲۷۹، الحديث رقم: ۳۲۸۲، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر ص، ٤ / ۱۸٦٤، الرقم: ۲۳۹۸، والترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى مناقب عمر بن الخطاب رضي الله عنه، ۵ / ٦۲۲، الرقم: ۳٦۹۳، وابن حبان فى الصحيح، ۱۵ / ۳۱۷، الرقم: ٦۸۹٤، والحاكم فى المستدرك، ۳ / ۹۲، الرقم: ٤٤۹۹، وقال: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦ / ۵۵، الرقم: ۲٤۳۳۰، والبيهقى فى شعب الإيمان، ۵ / ٤۸، الرقم: ۵۷۳٤، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ۷ / ۱۸، الرقم: ٦۷۲٦، والديلمى فى الفردوس بماثور الخطاب، ۳ / ۲۷۸، الرقم: ٤۸۳۹، وإسحاق بن راهوية فى المسند، ۲ / ٤۷۹، الرقم: ۱۰۵۸، والحكيم الترمذي وى نوادر الأصول، ۳ / ۱۳۸، والنووى فى رياض الصالحين، ۱ / ۵٦٤، الرقم: ۱۵۰٤، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ۹ / ٦۹،والبيهقى فى الإعتقاد، ۱ / ۳۱۵، والعسقلانى فى فتح البارى، ۷ / ۵۰، والمباركفورى فى تحفة الأهوذى، ۱۰ / ۱۲۵.

Marfat.com

إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پہلی امتوں میں ایسے لوگ تھے جن کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے باتیں القاء کی جاتی تھیں (یعنی انہیں الہام ہوتا تھا) اور میری امت میں اگر کوئی ایسا شخص ہے تو وہ عمر ہے۔''

اور طبرانی نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت میں بیان کیا کہ ''صحابہ کرام نے پوچھا: اس الہام کی کیفیت کیا ہوتی ہے؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کی زبان پر فرشتے بولتے ہیں۔''

١٢٣۔ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى شَيَاطِيْنِ الإِنْسِ وَالجِنِّ قَدْ فَرُّوا مِنْ عُمَرَ.

وَ فِي رِوَايَةٍ: قَالَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَخَافُ (أَوْ لَيَفْرَقُ) مِنْكَ يَا عُمَرُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں جنات و انسانوں کے شیاطین کو دیکھتا ہوں کہ وہ عمر کے خوف سے بھاگ گئے ہیں اور ایک روایت میں فرمایا: اے عمر! تم سے شیطان ڈرتا ہے۔''

---

الحديث رقم ١٢٣: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: فی مناقب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، ٥/ ٦٢١، الرقم: ٣٦٩٠، ٣٦٩١، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥/ ٣٠٩، الرقم: ٥٩٥٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/ ٣٥٣، الرقم: ٢٣٠٣٩، وفی فضائل الصحابة، ١/ ٣٣٣، الرقم: ٤٨٠، والبيهقی فی السنن الكبرى، ١٠/ ٧٧، وابن حبان فی الصحيح، ١٠/ ٢٣١، الرقم: ٤٣٨٦۔

Marfat.com

١٢٤۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: أَنَّ عُمَرَ بَعَثَ جَيْشًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلاً يُدْعَى سَارِيَةَ، فَبَيْنَمَا عُمَرُ يَخْطُبُ فَجَعَلَ يَصِيْحُ: يَاسَارِيُّ! الْجَبَلَ. فَقَدِمَ رَسُولٌ مِنَ الْجَيْشِ فَقَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِينَ! لَقِيْنَا عَدُوَّنَا فَهَزَمُونَا فَإِذَا بِصَائِحٍ يَصِيْحُ: يَا سَارِيُّ الْجَبَلَ. فَأَسْنَدْنَا ظُهُورَنَا إِلَى الْجَبَلِ فَهَزَمَهُمُ اللهُ تَعَالَى. رَوَاهُ أَحْمَدُ فِي الْفَضَائِلِ وَالْبَيْهَقِيُّ وَأَبُو نُعَيْمٍ.

’’حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک لشکر روانہ فرمایا اور اس کا سالار ایک شخص کو مقرر کیا جس کا نام ساریہ تھا۔ ایک دن آپ خطبہ دے رہے تھے۔ آپ نے پکارا: اے ساریہ! پہاڑ کی اوٹ لو۔ (بعد میں) لشکر سے ایک قاصد آیا اور کہنے لگا: اے امیر المومنین! ہم دشمن سے لڑے اور اس نے ہمیں شکست دے دی پھر اچانک کسی پکارنے والے نے پکارا: اے ساریہ! پہاڑ کی اوٹ لو۔ ہم نے اپنی پیٹھیں پہاڑ کی طرف کر لیں تو اللہ تعالیٰ نے انہیں شکست (اور ہمیں فتح عطا) کی۔‘‘

١٢٥۔ عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَجَّاجِ عَمَّنْ حَدَّثَهُ قَالَ: لَمَّا فُتِحَتْ مِصْرُ أَتَى

---

الحديث رقم ١٢٤: أخرجه أحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ١/٢١٩، الرقم: ٣٥٥، والبيهقى فى دلائل النبوة، ٦/٣٧٠، وفى الإعتقاد، ١/٣١٤، وأبونعيم فى دلائل النبوة، ٣/٢١٠-٢١١، والخطيب التبريزى فى مشكاة المصابيح، كتاب: أحوال القيامة وبدء الخلق، باب: الكرامات، الفصل الثالث، ٢/٤١٠، الرقم: ٥٩٥٤، والرازى فى التفسير الكبير، ٢١/٨٧.

الحديث رقم ١٢٥: أخرجه أبو القاسم هبة الله فى كرامات الأولياء، ١/١١٩، الرقم: ٦٦، والقرطبى فى الجامع لأحكام القرآن، ١٣/١٠٣، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٣/٤٦٥، والرازى فى التفسير الكبير، ٢١/٨٨، والحموى فى معجم البلدان، ٥/٣٣٥.

أَهْلُهَا إِلَى عَمْرِو بْنِ العَاصِ رضي الله عنه حِيْنَ دَخَلَ بُوْنَة مِنْ أَشْهُرِ العَجَمِ. فَقَالُوا: أَيُّهَا الأَمِيرُ إِنَّ لِنِيلِنَا هَذَا سُنَّةً لاَ يَجْرِي إِلاَّ بِهَا. فَقَالَ: وَمَاذَاكَ؟ قَالُوا: إِذَا كَانَ ثِنْتَا عَشْرَةَ لَيْلَةً خَلَوْنَ مِنْ هَذَا الشَّهْرِ عَمَدْنَا إِلَى جَارِيَةٍ بِكْرٍ مِنْ أَبَوَيْهَا فَأَرْضَيْنَا أَبَوَيْهَا وَجَعَلْنَا عَلَيْهَا مِنَ الحُلِيِّ وَالثِّيَابِ أَفْضَلُ مَايَكُونُ ثُمَّ أَلْقَيْنَاهَا فِي هَذَا النِّيْلِ. فَقَالَ لَهُمْ عَمْرٌو رضي الله عنه: إِنَّ هَذَا مِمَّا لاَ يَكُوْنُ فِي الإِسْلاَمِ إِنَّ الإِسْلاَمَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ. قَالَ: فَأَقَامُوا بُوْنَةَ وَأَبِيبَ وَمَسْرَى وَالنِّيْلُ لاَ يَجْرِي قَلِيْلاً وَلاَ كَثِيْراً حَتَّى هَمُّوا بِالجَلاَءِ فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ عَمْرٌو رضي الله عنه كَتَبَ بِذَلِكَ إِلَى عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رضي الله عنه ، فَكَتَبَ: إِنَّكَ قَدْ أَصَبْتَ بِالَّذِي فَعَلْتَ وَإِنَّ الإِسْلاَمَ يَعْتَدِمُ مَاقَبْلَهُ وَإِنِي قَدْ بَعَثْتُ إِلَيْكَ بِبِطَاقَةٍ دَاخِلَ كِتَابِي هَذَا فَأَلْقِهَا فِي النِّيْلِ. فَلَمَّا قَدِمَ كِتَابُ عُمَرَ رضي الله عنه إِلَى عَمْرِو بْنِ العَاصِ رضي الله عنه، وَأَخَذَ البِطَاقَةَ فَفَتَحَهَا فَإِذَا فِيْهَا: مِنْ عَبْدِ اللهِ عُمَرَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِلَى نِيْلِ مِصْرَ أَمَّا بَعْدُ! فَإِنْ كُنْتَ إِنَّمَا تَجْرِي مِنْ قِبَلِكَ فَلاَ تَجْرِ وَإِنْ كَانَ اللهُ الوَاحِدُ القَهَّارُ هُوَالَّذِي يُجْرِيْكَ فَنَسْأَلُ اللهَ الوَاحِدَ القَهَّارَ أَنْ يُجْرِيَكَ. قَالَ: فَأَلْقَى البَطَاقَةَ فِي النِّيْلِ فَلَمَّا أَلْقَى البِطَاقَةَ أَصْبَحُوا يومَ السَّبْتِ وَقَدْ أَجْرَاهُ اللهُ تَعَالَى سِتَّةَ عَشَرَ ذِرَاعًا فِي لَيْلَةٍ وَاحِدَةٍ وَقَطَعَ اللهُ تَعَالَى تِلْكَ السُّنَّةَ عَنْ أَهْلِ مِصْرَ إِلَى اليَوْمِ.

رَوَاهُ أَبُوالقَاسِمِ هِبَةُ اللهِ وَالقُرْطِبِيُّ وَابْنُ كَثِيرٍ وَأَبُو الشَّيْخِ فِي كِتَابِ

Marfat.com

العَظْمَةِ.

''حضرت قیس بن حجاج روایت کرتے ہیں اس سے جس نے انہیں بتایا کہ مصر فتح ہونے کے بعد اہل مصر (گورنر مصر) حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب عجمی مہینہ بونہ شروع ہوا۔ اور عرض کیا: اے امیر! ہمارے اس دریائے نیل کا ایک معمول ہے جس کی تعمیل کے بغیر اس میں روانی نہیں آتی۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بتاؤ تو وہ کیا معمول ہے؟ ان لوگوں نے جواب دیا: جب اس مہینہ کی بارہ تاریخ آتی ہے تو ہم ایک کنواری لڑکی اس کے والدین کی رضا مندی سے حاصل کرتے ہیں اور پھر اسے عمدہ سے عمدہ زیورات اور کپڑے پہنا کر اس دریائے نیل کی نذر کر دیتے ہیں۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ سب کچھ اسلام میں نہیں ہوگا۔ اسلام زمانہ جاہلیت کی تمام (بے ہودہ) رسوم کو ختم کرتا ہے۔ (راوی نے) کہا: اہل مصر بونہ، ابیب اور مَسرِی تین ماہ تک اس حکم پر قائم رہے۔ نیل کی روانی رُکی رہی پانی کا قطرہ نہ رہا۔ دریائے نیل کی روانی کو بند دیکھ کر لوگوں نے ترک وطن کا ارادہ کیا۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے تمام حالات کی امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو اطلاع دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب میں لکھا کہ اے عمرو بن عاص! تم نے جو کچھ کیا درست کیا۔ اسلام نے سابقہ (بے ہودہ) رسوم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا ہے۔ میں اپنے اس خط کے اندر ایک رقعہ بھیج رہا ہوں۔ اسے دریائے نیل میں ڈال دینا۔ پس جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا خط حضرت عمرو بن العاص تک پہنچا تو انہوں نے اس خط کو کھولا تو اس میں درج ذیل عبارت تھی۔ ''اللہ کے بندے امیرالمومنین عمر کی طرف سے مصر کے دریائے نیل کے نام! حمد و صلاۃ کے بعد (اے دریا) اگر تو اپنی مرضی سے بہتا ہے تو ہرگز نہ بہہ! اور اگر اللہ واحد و قہار ہی تجھے رواں کرتا ہے تو ہم خداوندِ واحد و قہار سے سوال کرتے ہیں کہ وہ تجھے جاری کر دے۔ چنانچہ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے وہ رقعہ دریائے نیل میں ڈال دیا۔ جب رقعہ ڈالا ہفتہ کے دن صبح لوگوں نے دیکھا کہ ایک رات میں اللہ تعالیٰ نے سولہ ہاتھ (پہلے سے بھی)

Marfat.com

اونچا پانی دریائے نیل میں جاری فرما کر اہل مصر سے اسی دن سے آج تک اس قدیم ظالمانہ رسم کو ہمیشہ کے لیے ختم فرما دیا۔‘‘

۱۲۶۔ عَنْ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ فِي رِوَايَةٍ طَوِيْلَةٍ: قُتِلَ عُثْمَانُ رضی الله عنه، وَإِنَّ رَأْسَهُ عَلَى الْبَابِ لَيَقُوْلُ: طُقْ طُقْ حَتَّى صَارُوا بِهِ إِلَى حَشِّ كَوْكَبٍ فَاحْتَفَرُوا لَهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

’’حضرت امام مالک رضی الله عنه سے ایک طویل روایت میں مروی ہے فرماتے ہیں: حضرت عثمان رضی الله عنه کو شہید کیا گیا، اور دروازے پر ہی ان کا سر مبارک پکار رہا تھا: مجھے دفن کرو، مجھے دفن کرو۔ چنانچہ آپ رضی الله عنه کے ساتھی آپ رضی الله عنه کی نعش مبارک کو باغِ کوکب لے گئے جہاں انہوں نے آپ رضی الله عنه کو دفن کیا۔‘‘

۱۲۷۔ عَنْ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: وَكَانَ عُثْمَانُ رضی الله عنه يَمُرُّ بِحَشِّ كَوْكَبٍ فَيَقُوْلُ لَيُدْفَنُ رَجُلٌ صَالِحٌ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

---

الحديث رقم ۱۲٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ۱/ ۷۸، الرقم: ۱۰۹، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ۳۹/ ۵۳۲، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۹/ ۹۵، وابن عبدالبر في الاستيعاب، ۳/ ۱۰٤۷، وابن سعد في الطبقات، ۳/ ۷۷، والمزي في تهذيب الكمال، ۱۹/ ٤۵۷، والعسقلاني في تلخيص الحبير، ۲/ ۱٤۵.

الحديث رقم ۱۲۷: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ۱/ ۷۸، الرقم: ۱۰۹، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ۳۹/ ۵۳۲، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۹/ ۹۵، وابن عبدالبر في الاستيعاب، ۳/ ۱۰٤۷، وابن سعد في الطبقات، ۳/ ۷۷، والمزي في تهذيب الكمال، ۱۹/ ٤۵۷.

Marfat.com

''حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ باغِ کوکب کے پاس سے گذرتے تو فرماتے کہ یہاں ایک نیک انسان دفن کیا جائے گا (چنانچہ آپ خود وہاں دفن کئے گئے)۔''

١٢٨۔ عَنِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: إِنَّ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ أَصْبَحَ فَحَدَّثَ فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فِي الْمَنَامِ اللَّيْلَةَ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ أَفْطِرْ عِنْدَنَا فَأَصْبَحَ عُثْمَانُ رضی اللہ عنہ صَائِمًا فَقُتِلَ مِنْ يَوْمِهِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ایک دن صبح کے وقت فرمایا: میں نے رات کو دیکھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! آج کا روزہ ہمارے پاس افطار کرو گے۔ سو اس دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے روزہ رکھا اور اسی دن آپ کو شہید کر دیا گیا۔''

١٢٩۔ وَ فِي رِوَايَةٍ: عَنِ امْرَأَةِ عُثْمَانَ قَالَتْ: قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالُوا: إِنَّكَ تُفْطِرُ عِنْدَنَا اللَّيْلَةَ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ سَعْدٍ.

---

الحديث رقم ١٢٨/ ١٢٩: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/ ١١٠، الرقم: ٤٥٥٤، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/ ١٨١، الرقم: ٣٠٥١٠۔ ٣٠٥١١: ٧/ ٤٤٢، الرقم: ٣٧٠٨٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٧/ ٢٣٢، وابن سعد فى الطبقات، ٣/ ٧٤، وابن حيان فى طبقات المحدثين، ٢/ ٢٩٨، الرقم: ١٨٢، وابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٣٩، ٣٨٤۔

''ایک روایت میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما کو دیکھا وہ سب مجھے کہہ رہے تھے: (اے عثمان!) آج رات تمہاری افطاری ہمارے ساتھ ہے۔''

۱۳۰۔ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ يَسَارٍ رضي الله عنه: أَنَّ جَهْجَاهَ الْغِفَارِيَّ أَخَذَ عَصَا عُثْمَانَ الَّتِي يَتَخَصَّرُ بِهَا فَكَسَرَهَا عَلَى رُكْبَتِهِ فَوَقَعَتْ فِي رُكْبَتِهِ الْآكِلَةُ.

رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ وَأَبُوا الْقَاسِمِ هِبَةُ اللهِ.

''حضرت سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کہ جہجاہ الغفاری نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا عصا جس پر ٹیک لگائے تھے اپنے گھٹنے پر رکھ کر (گستاخی کے ساتھ) توڑ دیا تو اس کے گھٹنے پر پھوڑا نکل آیا۔''

۱۳۱۔ عَنْ أَبِي رَافِعٍ رضي الله عنه مَولَى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ عَلِيٍّ رضي الله عنه حِيْنَ بَعَثَهُ رَسُوْلُ اللهِ بِرَأْيَتِهِ، فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْحِصْنِ، خَرَجَ إِلَيْهِ أَهْلُهُ فَقَاتَلَهُمْ، فَضَرَبَهُ رَجُلٌ مِنْ يَهُوْدٍ فَطَرَحَ تُرْسَهُ مِنْ يَدِهِ، فَتَنَاوَلَ عَلِيٌّ رضي الله عنه بَابًا كَانَ عِنْدَ الْحِصْنِ، فَتَرَّسَ بِهِ نَفْسَهُ، فَلَمْ يَزَلْ فِي يَدِهِ وَهُوَ يُقَاتِلُ

---

الحديث رقم ۱۳۰: أخرجه ابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ۳۹/ ۳۲۹، وأبو القاسم هبة الله فى كرامات الأولياء، ۱/ ۱۲٤، الرقم: ۷۰، وابن عبدالبر فى الاستيعاب، ۱/ ۲٦۹، والرازى فى التفسير الكبير، ۲۱/ ۸۸۔

الحديث رقم ۱۳۱: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٦/ ۸، الرقم: ۲۳۹۰۹، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٦/ ۱٥۲، والطبري فى تاريخ الأمم والملوك، ۲/ ۱۳۷، وابن هشام فى السيرة النبوية، ٤/ ۳۰٦۔

Marfat.com

حَتَّى فَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ أَلْقَاهُ مِنْ يَدَيْهِ حِيْنَ فَرَغَ فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي فِي نَفَرٍ مَعِي سَبْعَةٌ أَنَا ثَامِنُهُمْ، نَجْهَدُ عَلَى أَنْ نَقْلِبَ ذٰلِکَ الْبَابَ فَمَا نَقْلِبُهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابو رافع جو حضور نبی اکرم ﷺ کے غلام تھے روایت فرماتے ہیں کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا جھنڈا دے کر خیبر کی طرف روانہ کیا تو ہم بھی ان کے ساتھ تھے جب ہم قلعہ خیبر کے پاس پہنچے جو مدینہ منورہ کے قریب ہے تو خیبر والے آپ پر ٹوٹ پڑے۔ آپ بے مثال بہادری کا مظاہرہ کر رہے تھے کہ اچانک آپ پر ایک یہودی نے چوٹ کر کے آپ کے ہاتھ سے ڈھال گرادی۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قلعہ کا ایک دروازہ اکھیڑ کے اپنی ڈھال بنا لیا اور اسے ڈھال کی حیثیت سے اپنے ہاتھ میں لئے جنگ میں شریک رہے۔ بالآخر دشمنوں پر فتح حاصل ہوجانے کے بعد اس ڈھال نما دروازہ کو اپنے ہاتھ سے پھینک دیا اس سفر میں میرے ساتھ سات آدمی اور بھی تھے اور ہم آٹھ کے آٹھ مل کر اس دروازے کو الٹنے کی کوشش کرتے رہے لیکن وہ دروازہ (جسے حضرت علی نے تنہا اکھیڑا تھا) نہ الٹ سکے۔''

١٣٢۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ: أَنَّ عَلِيًّا رضی اللہ عنہ حَمَلَ الْبَابَ يَوْمَ خَيْبَرٍ حَتَّى صَعِدَ الْمُسْلِمُوْنَ فَفَتَحُوْهَا وَأَنَّهُ جُرِّبَ فَلَمْ يَحْمِلْهُ إِلَّا أَرْبَعُوْنَ رَجُلاً.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

---

الحديث رقم ١٣٢: أخرجه ابن أبي أبي شيبة فى المصنف، ٦/٣٧٤، الرقم: ٣٢١٣٩، والعسقلانی فی فتح الباری، ٧/٤٧٨، والعجلونی فی کشف الخفاء، ١/٤٣٨، الرقم: ١١٦٨، وَقَالَ العجلونِي: رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ، والطبري فی تاریخ الأمم والملوك، ٢/١٣٧، وابن هشام فی السيرة النبوية، ٤/٣٠٦.

Marfat.com

وَقَالَ الْعَسْقَلَانِيُّ: رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ غزوہ خیبر کے روز حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قلعہ خیبر کا دروازہ اٹھالیا یہاں تک کہ مسلمان قلعہ پر چڑھ گئے اور اسے فتح کرلیا اور یہ آزمودہ بات ہے کہ اس دروازے کو چالیس آدمی مل کر ہی اٹھاتے تھے۔''

١٣٣۔ عَنْ زَادَانَ رضی اللہ عنہ: أَنَّ عَلِيًّا رضی اللہ عنہ حَدَّثَ حَدِيْثًا فَكَذَّبَهُ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ رضی اللہ عنہ: أَدْعُو عَلَيْكَ إِنْ قُلْتَ كَاذِبًا قَالَ: أُدْعُ فَدَعَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَبْرَحْ حَتَّى ذَهَبَ بَصَرُهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت زادان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے گفتگو فرمائی تو ایک شخص نے آپ کو جھٹلایا اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تو نے جھوٹ بولا ہو تو میں تجھے بددعا دوں؟ اس نے کہا: ہاں بددعا کریں چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کے لیے بددعا کی تو وہ شخص ابھی اس مجلس سے اٹھنے بھی نہ پایا تھا کہ اندھا ہوگیا۔''

١٣٤۔ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: خَطَبَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا حِيْنَ قُتِلَ عَلِيٌّ رضی اللہ عنہ فَقَالَ: يَا أَهْلَ الْكُوفَةِ أَوْ يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ لَقَدْ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ رَجُلٌ قُتِلَ اللَّيْلَةَ أَوْ أُصِيْبَ الْيَوْمَ لَمْ يَسْبِقْهُ الْأَوَّلُونَ بِعِلْمٍ وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُوْنَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا بَعَثَهُ فِي سَرِيَّةٍ كَانَ جِبْرِيْلُ عليه السلام

---

الحديث رقم ١٣٣: أخرجه الطبراني فى المعجم الأوسط، ٢/ ٢١٩، الرقم: ١٧٩١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/ ١١٦، وأبوالقاسم هبة الله فى كرامات الأولياء، ١/ ١٢٦، الرقم: ٧٣۔

الحديث رقم ١٣٤: أخرجه ابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/ ٣٦٩، الرقم: ٣٢٠٩٤، والهندى فى كنزالعمال، ٦/ ٤١٢۔

Marfat.com

عَنْ يَمِيْنِهِ وَمِيْكَائِيلُ عليه السلام عَنْ يَسَارِهِ فَلَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللهُ عَلَيْهِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عاصم بن ضمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے خطبہ ارشاد فرمایا: اے اہل کوفہ! (یا فرمایا:) اے اہل عراق! آج تمہارے درمیان وہ شخص شہید کر دیا گیا جس سے علم میں (امت کے) اولین بھی سبقت نہیں کر سکتے اور آخرین میں سے بھی کوئی ان کے مقام کو نہ پہنچ سکے گا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کسی جہاد کی مہم پر روانہ فرماتے تو آپ کی دائیں طرف حضرت جبرئیل اور بائیں طرف میکائیل علیہما السلام رہا کرتے تھے اور آپ کبھی بھی فتح حاصل کئے بغیر نہیں لوٹتے تھے۔''

١٣٥۔ عَنْ أُمِّ سَلْمَى رَضِيَ اللهُ عَنْهَا، قَالَتْ: اشْتَكَتْ فَاطِمَةُ سَلَامُ اللهِ عَلَيْهَا شَكْوَاهَا الَّتِي قُبِضَتْ فِيْهِ، فَكُنْتُ أُمَرِّضُهَا فَأَصْبَحَتْ يَوْمًا كَأَمْثَلِ مَارَأَيْتُهَا فِي شَكْوَاهَا تِلْكَ. قَالَتْ: وَخَرَجَ عَلِيٌّ رضی اللہ عنہ لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، فَقَالَتْ: يَا أُمَّهْ اسْكُبِي لِي غُسْلاً، فَسَكَبْتُ لَهَا غُسْلاً فَاغْتَسَلَتْ كَأَحْسَنِ مَا رَأَيْتُهَا تَغْتَسِلُ، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ أَعْطِيْنِي. ثِيَابِي الْجُدُدَ، فَأَعْطَيْتُهَا، فَلَبِسَتْهَا، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ قَدِّمِي لِي فِرَاشِي وَسَطَ

---

الحديث رقم ١٣٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٤٦١، الرقم: ٢٧٦٥٦-٢٧٦٥٧، والدولابى فى الذرية الطاهرة، ١/١١٣، والزيلعى فى نصب الراية، ٢/٢٥٠، والطبرى فى ذخائر العقبىٰ فى مناقب ذوى القربى، ١/١٠٣، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/٢١٠، وابن الأثير فى أسد الغابة فى معرفة الصحابة، ٧/٢٢١۔

الْبَيْتِ، فَفَعَلْتُ وَاضْطَجَعَتْ وَاسْتَقْبَلَتِ الْقِبْلَةَ، وَجَعَلَتْ يَدَهَا تَحْتَ خَدِّهَا، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ إِنِّي مَقْبُوضَةٌ الْآنَ، وَقَدْ تَطَهَّرْتُ فَلَا يَكْشِفُنِي أَحَدٌ، فَقُبِضَتْ مَكَانَهَا، قَالَتْ: فَجَاءَ عَلِيٌّ رضي الله عنه فَأَخْبَرْتُهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت امّ سلمی رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں: کہ جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا اپنی مرض موت میں مبتلا ہوئیں تو میں ان کی تیمارداری کرتی تھی۔ بیماری کے اس پورے عرصہ کے دوران جہاں تک میں نے دیکھا ایک صبح ان کی حالت قدرے بہتر تھی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کسی کام سے باہر گئے۔ سیدہ کائنات نے کہا: اے اماں! میرے غسل کے لیے پانی لائیں۔ میں پانی لائی۔ آپ نے جہاں تک میں نے دیکھا بہترین غسل کیا۔ پھر بولیں: اماں جی! مجھے نیا لباس دیں۔ میں نے ایسا ہی کیا آپ قبلہ رخ ہو کر لیٹ گئیں۔ ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے کر لیا پھر فرمایا: اماں جی: اب میری وفات ہو جائے گی، میں (غسل کر کے) پاک ہو چکی ہوں، لہٰذا مجھے کوئی نہ کھولے پس اُسی جگہ آپ کی وفات ہوگئی۔ ''اُمّ سلمی کہتی ہیں: پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ تشریف لائے تو میں نے انہیں ساری بات بتائی۔''

١٣٦۔ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ رضي الله عنه قَالَ: لَمَّا جِيءَ بِرَأْسِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَصْحَابِهِ نُضِّدَتْ فِي الْمَسْجِدِ فِي الرَّحَبَةِ فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ: قَدْ جَائَتْ قَدْ جَائَتْ، فَإِذَا حَيَّةٌ قَدْ جَائَتْ تَخَلَّلُ الرُّؤُوْسَ حَتَّى

---

الحديث رقم ١٣٦: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب، باب: مناقب الحسن و الحسین علیهماالسلام، ٥/ ٦٦٠، الرقم: ٣٧٨٠، و الطبرانی فی المعجم الکبیر، ٣/ ١١٢، الرقم: ٢٨٣٢، و البار کفوری، فی تحفة الأحوذی، ١٠/ ١٩٣۔

Marfat.com

دَخَلَتْ فِي مِنْخَرَي عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ فَمَكَثَتْ هُنَيْهَةً ثُمَّ خَرَجَتْ فَذَهَبَتْ حَتَّى تَغَيَّبَتْ. ثُمَّ قَالُوا: قَدْ جَائَتْ قَدْ جَائَتْ، فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاثًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ الطَّبَرَانِيُّ.

و قَالَ أَبُو عِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عمارہ بن عمیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب (امام حسین علیہ السلام کے قاتل) عبید اللہ بن زیاد اور اس کے ساتھیوں کے سر لا کر مسجد کے برآمدے میں رکھے گئے اور میں اس وقت ان لوگوں کے پاس پہنچا جبکہ وہ لوگ کہہ رہے تھے وہ آ گیا وہ آ گیا۔ اتنی دیر میں ایک سانپ کہیں سے آیا اور ان کے سروں میں گھسنا شروع کیا اور عبید اللہ بن زیاد کے نتھنے میں گھسا اور اس میں تھوڑی دیر ٹھہر کر پھر باہر آ گیا اور کہیں چلا گیا یہاں تک کہ وہ غائب ہو گیا، پھر اچانک وہ کہنے لگے وہ آ گیا وہ آ گیا وہ سانپ پھر آیا اور یہی عمل اس نے دو یا تین بار دہرایا۔''

۱۳۷۔ عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا رِجَاءَ الْعَطَارِدِيَّ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: لَا تَسُبُّوْا عَلِيًّا رضی اللہ عنہ وَلَا أَهْلَ هٰذَا الْبَيْتِ فَإِنَّ جَارًا لَنَا مِنْ بَلْهُجَيْمِ قَالَ: أَلَمْ تَرَوْا إِلَى هٰذَا الْفَاسِقِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ (عَلَيْهِمَا السَّلَامُ) قَتَلَهُ اللهُ، فَرَمَاهُ اللهُ بِكَوْكَبَيْنِ فِي عَيْنَيْهِ فَطَمَسَ اللهُ بَصَرَهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

---

الحديث رقم ۱۳۷: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ۳/۱۱۲، الرقم: ۲۸۳۰، و الهيثمی فی مجمع الزوائد، ۹/۱۹۶، و قال: وَ رِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ۔

Marfat.com

''حضرت قرہ بن خالد فرماتے ہیں کہ میں نے سنا کہ حضرت ابو رجاء عطاردی رضی اللہ عنہ فرما رہے تھے: حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے اہل بیت کو گالیاں مت دو۔ ہمارا ایک پڑوسی تھا کہنے لگا کیا تم یہ نہیں دیکھتے (معاذ اللہ) کہ اس فاسق حسین بن علی کو اللہ تعالیٰ نے قتل کر دیا، (اس کا یہ کہنا ہی تھا کہ) اسی وقت اللہ تعالیٰ نے اس کی دونوں آنکھوں میں دو ستارے مارے اور وہ اندھا ہو گیا۔''

١٣٨۔ عَنْ خَيْثَمَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: أُتِيَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ رضی اللہ عنہ بِرَجُلٍ وَمَعَهُ زِقُّ خَمْرٍ فَقَالَ: اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ عَسَلاً، فَصَارَ عَسَلاً.

''حضرت خیثمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی لایا گیا اس کے پاس شراب کی صراحی تھی آپ نے فرمایا: اے اللہ! اسے شہد بنا دے تو وہ شراب فوراً شہد میں تبدیل ہو گئی۔''

١٣٩۔ وَ فِي رِوَايَةٍ: لَمَّا قَدِمَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ الْحُرَّةَ أُتِيَ بِسَمٍّ فَوَضَعَهُ فِي رَاحَتِهِ ثُمَّ سَمَّى وَشَرِبَهُ. رَوَاهُ أَبُو الْقَاسِمِ هِبَةُ وَالذَّهَبِيُّ الْعَسْقَلَانِيُّ.

وَقَالَ: رَوَاهُ أَبُويَعْلَى وَابْنُ سَعْدٍ وَابْنُ أَبِي الدُّنْيَا بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ.

اور ایک روایت میں ہے کہ ''جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ حرۃ کے مقام پر آئے تو آپ کے پاس زہر قاتل لایا گیا آپ نے اسے ہتھیلی پر ڈالا اور بسم اللہ پڑھ کر پی گئے (مگر اس زہر نے آپ پر کوئی مضر اثر نہیں کیا)۔''

---

الحديث رقم ١٣٨ / ١٣٩: أخرجه أبو القاسم هبة الله فى كرامات الأولياء، ٢ / ٢٥٤، الرقم: ٩٤-٩٧، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ١ / ٣٧٥، ٣٧٦، والعسقلانى فى الإصابة، ٢ / ٢٥٤، والرازى فى التفسير الكبير، ٢١ / ٨٩.

Marfat.com

۱٤٠۔ عَنْ أَبِي خَلدَةَ قَالَ: قُلْتُ لأَبِي العَالِيَةِ: سَمِعَ أَنَسٌ رضی الله عنه مِنَ النَّبِيِّ صلی الله علیه وآله وسلم قَالَ: خَدَمَهُ عَشْرَ سِنِينَ وَدَعَا لَهُ النَّبِيُّ صلی الله علیه وآله وسلم وَكَانَ لَهُ بُسْتَانٌ يَحْمِلُ فِي السَّنَةِ الْفَاكِهَةَ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ فِيهَا رَيْحَانٌ، كَانَ يَجِدُ مِنْهُ رِيحَ الْمِسْكِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ. وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت ابو خلدہ (تابعی) سے روایت ہے کہ میں نے ابو عالیہ سے پوچھا: کیا حضرت انس رضی الله عنه نے حضور نبی اکرم صلی الله علیه وآله وسلم سے احادیث کی سماعت کی ہے؟ ابو عالیہ نے کہا: حضرت انس رضی الله عنه نے دس سال حضور نبی اکرم صلی الله علیه وآله وسلم کی خدمت کی اور رسول اللہ صلی الله علیه وآله وسلم نے ان کے لیے دعا فرمائی جس کے باعث حضرت انس کا باغ سال میں دو مرتبہ پھل دیتا تھا اور ان کے باغ میں ایک خوشبودار پودا تھا جس سے ان کو کستوری کی خوشبو آتی تھی۔‘‘

۱٤۱۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه فِي رِوَايَةٍ طَوِيْلَةٍ: وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ قَتَلَ

الحديث رقم ۱٤٠: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم، باب: مناقب لأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه، ٥/٦٨٣، الرقم: ۳۸۳۳، والذهبی فی سير أعلام النبلاء، ۳/٤٠٠، العسقلانی فی الإصابة، ۱/۱۲۷، والخطيب التبريزی فی مشكاة المصابيح، كتاب: أحوال القيامة وبدء الخلق، باب: الكرامات، الفصل الثانی، ۲/٤٠۱، الرقم: ٥٩٥۲.

الحديث رقم ۱٤۱: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المغازي، باب: غَزْوَةُ الرَّجِيعِ، وَرِعْلٍ، وَذَكْوان، وبِئر مَعُونة، ٤/۱٤٩٩، الرقم: ۳۸٥۸، وفی كتاب: الجهاد، باب: هل يَسْتَاسِرِ الرَّجُلُ ومَنَ لَم يَسْتَأْسِرُ وَمَن رَكَع رَكْعَتَين عند القَتلِ، ۳/۱۱٠۸، الرقم: ۲۸۸٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۲/۳۱٠، الرقم: ۸٠۸۲، وعبدالرزاق فی المصنف، ٥/۳٥۳، الرقم: ٩٧۳٠، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٤/۲۲۱،

Marfat.com

الحَارِثَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَمَكَثَ عِنْدَهُمْ أَسِيْرًا. وَكَانَتْ تَقُولُ مِنْ بَعْضِ بَنَاتِ الحَارِثِ: مَارَأَيْتُ أَسِيْراً قَطُّ خَيْراً مِنْ خُبَيْبٍ، لَقَدْ رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ وَمَا بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ ثَمَرَةٌ، وَإِنَّهُ لَمُوثَقٌ فِي الحَدِيْدِ، وَمَاكَانَ إِلَّا رِزْقَهُ اللهُ. رَوَاهُ البُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک طویل روایت میں ہے کہ حضرت خُبیب رضی اللہ عنہ نے غزوہ بدر میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا (بعد میں) حضرت خُبیب (گرفتار ہو کر) ان کے قیدی بن گئے حارث (جسے حضرت خُبیب رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا) کی ایک بیٹی کہا کرتی تھی کہ میں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ سے زیادہ اچھا اور نیک کوئی قیدی نہیں دیکھا۔ اور بیشک میں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو انگور کا خوشہ کھاتے ہوئے دیکھا حالانکہ ان دنوں مکہ میں کوئی پھل نہیں ملتا تھا (پھلوں کا موسم بھی نہیں تھا) اور ویسے بھی وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے۔ سو یہ وہ روزی تھی جو اللہ تعالیٰ انہیں (غیب سے) مرحمت فرماتا تھا۔''

١٤٢۔ وَرَوَى البُخَارِيُّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه فِي رِوَايَةٍ طَوِيْلَةٍ وَبَعَثَ

---

الرقم: ٤١٩١، وأبو القاسم هبة الله فى كرامات الأولياء، ١٠١/١، الرقم: ٥٣، والعسقلانى فى فتح البارى، ٣٨٤/٧، وابن عبدالبر فى الإستيعاب، ٧٧٩/٢، الرقم: ١٣٠٥، والطبرى فى تاريخ الأمم والملوك، ٧٨/٢.

الحديث رقم ١٤٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المغازي، باب: غَزْوَةُ الرَّجِيعِ، وَرِعْلٍ، وَذَكوان، وبِئر مَعُونة، ١٤٩٩/٤، الرقم: ٣٨٥٨، وفى كتاب: الجهاد، باب: هل يَسْتَاسِرُ الرَّجُلُ وَمَنَ لَم يَسْتَأْسِر وَمَن رَكع رَكْعَتَين عند القتل، ١١٠٨/٣، الرقم: ٢٨٨٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣١٠/٢، الرقم: ٨٠٨٢، وعبدالرزاق فى المصنف، ٣٥٣/٥، الرقم: ٩٧٣٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٢١/٤، ←

قُرَيْشٌ إِلَى عَاصِمٍ لِيُؤْتُوا بِشَيءٍ مِنْ جَسَدِهِ يَعْرِفُونَهُ وَكَانَ عَاصِمٌ قَتَلَ عَظِيمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَبَعَثَ اللهُ عَلَيْهِ مِثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ، فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُلِهِمْ فَلَمْ يَقْدِرُوا مِنْهُ عَلَى شَيءٍ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷛ سے ایک طویل روایت میں مروی ہے کہ کفارِ قریش نے ایک دستہ کو شناخت کے لئے حضرت عاصم ﷛ کی لاش میں سے کوئی ٹکڑا کاٹ کر لانے کے لئے بھیجا۔ حضرت عاصم ﷛ نے غزوہ بدر میں ان کے سرداروں میں سے ایک کو قتل کیا تھا۔ سو (اس دستہ کے پہنچتے ہی) اللہ تعالیٰ نے ان کی لاش کے پاس بھڑوں کی مثل کوئی جانور بھیج دیئے جنہوں نے کسی کو ان کی لاش کے پاس بھی پھٹکنے نہیں دیا اور وہ ان کے جسم کا کوئی حصہ لے جانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔''

١٤٣۔ عَنْ جَابِرٍ ﷛ قَالَ: لَمَّا حَضَرَ أُحُدٌ، دَعَانِي أَبِي مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ:

---

........ الرقم: ٤١٩١، وأبو القاسم هبة الله في كرامات الأولياء، ١/١٠١، الرقم: ٥٣، والعسقلاني في فتح الباري، ٧/٣٨٤، وابن عبدالبر في الإستيعاب، ٢/٧٧٩، الرقم: ١٣٠٥، والطبري في تاريخ الأمم والملوك، ٢/٧٨۔

لحديث رقم ١٤٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: هل يُخرجُ المَيّتُ منَ القبر و اللّحد لِعلّةٍ، ١/٤٥٣، الرقم: ١٢٨٦، و الحاكم في المستدرك، ٣/٢٢٤، الرقم: ٤٩١٣، و البيهقي في السنن الكبرى، ٦/٢٨٥، الرقم: ١٢٤٥٩، و العسقلاني في مقدمة فتح الباري، ١/٢٧٠، و الخطيب التبريزي في مشكاة المصابيح، كتاب: أحوال القيامة و بدء الخلق، باب: الكرامات، الفصل الأول، ٢/٣٩٩، الرقم: ٥٩٤٥۔

Marfat.com

مَا أَرَانِي إِلَّا مَقْتُولاً فِي أَوَّلِ مَنْ يُقْتَلُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ، وَ إِنِّي لاَ أَتْرُكُ بَعْدِي أَعَزَّ عَلَيَّ مِنْکَ غَيْرَ نَفْسِ رَسُولِ اللهِ ﷺ، فَإِنَّ عَلَيَّ دَيْنًا، فَاقْضِ، وَ اسْتَوْصِ بِأَخَوَاتِکَ خَيْرًا. فَأَصْبَحْنَا، فَکَانَ أَوَّلَ قَتِيلٍ، وَ دُفِنَ مَعَهُ آخَرُ فِي قَبْرٍ، ثُمَّ لَمْ تَطِبْ نَفْسِي أَنْ أَتْرُکَهُ مَعَ الآخَرِ، فَاسْتَخْرَجْتُهُ بَعْدَ سِتَّةِ أَشْهُرٍ، فَإِذَا هُوَ کَيَوْمِ وَضَعْتُهُ هُنَيَّةً، غَيْرَ أُذُنِهِ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

وَ قَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب غزوہ احد کا وقت آ گیا تو میرے والد (حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ) نے مجھے رات کے وقت بلایا اور فرمایا: میں یہی دیکھتا ہوں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سب سے پہلے میں شہید کیا جاؤں گا اور میں اپنے بعد کسی کو نہیں چھوڑ رہا ہوں جو رسول اللہ ﷺ کے علاوہ مجھے تم سے زیادہ عزیز ہو۔ مجھ پر قرض ہے اسے ادا کر دینا اور اپنی بہنوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ صبح ہوئی تو سب سے پہلے وہی شہید کئے گئے اور ایک دوسرے (شہید) کے ساتھ دفن کیے گئے۔ پھر میرا دل اس پر رضامند نہ ہوا کہ انہیں دوسروں کے ساتھ چھوڑے رکھوں لہٰذا چھ ماہ کے بعد میں نے انہیں نکالا تو وہ اسی طرح (تر و تازہ) تھے جیسے دفن کرنے کے روز تھے، سوائے ایک کان کے۔''

**۱٤٤. عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ: أَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ، خَرَجَا مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ ﷺ فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ، وَمَعَهُمَا مِثْلُ مِصْبَاحَيْنِ، يُضِيْئَانِ بَيْنَ**

---

الحديث رقم ١٤٤: أخرجه البخارى فى الصحيح، أبواب: المساجد، باب: إدْخال البَعيرِ فى المسجد للعلّة، ١/١٧٧، الرقم: ٤٥٣، وفى ←

Marfat.com

أَيْدِيهِمَا، فَلَمَّا افْتَرَقَا صَارَ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا وَاحِدٌ، حَتَّى أَتَى أَهْلَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ مِنْ طُرُقٍ، وَفِي بَعْضِهَا أَنَّ الرَّجُلَيْنِ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے دو حضرات حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے ایک اندھیری رات میں اپنے گھر گئے اور ان دونوں کے ہاتھوں میں دو چراغوں کی طرح کوئی چیز روشن تھی۔ جب راستے میں وہ دونوں جدا ہوئے تو ہر چراغ ان میں سے ایک کے ساتھ ہوگیا یہاں تک کہ وہ اپنے اہل و عیال کے پاس پہنچ گیا۔''

١٤٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: لَمَّا مَاتَ النَّجَاشِيُّ كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّهُ لَا يَزَالُ يُرَى عَلَى قَبْرِهِ نُورٌ. رَوَاهُ أَبُودَاوُدَ.

---

كتاب: المناقب، باب: سؤال المشركين أن يريهم النبيّ صلى الله عليه وآله وسلم آية فأراهم انشقاق القمر، ٣/ ١٣٣١، الرقم: ٣٤٤٠، وفى كتاب: فضائل الصحابة، باب: منقبة أُسَيدِبنِ حُضَيرٍ، وَعبَّادِ بن بِشْرٍ رضي الله عنهما، ٣/ ١٣٨٤، الرقم: ٣٥٩٤، وأبو يعلى فى المسند، ٥/ ٣٦١، الرقم: ٣٠٠٧، والبيهقى فى الإعتقاد، ١/ ٣١٠، والنووى فى رياض الصالحين، ١/ ٥٦٦، الرقم: ١٥٠٦، والخطيب التبريزى فى مشكاة المصابيح، كتاب: أحوال القيامة بدء الخلق، باب: الكرامات، الفصل الأول، ٢/ ٣٩٩، الرقم: ٥٩٤٤۔

الحديث رقم ١٤٥: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: الجهاد، باب: فى النور يُرى عند قبر الشهيد، ٣/ ١٦، الرقم: ٢٥٢٣، والذهبى فى سيرأعلام النبلاء، ١/ ٤٣٠، والعسقلانى فى الإصابة، ١/ ٢٠٦، والعجلونى فى كشف الخفاء، ١/ ٢٩٨، الرقم: ٧٨٨، والخطيب

’’حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ جب حضرت نجاشی رضی اللہ عنہ (شاہ حبشہ) فوت ہوگئے تو ہم بیان کیا کرتے تھے کہ ان کی قبر پر ہمیشہ نور (برستا) دیکھا جاتا ہے۔‘‘

١٤٦۔ عَنْ سَفِينَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: رَكِبْتُ الْبَحْرَ فِي سَفِينَةٍ فَانْكَسَرَتْ فَرَكِبْتُ لَوْحًا مِنْهَا فَطَرَحَنِي فِي أَجَمَةٍ فِيهَا أَسَدٌ فَلَمْ يَرُعْنِي إِلَّا بِهِ فَقُلْتُ: يَا أَبَا الْحَارِثِ أَنَا مَوْلَى رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَطَأْطَأَ رَأْسَهُ وَغَمَزَ بِمَنْكِبِهِ شِقِّي فَمَا زَالَ يَغْمِزُنِي وَيَهْدِينِي إِلَى الطَّرِيقِ حَتَّى وَضَعَنِي عَلَى الطَّرِيقِ فَلَمَّا وَضَعَنِي هَمْهَمَ فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يُوَدِّعُنِي.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيرِ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَغَوِيُّ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں سمندر میں ایک کشتی پر سوار ہوا۔ وہ

---

........ التبريزى فى مشكاة المصابيح، كتاب: أحوال القيامة وبدء الخلق، باب: الكرامات، الفصل الثانى، ٢/٤٠٠، الرقم: ٥٩٤٧، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ١/٤٤٤۔

الحديث رقم ١٤٦: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٢/٦٧٥، الرقم: ٤٢٣٥: ٣/٧٠٢، الرقم: ٦٥٥٠، والبخارى فى التاريخ الكبير، ٣/١٩٥، الرقم: ٦٦٣، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٧/٨٠، الرقم: ٦٤٣٢، وابن راشد فى الجامع، ١١/٢٨١، وأبوالقاسم هبة الله فى كرامات الأولياء، ١/١٥٨، الرقم: ١١٤، والبغوى فى شرح السنة، ١٣/٣١٣، الرقم: ٣٧٣٢، والخطيب التبريزى فى مشكاة المصابيح كتاب أحوال القيامة وبدء الخلق، باب: الكرامات، الفصل الثانى، ٢/٤٠٠، الرقم: ٥٩٤٩۔

Marfat.com

کشتی ٹوٹ گئی تو میں اس کے ایک تختے پر سوار ہوگیا اس نے مجھے ایک ایسی جگہ پھینک دیا جو شیر کی کچھار تھی۔ وہی ہوا جس کا ڈر تھا کہ وہ (شیر) سامنے تھا۔ میں نے کہا: اے ابو الحارث (شیر)! میں رسول اللہ ﷺ کا غلام ہوں تو اس نے فوراً اپنا سر خم کردیا اور اپنے کندھے سے مجھے اشارہ کیا اور وہ اس وقت تک مجھے اشارہ اور رہنمائی کرتا رہا جب تک کہ اس نے مجھے صحیح راہ پر نہ ڈال دیا پھر جب اس نے مجھے صحیح راہ پر ڈال دیا تو وہ دھیمی آواز میں غرغرایا۔ سو میں سمجھ گیا کہ وہ مجھے الوداع کہہ رہا ہے۔‘‘

۱۴۷۔ عَنِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: هٰذَا الَّذِي تَحَرَّکَ لَهُ العَرْشُ، وَ فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَ شَهِدَهُ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِکَةِ لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے (حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ کے متعلق) فرمایا: یہ وہ ہستی ہے جس کی وفات سے عرش بھی ہل گیا آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے اور ستر ہزار فرشتے اس کے جنازے میں شریک ہوئے، ایک دفعہ قبر نے اسے دبایا پھر کشادہ کر دی گئی۔‘‘

۱۴۸۔ وَ فِي رِوَايَةٍ: قَالَ: اَلْحَمْدُ ِللهِ لَوْ نَجَا أَحَدٌ مِنْ ضُمَّةِ الْقَبْرِ لَنَجَا

---

الحديث رقم ۱۴۷/ ۱۴۸: أخرجه النسائی فی السنن، کتاب: الجنائز، باب: ضمة القبر و خغطته، ۴/ ۱۰۰، الرقم: ۲۰۵۵، و فی السنن الکبری، ۱/ ۶۶۰، الرقم: ۸۱۸۲، و الطبرانی فی المعجم الأوسط، ۲/ ۱۹۹، الرقم: ۱۷۰۷، و فی المعجم الکبیر، ۶/ ۱۰، الرقم: ۵۳۳۳، و نحوه ابن راهوية فی المسند، ۲/ ۵۵۲، الرقم: ۱۱۲۷، و الزيلعی فی نصب الراية، ۲/ ۲۸۶، و السيوطی فی شرح علی سنن النسائی، ۴/ ۱۰۱، الرقم: ۲۰۵۵ و العسقلانی فی القول المسدد، ۱/ ۸۱.

Marfat.com

مِنْهَا سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رضي الله عنه. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَ الطَّبَرَانِيُّ.

وَ قَالَ الْعَسْقَلَانِيُّ: وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ مُحْتَجٌّ بِهِمْ فِي الصَّحِيْحِ.

اور ایک روایت میں فرمایا: ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہی ہیں اگر کوئی قبر کے دبانے سے بچ سکتا تو سعد بن معاذ بھی ضرور اس کے دبانے سے بچ جاتے۔'' (مومنین و صالحین کے لئے قبر کا دبانا راحت کا باعث ہوتی ہے جیسے ماں بچے کو گود میں لے کر دباتی ہے۔)

١٤٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: ضَرَبَ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم خِبَائَهُ عَلَى قَبْرٍ وَهُوَ لَا يَحْسِبُ أَنَّهُ قَبْرٌ، فَإِذَا فِيْهِ إِنْسَانٌ يَقْرَأُ سُوْرَةَ تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ حَتَّى خَتَمَهَا، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنِّي ضَرَبْتُ خِبَائِي عَلَى قَبْرٍ وَ أَنَا لَا أَحْسِبُ أَنَّهُ قَبْرٌ، فَإِذَا فِيْهِ إِنْسَانٌ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْمُلْكِ حَتَّى خَتَمَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: هِيَ الْمَانِعَةُ، هِيَ الْمُنْجِيَةُ تُنْجِيْهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ الْبَيْهَقِيُّ.

وَ قَالَ أَبُو عِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

---

الحديث رقم ١٤٩: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: فضائل القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فی فضل سورة الملك، ٥/ ١٦٤، الرقم: ٢٨٩٠، و البيهقی فی شعب الإيمان، ٢/ ٤٩٥، الرقم: ٢٥١٠، و المنذری فی الترغيب الترهيب، ٢/ ٢٤٧، الرقم: ٢٢٦٦، و القرطبی فی الجامع لأحكام القرآن، ١٨/ ٢٠٥، و ابن كثير فی تفسير القرآن العظيم، ٤/ ٣٩٦، و الخطيب التبريزی فی مشكاة المصابيح، كتاب: فضائل القرآن، الفصل الثانی، ١/ ٤٠٥، الرقم: ٢١٥٣.

Marfat.com

کسی صحابی نے ایک قبر پر خیمہ لگایا انہیں معلوم نہ تھا کہ یہ قبر ہے اچانک پتہ چلا کہ یہ قبر ہے اور اس میں کوئی آدمی سورۃ الملک پڑھ رہا ہے یہاں تک پڑھنے والے نے (قبر کے اندر) مکمل سورۃ الملک پڑھی وہ صحابی حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے (نادانستہ) ایک قبر پر خیمہ لگایا اور مجھے یہ خیال نہیں تھا کہ یہ قبر ہے اچانک دیکھا کہ ایک آدمی قبر میں سورۃ الملک پڑھ رہا ہے یہاں تک کہ اس نے اسے مکمل پڑھا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ (سورت) روکنے والی ہے اور عذاب قبر سے نجات دینے والی ہے۔"

Marfat.com

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ ﷺ

## ﴾ اُمتِ محمدی ﷺ کے مناقب کا بیان ﴿

١٥٠ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأُمَمُ، فَأَجِدُ النَّبِيَّ يَمُرُّ مَعَهُ الْأُمَّةُ، وَ النَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ

---

الحديث الرقم ١٥٠: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الرقاق باب: يدخل الجنّة سبعون ألفا بغير حساب، ٥/٢٣٩٦، الرقم: ٦١٧٥، و فى الصحيح، كتاب: الطب، باب: مَنِ اكْتَوَى أو كَوَى غيرَهُ، و فضل من لم يَكْتَوِ: ٥/٢١٥٧، الرقم: ٥٣٧٨، و فى الصحيح، كتاب: الطب، باب: من لَمْ يَرْقِ، ٥/٢١٧٠، الرقم: ٥٤٢٠، و فى كتاب: الأنبياء، باب: وفاة موسى و ذكرِهِ بعدُ، ٣/١٢٥١، الرقم: ٣٢٢٩، و مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب و لا عذاب، ١/١٧٩ـ ١٩٩، الرقم: ٢١٦ـ ٢٢٠، و الترمذى فى السنن، كتاب: صفة القيامة و الرقائق و الورع عن رسول الله ﷺ، باب: (١٦)، ٤/٦٣١، الرقم: ٢٤٤٦، و النسائى فى السنن الكبرى، ٤/٣٧٨، الرقم: ٧٦٠٤، و ابن حبان فى الصحيح، ١٣/٤٤٧ـ ٤٤٨، الرقم: ٦٠٨٤، ٦٤٣٠، و الحاكم فى المستدرك، ٤/٦٢١، الرقم: ٨٧٢١، و قال: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ. و الدارمى فى السنن، ٢/٤٢٢، الرقم: ٢٨٠٧، و البيهقى فى السنن الكبرى، ١٠/١٣٩، و البزار فى المسند، ٤/٢٧٠، الرقم: ١٤٤١، و أحمد بن حنبل فى المسند، ١/٢٧١، الرقم: ٢٤٤٨، و الطيالسى فى المسند، ١/٤٧، الرقم: ٣٥٢، و أبو يعلى فى المسند، ٩/٢٣٣، الرقم: ٥٣٤٠، و الطبرانى فى المعجم الكبير، ١٨/٢٤١، الرقم: ٦٠٥، و الهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/٣٠٤.

Marfat.com

الْعَشَرَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّمَعَهُ الخَمْسَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ وَحْدَهُ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيْرٌ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيْلُ، هٰؤُلَاءِ أُمَّتِي؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنِ انْظُرْ إِلَى الْأُفُقِ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيْرٌ، قَالَ: هٰؤُلَاءِ أُمَّتُكَ، وَ هٰؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا قُدَّامَهُمْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانُوْ لَا يَكْتَوُوْنَ، وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ. فَقَامَ إِلَيْهِ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ: ادْعُ اللهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: أَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ. ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ قَالَ: ادْعُ اللهَ أَنْ يَّجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھ پر امتیں پیش کی گئیں پس ایک نبی گزرنے لگا اور اس کے ساتھ اس کی امت تھی ایک نبی ایسا بھی گزرا کہ اس کے ساتھ چند افراد تھے، ایک نبی کے ساتھ دس آدمی، ایک نبی کے ساتھ پانچ آدمی، ایک نبی صرف تنہا، میں نے نظر دوڑائی تو ایک بڑی جماعت نظر آئی میں نے پوچھا: اے جبرئیل! کیا یہ میری امت ہے؟ کہا: یہ نہیں بلکہ آپ ﷺ افق کی جانب توجہ فرمائیں، میں نے دیکھا تو وہ بہت ہی بڑی جماعت تھی۔ کہا: یہ آپ کی امت ہے اور یہ جو ستر ہزار ان کے آگے ہیں ان کا نہ حساب ہے نہ عذاب، میں نے پوچھا: کس وجہ سے؟ کہا: یہ لوگ داغ نہیں لگواتے تھے، غیر شرعی جھاڑ پھونک نہیں کرتے تھے، شگون نہیں لیتے تھے اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے تھے۔ حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے: اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان میں شامل فرما لے۔ آپ ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! اسے ان میں شامل فرما پھر دوسرا آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے بھی ان میں شامل فرما لے، آپ ﷺ نے فرمایا: عکاشہ تم سے سبقت لے گئے۔''

Marfat.com

۱۵۱۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم فِي قُبَّةٍ، فَقَالَ: أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُونُوا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ. قُلْنَا نَعَمْ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونُوا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَ ذَلِكَ أَنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَ مَا أَنْتُمْ فِي أَهْلِ الشِّرْكِ إِلَّا كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ، أَوْ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَحْمَرِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ہم ایک قبے (مکان) میں تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی ہو کہ اہلِ جنت کا تہائی حصہ تم ہو؟ ہم نے عرض کیا: ہاں۔ فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں مجھ محمد کی جان ہے! مجھے امید ہے کہ تم اہل جنت میں سے نصف ہو گے

---

الحديث الرقم ۱۵۱: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: الرقاق، باب: کيف الحشر، ۵/ ۲۳۹۲، الرقم: ۶۱۶۳، و فی کتاب: الأيمان و النذور، باب: کيف کانت يمين النبي صلى الله عليه وآله وسلم، ۶/ ۲۴۴۸، الرقم: ۶۲۶۶، و مسلم فی الصحيح، کتاب: الإيمان، باب: کون هذه الأمة نصف أهل الجنة، ۱/ ۲۰۰، الرقم: ۲۲۱، و الترمذی فی السنن، کتاب: صفة الجنة عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فی صف أهل الجنة، ۴/ ۶۸۴، الرقم: ۲۵۴۷، وَ قَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، و ابن ماجة فی السنن، کتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد صلى الله عليه وآله وسلم، ۲/ ۱۴۳۲، الرقم: ۴۲۸۳، و النسائی فی السنن الکبری، ۶/ ۴۰۹، الرقم: ۱۱۳۳۹، و أحمد بن حنبل فی المسند، ۱/ ۳۸۶، الرقم: ۳۶۶۱، و البزار فی المسند، ۵/ ۲۳۷، الرقم: ۱۸۵۰، و البيهقی فی السنن الکبری، ۳/ ۱۸۰، الرقم: ۵۴۱۰، و الشاشی فی المسند، ۲/ ۱۳۳، الرقم: ۶۷۰، و أبو يعلی فی المسند، ۹/ ۲۶۵، الرقم: ۵۳۸۶، و ابن مندة فی الإيمان، ۲/ ۹۰۱، الرقم: ۹۸۵۔

Marfat.com

اور وہ یوں کہ جنت میں مسلمان کے سوا کوئی داخل نہیں ہوگا اور مشرکوں کے مقابلے میں تم یوں ہو جیسے کالے بیل کی جلد پر ایک سفید بال یا سرخ بیل کی جلد پر ایک کالا بال۔‘‘

١٥٢۔ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ رضي الله عنهما، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَ مِائَةُ صَفٍّ، ثَمَانُوْنَ مِنْهَا مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَ أَرْبَعُوْنَ مِنْ سَائِرِ الْأُمَمِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ.

وَ قَالَ أَبُو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہما نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنتیوں کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسی صفیں میری اُمت کی ہوں گی اور باقی تمام امتوں کی صرف چالیس صفیں ہوں گی۔‘‘

---

الحديث الرقم ١٥٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى كم صَفّ أهل الجنّة، ٤/٦٨٣، الرقم: ٢٥٤٦، و ابن ماجة فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/١٤٣٤، الرقم: ٤٢٨٩، و الحاكم فى المستدرك، ١/١٥٥، الرقم: ٢٧٣، و الدارمى فى السنن، ٢/٤٣٤، الرقم: ٢٨٣٥، و ابن حبان فى الصحيح، ١٦/٤٩٨، الرقم: ٧٤٥٩، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٤٧، الرقم: ٢٢٩٩٠، ٢٣٠٥٢، ٢٣١١١، و البزار فى المسند، ٥/٣٦٨، الرقم: ١٩٩٩، و ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣١٥، الرقم: ٣١٧١٣، و الطبرانى فى المعجم الصغير، ١/٦٧، الرقم: ٨٢، فى المعجم الأوسط، ٢/٧٧، الرقم: ١٣١٠، و فى المعجم الكبير، ١٠/١٨٤، الرقم: ١٠٣٩٨، و أبو يعلى فى المعجم، ١/١٨٣، الرقم: ٢١١، و الهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٧٧، و ابن الخلال فى السنة، ٢/٣٦٥، الرقم: ٤٩٧، و ابن المبارك فى الزهد، ١/٥٤٨، الرقم: ١٥٧٢.

Marfat.com

١٥٣۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضي الله عنه عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: اَلْجَنَّةُ حُرِّمَتْ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ حَتَّى أَدْخُلَهَا، وَ حُرِّمَتْ عَلَى الْأُمَمِ حَتَّى تَدْخُلَهَا أُمَّتِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت تمام انبیا علیہم السلام پر حرام کر دی گئی ہے جب تک میں اس میں داخل نہ ہو جاؤں اور تمام اُمتوں پر اس وقت تک حرام ہے جب تک میری امت اس میں داخل نہ ہو جائے۔''

١٥٤۔ عَنْ أَبِي ذَرِّ الْغِفَارِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي الْخَطَأَ وَالنِّسْيَانَ، وَمَا اسْتُكْرِهُوا عَلَيْهِ.

---

الحديث الرقم ١٥٣: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ١/ ٢٨٩، الرقم: ٩٤٢، و الهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/ ٦٩، و الهندي في كنزل العمال، ١١/ ٤١٦، الرقم: ٣١٩٥٣۔

الحديث الرقم ١٥٤: أخرجه ابن ماجة في السنن، كتاب: الطلاق، باب: طلاق المكره والناسي، ١/ ٦٥٩، الرقم: ٢٠٤٣، و ابن حبان عن بن عباس رضي الله عنهما في الصحيح، ١٦/ ٢٠٢، الرقم: ٧٢١٩، و الحاكم في المستدرك، ٢/ ٢١٦، الرقم: ٢٨٠١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/ ٣٥٦، الرقم: ١٤٨٧١، والدارقطني في السنن، ٤/ ١٧٠، الرقم: ٣٣، و ابن أبي شيبة في المصنف، ٤/ ١٧٢، الرقم: ٢٠٤، و عبدالرزاق نحوه في المصنف، ٦/ ٤١٠، الرقم: ١١٤١٧، والطحاوي في شرح معاني الآثار، ٣/ ٩٥، والطبراني في المعجم الصغير، ٢/ ٥٢، الرقم: ٧٦٦ و في المعجم الأوسط، ٨/ ١٦١، الرقم: ٨٢٧٣، و في المعجم الكبير، ٢/ ٩٧، الرقم: ١٤٣٠، و في مسند الشاميين، ٢/ ١٥٢، الرقم: ١٠٩٠، والبيهقي في مجمع الزوائد، ١/ ٣٦٠، الرقم: ١٤٩٨۔

Marfat.com

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَ الطَّبَرَانِيُّ فِي الثَّلَاثَةِ.

وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے خطا، نسیان اور جبر و اکراہ معاف فرما دیا ہے۔''

١٥٥. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ اللهَ عزوجل تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسُهَا مَا لَمْ تَعْمَلْ أَوْ تَكَلَّمْ بِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے ان کی دل کی باتوں (خیالات) کو معاف فرما دیا ہے جب تک وہ اس پر عمل نہ کرے یا زبان سے نہ کہے۔''

١٥٦. عَنْ مِحْجَنِ بْنِ الْأَدْرَعِ السُّلَمِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

---

الحديث الرقم ١٥٥: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: تجاوز الله عن حديث النفس والخواطر بالقلب إذا لم تستقر، ١/١١٦، الرقم: ١٢٧، وابن ماجة فى السنن، كتاب: الطلاق، باب: من طلّق فى نفسه ولم يتكلم به، ١/٦٥٨، الرقم: ٢٠٤٠، والنسائى فى السنن الكبرى، ٣/٣٦٠، الرقم: ٥٦٢٨، وابن خزيمة فى الصحيح، ٢/٥٢، الرقم: ٨٩٨، وابن حبان فى الصحيح، ١٠/١٧٩، الرقم: ٤٣٣٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢٥٥، الرقم: ٧٤٦٤، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٤/٨٥، و أبويعلى فى المسند، ١١/٢٧٦، الرقم: ٦٣٨٩، والبيهقى فى شعب الإيمان ١/٢٩٩، الرقم: ٣٣٢.

الحديث الرقم ١٥٦: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٠/٢٩٨، الرقم: ٧٠٧، و الهيثمى فى مجمع الذوائد، ٤/١٥، و الحارث فى المسند (زوائد الهيثمى)، ١/٣٤٣، الرقم: ٢٣٧.

Marfat.com

إِنَّ اللهَ رَضِيَ لِهٰذِهِ الأُمَّةِ الْيُسْرَ وَ كَرِهَ لَهَا الْعُسْرَ قَالَهَا ثَـلَاثًا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِرِجَالِ الصَّحِيْحِ.

''حضرت محجن بن ادرع سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لئے آسانی کو پسند فرمایا ہے اور (اس پر) تنگی کو ناپسند فرمایا ہے۔ یہ تین مرتبہ فرمایا۔''

١٥٧۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: يَوْمًا سَجَدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم فَلَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ حَتَّى ظَنَنَّا أَنْ نَفْسَهُ قُبِضَتْ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: رَبِّي اسْتَشَارَنِي ''الحديث'' وَ فِيْهِ: وَ أَحَلَّ لَنَا كَثِيْرًا مِمَّا شَدَّدَ عَلَى مَنْ قَبْلَنَا وَ لَمْ يَجْعَلْ عَلَيْنَا فِي الدُّنْيَا مِنْ حَرَجٍ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک روز حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اتنا طویل سجدہ فرمایا کہ ہم نے گمان کیا شاید آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال اقدس ہوگیا ہے پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ سے فارغ ہوئے تو فرمایا: میرے رب نے مجھ سے میری امت کے بارے میں مشورہ طلب کیا (آگے طویل حدیث ہے) اس میں فرمایا: اور ہمارے لئے وہ بہت سی چیزیں حلال کر دیں جو ہم سے قبل ممنوع تھیں اور ہم پر اس دنیا میں کوئی تنگی (روا) نہیں رکھی۔''

١٥٨۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ بِالسُّجُوْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَ أَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ أَنْ يَرْفَعَ رَأْسَهُ،

---

الحديث الرقم ١٥٧: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٩٣، الرقم: ٢٣٣٨٤، و الهيثمى فى مجمع الذوائد، ٥/٣٩٣.

الحديث الرقم ١٥٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٩٩، الرقم: ٢١٧٨٥، و الحاكم فى المستدرك، ٢/٥٢٠، الرقم: ٣٧٨٤، و الهيثمى ←

Marfat.com

فَانْظُرَ إِلَى بَيْنَ يَدَيَّ، فَأَعْرِفُ أُمَّتِي مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ، وَ مِنْ خَلْفِي مِثْلُ ذَلِكَ، وَ عَنْ يَمِيْنِي مِثْلُ ذَلِكَ. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! كَيْفَ تَعْرِفُ أُمَّتَكَ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ فِيمَا بَيْنَ نُوحٍ إِلَى أُمَّتِكَ؟ قَالَ: هُمْ غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنْ أَثَرِ الْوُضُوْءِ، لَيْسَ أَحَدٌ كَذَلِكَ غَيْرُهُمْ، وَ أَعْرِفُهُمْ أَنَّهُمْ يُؤْتَوْنَ كُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ، وَ أَعْرِفُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ ذُرِّيَّتُهُمْ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَ الْحَاكِمُ وَ الْبَيْهَقِيُّ.

وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ہی سب سے پہلا شخص ہوں گا جسے قیامت کے دن سجدہ کرنے کی اجازت دی جائے گی اور میں ہی ہوں گا جسے سب سے پہلے سر اٹھانے کی اجازت ہوگی۔ سو میں اپنے سامنے دیکھوں گا اور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان بھی پہچان لوں گا۔ اسی طرح اپنے پیچھے اور اپنی داہنی طرف بھی انہیں دیکھ کر پہچان لوں گا۔ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان کیسے پہچانیں گے؟...... فرمایا: ان کے اعضاء وضو کے اثر سے چمک رہے ہوں گے اور ان کے سوا کسی اور (امت) کے ساتھ ایسا نہیں ہوگا اور میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور ان کو پہچان لوں گا کہ ان کے آگے ان کی اولاد دوڑتی ہوگی۔''

---

........ فی شعب الإیمان، ٣/١٧، الحدیثرقم: ٢٧٤٥، و الطیالسی فی المسند، ١/٤٨، الرقم: ٣٦١، و ابن حبان نحوه فی الصحیح، ٣/٣٢٤، الرقم: ١٠٤٩، والمنذری فی الترغیب و الترهیب، ١/٩١، الرقم: ٢٨٦، و الهیثمی فی مجمع الزوائد، ١/٢٢٥: ٢/٢٥٠: ١٠/٣٤٤ و قال: رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

Marfat.com

١٥٩۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ وَ أَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ. قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَ كَيْفَ تَعْرِفُ أُمَّتَکَ؟ قَالَ: أَعْرِفُهُمْ يُؤْتَوْنَ كُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ. وَ أَعْرِفُهُمْ بِسِيْمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ، وَ أَعْرِفُهُمْ بِنُورِهِمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

’’حضرت ابوذر اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہما سے ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں قیامت کے روز ضرور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان پہچان لوں گا۔ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو کیسے پہچانیں گے؟ فرمایا: میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور ان کی پیشانیوں پر سجدوں کا اثر ہوگا اور میں انہیں ان کے نور سے پہچان لوں گا جو ان کے آگے آگے دوڑ رہا ہوگا۔‘‘

١٦٠۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: تَخْرُجُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُلَّةٌ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ مِثْلُ الشَّمْسِ فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَ أُمَّتُهُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ لَيْسَ عَلَيْهِمْ حِسَابٌ وَ لَا عَذَابٌ، ثُمَّ تَخْرُجُ ثُلَّةٌ أُخْرَى غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ

---

الحديث الرقم ١٥٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٩٩، الرقم: ٢١٧٨٨.

الحديث الرقم ١٦٠: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٨/١٧٣، الرقم: ٧٧٢٣، و فى مسند الشاميين، ٢/٢٠١، الرقم: ١١٨٥، و الهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٤٠٩.

Marfat.com

نُوْرُهُم مِثْلُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُم، فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَ أُمَّتُهُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَ لَا عَذَابٍ، ثُمَّ تَخْرُجُ ثُلَّةٌ أُخْرَى غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ نُوْرُهُمْ مِثْلُ أَعْظَمِ كَوْكَبٍ فِي السَّمَاءِ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِيُّ، فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَ أُمَّتُهُ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَ لَا عَذَابٍ، ثُمَّ يَجِيءُ رَبُّکَ ﷻ ثُمَّ يُوْضَعُ الْمِيْزَانُ وَ الْحِسَابُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ قیامت کے روز چمکتی پیشانیوں اور چمکتے ہاتھ پاؤں والے لوگوں کی ایک جماعت نمودار ہوگی جو افق پر چھا جائے گی ان کا نور سورج کی طرح ہوگا سو ایک ندا دینے والا ندا دے گا ''نبی اُمِّی'' پس اس نداء پر ہر امی نبی متوجہ ہوگا لیکن کہا جائے گا (کہ اس سے مراد) محمد ﷺ اور ان کی امت ہے سو وہ جنت میں داخل ہوں گے ان پر کوئی حساب اور عذاب نہیں ہوگا پھر اس طرح کی ایک اور جماعت نمودار ہوگی جن کی پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمک رہے ہوں گے۔ ان کا نور چودھویں کے چاند کی طرح کا ہوگا اور ان کا نور افق پر چھا جائے گا سو پھر ندا دینے والا ندا دے گا اور کہے گا ''نبی اُمِّی'' پس اس ندا پر ہر امّی نبی متوجہ ہوجائے گا لیکن کہا جائے گا: اس ندا سے مراد حضور نبی اکرم ﷺ اور ان کی امت ہے پس وہ بغیر حساب و عذاب کے جنت میں داخل ہو جائیں گے پھر اسی طرح کی ایک اور جماعت نمودار ہوگی ان کی (بھی) پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمکتے ہوں گے۔ ان کا نور آسمان میں بڑے ستارے کی طرح ہوگا ان کا نور افق پر چھا جائے گا پس ندا دینے والا آواز دے گا: ''نبی اُمِّی''، پس اس پر ہر امی نبی متوجہ ہوجائے گا، کہا جائے گا: محمد اور ان کی امت۔ پس وہ بغیر حساب و

Marfat.com

عذاب کے جنت میں داخل ہو جائیں گے پھر آپ ﷺ کا رب (اپنی شان کے مطابق) تشریف لائے گا پھر میزان وحساب قائم کیا جائے گا۔‘‘

١٦١۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ [ آل عمران: ١١٠] ، قَالَ: إِنَّكُمْ تُتِمُّوْنَ سَبْعِيْنَ أُمَّةً، أَنْتُمْ خَيْرُهَا وَ أَكْرَمُهَا عَلَى اللهِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ.

وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت بہز بن حکیم بواسطہ والد اور اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمانِ الٰہی: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ کے بارے میں فرمایا: تم ستر امتوں کو مکمل کرنے والے ہو اور اللہ کے نزدیک ان سب سے بہتر اور معزز ہو۔‘‘

---

الحديث الرقم ١٦١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: و من سورةِ آلِ عمران، ٥/٢٢٦، الرقم: ٣٠٠١، و ابن ماجة فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/١٤٣٣، الرقم: ٤٢٨٧، ٤٢٨٨، و الحاكم فى المستدرك، ٤/٩٤، الرقم: ٦٩٨٧، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٦١، الرقم: ١١٦٠٤: ٤/٤٤٧: ٥/٣، و البيهقى فى السنن الكبرى، ٩/٥، و الطبرانى فى معجم الكبير، ١٩/٤١٩، الرقم: ١٠١٢، ١٠٢٣، و عبد بن حميد فى المسند، ١/١٥٦، الرقم: ٤١١، و الرويانى فى المسند، ٢/١١٥، الرقم: ٩٢٤، و ابن المبارك فى الزهد، ١/١١٤، الرقم: ٣٨٢.

١٦٢۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، نُكَمِّلُ، يَوْمَ الْقِيَامَةِ، سَبْعِيْنَ أُمَّةً. نَحْنُ آخِرُهَا، وَ خَيْرُهَا.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت بہز بن حکیم بواسطہ والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہم قیامت کے دن ستر امتوں کی تکمیل کریں گے اور ہم سب سے آخری اور سب سے بہتر ہوں گے۔''

١٦٣۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أُعْطِيْتُ مَا لَمْ يُعْطَ أَحَدٌ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ. فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ! مَا هُوَ؟ قَالَ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَ أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ وَ سُمِّيْتُ أَحْمَدَ وَ جُعِلَ التُّرَابُ لِي طَهُوْرًا وَ جُعِلَتْ أُمَّتِي خَيْرَ الْأُمَمِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے وہ کچھ عطا کیا گیا جو انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی کو نہیں عطا کیا گیا۔ ہم نے عرض کیا: وہ کیا

---

الحديث الرقم ١٦٢: أخرجه ابن ماجة فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/ ١٤٣٣، الرقم: ٤٢٨٧۔

الحديث الرقم ١٦٣: أخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/ ٣٠٤، الرقم: ٣١٦٤٧، و أحمد بن حنبل فى المسند، ١/ ٩٨، الرقم: ٧٦٣، ١٣٦١، و البيهقى فى السنن الكبرى، ١/ ٢١٣، الرقم: ٩٦٥، و أبو القاسم هبة الله فى إعتقاد أهل السنة، ٤/ ٧٨٣، الرقم: ١٤٤٣، ١٤٤٧، و المقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢/ ٣٤٨، الرقم: ٧٢٨۔ ٧٢٩، و الهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/ ٢٦٠، ٨/ ٢٦٩۔

ہے؟ فرمایا: میری رعب و دبدبہ سے مدد کی گئی اور مجھے زمین (کے خزانوں) کی کنجیاں عطا کی گئیں اور میرا نام احمد رکھا گیا اور مٹی کو بھی میرے لئے پاکیزہ قرار دیا گیا اور میری امت کو بہترین امت بنایا گیا۔‘‘

١٦٤۔ عَنْ ثَوْبَانَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ زَوَى لِي الْأَرْضَ. فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَ مَغَارِبَهَا. وَ إِنَّ أُمَّتِي سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا وَ أُعْطِيْتُ الْكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَ الْأَبْيَضَ. وَ إِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي أَنْ لَا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَ أَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ وَ إِنَّ رَبِّي قَالَ: يَا مُحَمَّدُ! إِنِّي إِذَا قَضَيْتُ فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ وَ إِنِّي أَعْطَيْتُكَ لِأُمَّتِكَ أَنْ لَا أُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَ أَنْ لَا أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ يَسْتَبِيْحُ بَيْضَتَهُمْ وَ لَوْ إجْتَمَعَ

---

الحديث الرقم ١٦٤: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الفتن و أشراط الساعة، باب: هلاك هذه الأمة بعضهم ببعض، ٤/ ٢٢١٥، الرقم: ٢٨٨٩، و الترمذى فى السنن،كتاب: الفتن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فى سوال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ثلاثا فى أمته، ٤/ ٤٧٢، الرقم: ٢١٧٦، و أبو داود فى السنن، كتاب: الفتن و الملاحم ، باب: ذكر الفتن و دلائلها، ٤/ ٩٧، الرقم: ٤٢٥٢، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/ ٢٧٨، الرقم: ٢٢٤٤٨، ٢٢٥٠٥، و البزار فى المسند، ٨/ ٤١٣، الرقم: ٣٤٨٧، و الحاكم فى المستدرك، ٤/ ٤٩٦، الرقم: ٨٣٩٠، و ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/ ٣١١، الرقم: ٣١٦٩٤، و ابن حبان فى الصحيح، ١٥/ ١٠٩، الرقم: ٦٧١٤، و البيهقى فى السنن الكبرى،٩/ ١٨١، و الديلمى فى الفردوس بماثور الخطاب، ٢/ ٢٩٦، الرقم: ٣٣٤٧۔

Marfat.com

عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا أَوْ قَالَ: مَنْ بَيْنَ أَقْطَارِهَا حَتَّى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا وَ يَسْبِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَ التِّرْمِذِيُّ وَ أَبُوْدَاوُدَ.

وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین کو میرے لئے لپیٹ دیا اور میں نے اس کے مشارق و مغارب کو دیکھا۔ عنقریب میری حکومت وہاں تک پہنچے گی جہاں تک میرے لئے زمین لپیٹی گئی۔ مجھے (قیصر و کسریٰ کے) دو خزانے سرخ اور سفید دیئے گئے۔ میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے بارے میں سوال کیا کہ انہیں قحط سالی سے ہلاک نہ کیا جائے اور نہ ان پر ان کے غیر سے دشمن مسلط کرے جو ان کو مکمل طور پر نیست و نابود کر دے اور بے شک میرے رب نے مجھے فرمایا: اے محمد! میں جب ایک فیصلہ کر لیتا ہوں تو اس کو واپس نہیں لوٹایا جاسکتا اور بیشک میں نے آپ کو آپ کی امت کے لئے یہ چیز عطا فرما دی ہے کہ میں انہیں قحط سالی سے نہیں ماروں گا اور نہ ہی ان کے علاوہ کسی اور کو ان پر دشمن مسلط کروں گا جو ان کو مکمل طور پر نیست و نابود کر دے اگرچہ تمام ملکوں کے لوگ جمع ہو جائیں یہاں تک کہ ان (آپ کی امت) میں سے بعض بعض کو ہلاک نہ کریں اور بعض بعض کو قیدی نہ بنائیں۔''

١٦٥۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ رضی اللہ عنہ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: إِنَّ اللهَ أَدْرَكَ بِيَ الْأَجَلَ الْمَرْحُومَ وَ اخْتَصَرَ لِي اخْتِصَارًا، فَنَحْنُ الْآخِرُوْنَ وَ

---

الحديث الرقم ١٦٥: أخرجه الدارمي فی السنن، باب: (٨)، مَا أُعطِيَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مِنَ الفَضْلِ، ١/ ٤٢، الرقم: ٥٤، و المباركفوري فی تحفة الأحوذي، ٦/ ٣٢٣۔

Marfat.com

نَحْنُ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَ إِنِّي قَائِلٌ قَوْلًا غَيْرَ فَخْرٍ، إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللهِ وَ مُوسَى صَفِيُّ اللهِ وَ أَنَا حَبِيْبُ اللهِ وَ مَعِي لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. وَ إِنَّ اللهَ وَعَدَنِي فِي أُمَّتِي وَ أَجَارَهُمْ مِنْ ثَلَاثٍ: لَا يَعُمُّهُمْ بِسَنَةٍ وَ لَا يَسْتَأْصِلُهُمْ عَدُوٌّ، وَ لَا يَجْمَعُهُمْ عَلَى ضَلَالَةٍ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

''حضرت عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت کو مرحوم قرار دیا اور اس کی عمر مختصر رکھی۔ سو ہم ہی آخری ہیں اور ہم ہی قیامت کے دن اول ہوں گے۔ اور میں بغیر کسی فخر کے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ہیں اور حضرت موسیٰ صفی اللہ ہیں اور میں ہی حبیب اللہ ہوں اور روزِ قیامت میرے پاس ہی حمد کا جھنڈا ہوگا اور اللہ تعالیٰ نے میری امت کے بارے میں مجھ سے تین وعدے فرمائے اور تین چیزوں سے انہیں نجات عطا کی۔ ان پر عام قحط سالی مسلط نہیں کرے گا اور کوئی دشمن ان کو ختم نہیں کر سکے گا اور انہیں گمراہی پر جمع نہیں کرے گا۔''

١٦٦۔ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ اللهَ أَجَارَكُمْ مِنْ ثَلَاثِ خِلَالٍ: أَنْ لَا يَدْعُوَ عَلَيْكُمْ نَبِيُّكُمْ فَتَهْلِكُوْا جَمِيْعًا، وَ أَنْ لَا يَظْهَرَ أَهْلُ الْبَاطِلِ عَلَى أَهْلِ الْحَقِّ، وَ أَنْ لَا تَجْتَمِعُوْا عَلَى ضَلَالَةٍ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہیں تین آفتوں سے بچا لیا: ایک یہ کہ تمہارا نبی تمہارے لئے

---

الحديث الرقم ١٦٦: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: الفتن، باب: ذكر الفتن و دلائلها، ٤/٩٨، الحديث: ٤٢٥٣، و الطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٢٩٢، الرقم: ٣٤٤٠، و فى مسند الشاميين، ٢/٤٤٢، الرقم: ١٦٦٣.

Marfat.com

ایسی بد دعا نہ کرے گا کہ تم سارے ہلاک ہو جاؤ دوسرا یہ کہ اہل باطل اہل حق پر غالب نہ ہوں۔ تیسرا یہ کہ تم گمراہی پر جمع نہیں ہو گے۔‘‘

١٦٧۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ ﷺ: إِنَّ هٰذِهِ الْأُمَّةَ مَرْحُوْمَةٌ. عَذَابُهَا بِأَيْدِيْهَا. فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دُفِعَ إِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ. فَيُقَالُ: هٰذَا فِدَاؤُکَ مِنَ النَّارِ. رَوَاهُ أَبُوحَنِيْفَةَ وَابْنُ مَاجَةَ وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ امت امتِ مرحومہ ہے اس کا عذاب اس کے ہاتھ میں ہے جب قیامت کا دن ہو گا تو ہر ایک مسلمان کو ایک کافر دے کر کہا جائے گا یہ تیرا دوزخ کا فدیہ ہے۔‘‘

١٦٨۔ عَنْ مُعَاوِيَةَ ﷺ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ مِنْ

---

الحديث الرقم ١٦٧: أخرجه ابن ماجة فى السنن، كتاب: الزهد، باب: فى صفة أمة محمد ﷺ، ٢/ ١٤٣٤، الرقم: ٤٢٩٢، و أبو حنيفة عن أبى موسى ﷺ فى المسند، ١/ ١٥٥، و عبد بن حميد فى المسند، ١/ ١٩٠، الرقم: ٥٣٧، و المروزى فى الفتن، ٢/ ٦١٨، الرقم: ١٧٢٢۔

الحديث رقم ١٦٨: أخرجه البخارى فى الصحيح،كتاب: المناقب، سؤال المشركين أن يريهم النبى ﷺ آية فآراهم انشقاق القمر، ٣/ ١٣٣١، الرقم: ٣٤٤٢، و فى كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى إنما قولنا لشيء، ٦/ ٢٧١٤، الرقم: ٧٠٢٢، و مسلم فى الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: وله لا تزال طائفة من أمتى ظاهرين على الحق لا يضرهم من خالفهم، ٣/ ١٥٢٤، الرقم: ١٠٣٧، و أحمد بن حنبل، فى المسند، ٤/ ١٠١، و أبو يعلى فى المسند، ١٣/ ٣٧٥، الرقم: ٧٣٨٣، والطبراني فى المعجم الكبير، ١٩/ ٣٨٠، الرقم: ٨٩٣، والالكائى فى اعتقاد أهل السنة، ١/ ١١٠، الرقم: ١٤٤۔

Marfat.com

أُمَّتِي أُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِأَمْرِ اللهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللهِ وَهُمْ عَلَى ذَلِكَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ هَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ اللہ کے حکم پر قائم رہے گی جو اُن کی مدد نہیں کرے گا یا اُن کی مخالفت کرے گا وہ انہیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکے گا یہاں تک کہ اللہ کا امر آئے گا اور وہ اسی حالت پر ہوں گے۔''

١٦٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أَحَدِكُمْ يَوْمٌ وَلَا يَرَانِي، ثُمَّ لَأَنْ يَرَانِي أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَ مَالِهِ مَعَهُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ هَذَا اللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمد کی جان ہے! تم لوگوں پر ایک دن ایسا ضرور آئے گا کہ تم مجھے دیکھ نہیں سکو گے، لیکن میری زیارت کرنا (اس وقت) ہر مومن کے نزدیک اس کے اہل اور مال سے زیادہ محبوب ہوگی۔''

---

الحديث رقم ١٦٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علاماتِ النبوة في الإسلام، ٣/٣١٥، الرقم: ٣٣٩٤، و مسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: فضل النظر إليه صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و تمنيه، ٤/١٨٣٦، الرقم: ٢٣٦٤، و ابن حبان فی الصحيح، ١٥/١٦٧، الرقم: ٦٧٦٥، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٣١٣، الرقم: ٨١٢٦، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٣١٣، الرقم: ٨١٢٦، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٤١، الرقم: ٩٧٩٣، و العسقلانی فی فتح الباری، ٦/٦٠٧، و النووی فی شرح علی صحيح مسلم، ١٥/١١٨، و السيوطی فی الديباج، ٦/٣٤٨، الرقم: ٢٣٦٤.

١٧٠۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ: يَقُوْلُ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ [آل عمران: ١١٠]، قَالَ: إِنَّكُمْ تُتِمُّوْنَ سَبْعِيْنَ أُمَّةً أَنْتُمْ خَيْرُهَا وَ أَكْرَمُهَا عَلَى اللهِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَ أَحْمَدُ وَ الْحَاكِمُ.

وَ قَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت بہز بن حکیم رضی اللہ عنہ بواسطہ اپنے والد اور اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد (كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ) ''تم ان سب اُمتوں میں بہتر ہو جو لوگوں میں ظاہر ہوئیں'' کے بارے میں فرمایا: تم ستر امتوں کو مکمل کرنے والے ہو اور اللہ عزوجل کے نزدیک ان سب سے بہتر اور معزز ہو۔''

---

الحديث رقم ١٧٠: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: التفسير عن رسول الله ﷺ، باب: و من سورة آل عمران، ٥/ ٢٢٦، الرقم: ٣٠٠١، و ابن ماجة في السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمّة محمد ﷺ، ٢/ ١٤٣٣، الرقم: ٤٢٨٨، و الحاكم في المستدرك، ٤/ ٩٤، الرقم: ٦٩٨٧، و أحمد بن حنبل في المسند، ٥/ ٣، و الطبراني في المعجم الكبير، ١٩/ ٤٢٢، الرقم: ١٠٢٣، و البيهقي في السنن الكبرى، ٩/ ٥، و الروياني في المسند، ٢/ ١١٥، الرقم: ٩٢٤، و عبد بن حميد في المسند، ١/ ١٥٦، الرقم: ٤١١، و ابن المبارك في الزهد، ١/ ١١٤، الرقم: ٣٨٢، و الحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١/ ١٥٣، و العسقلاني في فتح الباري، ٨/ ٢٢٥، الرقم: ٤٢٨١، و المناوي في فيض القدير، ٢/ ٥٥٣، و الطبري في جامع البيان عن تأويل القرآن، ٤/ ٤٥، و ابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ١/ ٣٩٢.

Marfat.com

١٧١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مِنْ أَشَدِّ أُمَّتِي لِي حُبًّا، نَاسٌ يَكُونُونَ بَعْدِي، يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ رَآنِي، بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَ أَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے میرے ساتھ شدید محبت کرنے والے وہ لوگ ہیں جو میرے بعد آئیں گے اور ان میں سے ہر ایک کی تمنا یہ ہوگی کہ کاش وہ اپنے سب اہل وعیال اور مال و اسباب کے بدلے میں مجھے دیکھ لیں۔''

١٧٢۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ أُمَّتِي مَثَلُ الْمَطَرِ، لَا يُدْرَى أَوَّلُهُ خَيْرٌ أَمْ آخِرُهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ حَسَّنَهُ وَ أَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ.

إِسْنَادُهُ أَحْسَنُ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری

---

الحديث رقم ١٧١: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنة و صفة نعيمها و أهلها، باب: فيمن يود رؤية النبى ﷺ بأهله و ماله، ٤/٢١٧٨، الرقم: ٢٨٣٢، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٤١٧، الرقم: ٩٣٨٨، و ابن حبان فى الصحيح، ١٦/٢١٤، الرقم: ٧٢٣١.

الحديث رقم ١٧٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الأمثال عن رسول الله ﷺ، باب: مثل الصلوات الخمس، ٥/١٥٢، الرقم: ٢٨٦٩، والبزار فى المسند، ٩/٢٣، الرقم: ٣٥٢٧، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٣٠، ١٤٣، الرقم: ١٢٣٤٩، ١٢٤٨٣، والطيالسى فى المسند، ١/٩٠،، الرقم: ٦٤٧، والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢/٢٧٧، الرقم: ١٣٥٢، و أبو يعلى فى المسند، ٦/٣٨٠، الرقم: ٣٧١٧.

اُمت کی مثال بارش کی مانند ہے معلوم نہیں اس کا اوّل بہتر ہے یا آخر۔‘‘

١٧٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أُنَاسًا مِنْ أُمَّتِي يَأْتُوْنَ بَعْدِي يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوِ اشْتَرَى رُؤْيَتِي بِأَهْلِهِ وَ مَالِهِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً میری اُمت میں میرے بعد ایسے لوگ بھی آئیں گے جن میں سے ہر ایک کی خواہش یہ ہوگی کہ وہ اپنے اہل و مال کے بدلے میری زیارت خرید لے (یعنی اپنے اہل و مال کی قربانی دے کر ایک مرتبہ مجھے دیکھ لے)۔‘‘

١٧٤۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَيُّ الْخَلْقِ أَعْجَبُ إِلَيْكُمْ إِيْمَاناً؟ قَالُوا: الْمَلَائِكَةُ. قَالَ: وَ مَالَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ وَ هُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالُوا: فَالنَّبِيُّوْنَ. قَالَ: وَ مَالَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ وَ الْوَحْيُ يَنْزِلُ عَلَيْهِمْ؟ قَالُوا: فَنَحْنُ. قَالَ: وَ مَالَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ وَ أَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَعْجَبَ الْخَلْقِ إِلَيَّ إِيْمَاناً

---

الحديث رقم ١٧٣: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٤/ ٩٥، الرقم: ٦٩٩١۔

الحديث رقم ١٧٤: أخرجه الطبرانی فی المعجم الکبیر، ١٢/ ٨٧، الرقم: ١٢٥٦٠، و أبو يعلى عن عمر بن الخطاب ﷺ فی المسند، ١/ ١٤٧، الرقم: ١٦٠، و الحاكم فى المستدرك، ٤/ ٩٦، الرقم: ٦٩٩٣، والخطيب فی مشكاة المصابيح، باب: ثواب هذه الأمة، ٣/ ٤٠٣، الرقم: ٦٢٨٨، و الهيثمى عن عمر بن الخطاب ﷺ فى مجمع الزوائد، ٨/ ٣٣٠، ٦/ ٦٥، و قال رواه البزار و أحمد، و الحسيني فى البيان و التعريف، ١/ ١٣٠، الرقم: ٣٤٦۔

Marfat.com

لَقُومٌ يَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ يَجِدُوْنَ صُحُفاً فِيْهَا كِتَابٌ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا فِيْهَا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَ الْبَزَّارُ وَ الْحَاكِمُ.

وَ قَالَ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ بواسطہ اپنے والد اور اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا: کون سی مخلوق تمہارے نزدیک ایمان کے لحاظ سے سب سے عجیب تر ہے؟ انہوں نے عرض کیا: فرشتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فرشتے کیوں ایمان نہ لائیں جبکہ وہ ہر وقت اپنے رب کی حضوری میں رہتے ہیں۔ انہوں نے عرض کیا: پھر انبیاء کرام علیہم السلام۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اور انبیاء کرام علیہم السلام کیوں ایمان نہ لائیں جبکہ ان پر وحی نازل ہوتی ہے۔ انہوں نے عرض کیا: تو پھر ہم (ہی ہوں گے)۔ فرمایا: تم ایمان کیوں نہیں لاؤ گے جب کہ خود میری ذات تم میں جلوہ افروز ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مخلوق میں میرے نزدیک پسندیدہ اور عجیب تر ایمان ان لوگوں کا ہے جو میرے بعد پیدا ہوں گے۔ کئی کتابوں کو پائیں گے مگر (صرف میری) کتاب میں جو کچھ لکھا ہوگا (بن دیکھے) اس پر ایمان لائیں گے۔''

۱۷۵۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: وَدِدْتُ أَنِّي لَقِيْتُ إِخْوَانِي، قَالَ: فَقَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَوَ لَيْسَ نَحْنُ إِخْوَانَكَ؟ قَالَ: أَنْتُمْ أَصْحَابِي، وَلَكِنْ إِخْوَانِي الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِي وَ لَمْ يَرَوْنِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے یہ

---

الحديث رقم ۱۷۵: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ۳/۱۵۵، الرقم: ۱۲۶۰۱، و الطبرانى فى المعجم الكبير، ۱/۲۱۲، الرقم: ۵۷٦، و الهيثمى فى مجمع الزوائد، ۱۰/٦۷، و الحسينى فى البيان و التعريف، ۱/۳۲، الرقم: ٦۰: ۲/۹٤، الرقم: ۱۱٦۱.

Marfat.com

چاہا کہ میں اپنے بھائیوں سے ملوں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میرے صحابہ ہو لیکن میرے بھائی وہ ہوں گے جو مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہو گا۔‘‘

۱۷۶۔ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه لَا أَعْلَمُ ذٰلِکَ إِلَّا عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم أَنَّهُ قِيْلَ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَ رَأَيْتَ مَنْ آمَنَ بِکَ وَ لَمْ يَرَکَ وَ صَدَّقَکَ وَ لَمْ يَرَکَ مَاذَا لَهُمْ؟ قَالَ: طُوْبَى لَهُمْ مَرَّتَيْنِ أُوْلٰئِکَ مِنَّا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت ابن ابی عمرہ انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور میرے علم کے مطابق وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہی روایت کر رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا: یا رسول اللہ! آپ ان کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جو آپ پر ایمان لائے حالانکہ انہوں نے آپ کو دیکھا تک بھی نہیں، آپ کی تصدیق کی حالانکہ آپ کو دیکھا تک بھی نہیں۔ فرمایا: ان کے لئے دو مرتبہ مبارک باد اور خوشخبری ہے وہ ہم میں سے ہیں۔‘‘

۱۷۷۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضي الله عنه، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: طُوْبَى لِمَنْ رَآنِي وَ

---

الحديث رقم ۱۷٦: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ۸/۲۷٦، الرقم: ۸٦۲٤.

الحديث رقم ۱۷۷: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ۵/۲۵۷، الرقم: ۲۲۲٦۸، ۲۲۱۹۲، ۲۲۳۳۱، و فی الباب: عن أبي سعيد الخدری، و أبي هريرة رضی الله عنهما، و ابن حبان فی الصحيح، ۱٦/۲۱٦، الرقم: ۷۲۳۳، و الحاكم عن عبدالله بن بُسر رضي الله عنه، فی المستدرك، ٤/۹٦، الرقم: ٦۹۹٤، و الطبرانی فی المعجم الكبير، ۸/۲۵۹، الرقم: ۸۰۰۹، و أبويعلی عن أنس بن مالك رضي الله عنه فی المسند، ٦/۱۱۹، الرقم: ۳۳۹۱ و المقدسی فی الأحاديث المختارة، ۹/۹۹، الرقم: ۸۷، و الرويانی فی ←

Marfat.com

آمَنَ بِي وَ طُوْبَى سَبْعَ مَرَّاتٍ لِمَنْ لَمْ يَرَنِي وَ آمَنَ بِي.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خوشخبری اور مبارک باد ہو اس کے لئے جس نے مجھے دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اور سات بار خوشخبری اور مبارک باد ہو اس کے لئے جس نے مجھے نہیں دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا۔''

١٧٨۔ عَنْ أَبِي جُمْعَةَ رضی الله عنه قَالَ: تَغَدَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم وَ مَعَنَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، قَالَ: قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! هَلْ أَحَدٌ خَيْرٌ مِنَّا؟ أَسْلَمْنَا مَعَكَ، وَ جَاهَدْنَا مَعَكَ، قَالَ: نَعَمْ، قَوْمٌ يَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِكُمْ يُؤْمِنُوْنَ بِي وَ لَمْ يَرَوْنِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَ قَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت ابو جمعہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم نے ایک مرتبہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دن کا کھانا کھایا ہمارے ساتھ ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم سے بھی کوئی بہتر ہوگا؟ ہم آپ کی معیت میں ایمان لائے، اور آپ کی ہی معیت میں ہم نے جہاد کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں وہ لوگ جو تمہارے بعد

---

المسند، ٢/٣١١، الرقم: ١٢٦٦، و الطبرانی فی المعجم الصغیر، ٢/١٠٤، الرقم: ٨٥٨.

الحديث رقم ١٧٨: أخرجه الدارمي في السنن، ٢/٣٩٨، الرقم: ٢٨٤٤، و أحمد بن حنبل في المسند، ٤/١٠٦، الرقم: ١٧٠١٧، والطبرانی فی المعجم الکبير، ٤/٢٢، الرقم: ٣٥٣٧، وأبويعلی فی المسند، ٣/١٢٨، الرقم: ١٥٥٩، و ابن منده فی کتاب الإيمان، ١/٣٧٢، الرقم: ٢١٠، و الهيثی فی ممجع الزوائد، ١٠/٦٦.

آئیں گے وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہو گا (وہ اس جہت سے تم سے بھی بہتر ہوں گے)۔‘‘

١٧٩۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْعُلَاءِ الْحَضْرَمِيِّ رضي الله عنه، قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِي آخِرِ هَذِهِ الأُمَّةِ قَوْمٌ لَهُمْ مِثْلُ أَجْرِ أَوَّلِهِمْ، يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَ يُقَاتِلُوْنَ أَهْلَ الْفِتَنِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّلَائِلِ وَ السُّيُوطِيُّ فِي الْمِفْتَاحِ.

’’حضرت عبد الرحمٰن بن علاء حضرمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: مجھے اس نے بتایا جس نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اس امت کے آخر میں ایسے لوگ ہوں گے جن کے لئے اجر اس امت کے اولین کے برابر ہوگا، وہ نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے اور فتنہ پرور لوگوں سے جہاد کریں گے۔‘‘

١٨٠۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ لَا يَجْمَعُ أُمَّتِي (أَوْ قَالَ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ﷺ) عَلَى ضَلَالَةٍ، وَيَدُ اللهِ مَعَ الْجَمَاعَةِ، وَمَنْ شَذَّ شَذَّ إِلَى النَّارِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

’’حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے

---

الحديث رقم ١٧٩: أخرجه البيهقي في دلائل النّبوّة، ٦/٥١٣، والسّيوطى فى مفتاح الجنة، ١/٦٨۔

الحديث رقم ١٨٠: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى الزوم الجماعة، ٤/٤٦٦، الرقم: ٢١٦٧، و الحاكم فى المستدرك، ١/٢٠١، الرقم: ٣٩٧، والمناوى فى فيض القدير، ٢/٢٧١۔

Marfat.com

فرمایا: اللہ تعالیٰ میری امت کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا (یا فرمایا: امتِ محمدیہ ﷺ کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا) اور جماعت پر اللہ (تعالیٰ کی حفاظت) کا ہاتھ ہے اور جو شخص جماعت سے جدا ہوا وہ آگ کی طرف جدا ہوا۔‘‘

۱۸۱۔ عَنِ الْحَارِثِ الْأَشْعَرِيِّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ أَمَرَنِي اللهُ بِهِنَّ: اَلْجَمَاعَةِ وَ السَّمْعِ وَ الطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِي سَبِيْلِ اللهِ، فَمَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ رَأْسِهِ إِلَّا أَنْ يَرْجِعَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے پانچ باتوں کا حکم دیا (اور وہ پانچ باتیں یہ ہیں) جماعت کے ساتھ ہونے، نصیحت سننے، فرمانبرداری، ہجرت اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا پس جو جماعت سے ایک بالشت برابر بھی الگ ہوا پس اس نے اسلام کا قلادہ اپنے گلے سے اتار دیا جب تک کہ وہ (جماعت کی طرف) لوٹ نہیں آتا۔‘‘

۱۸۲۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فِي رِوَايَةٍ طَوِيْلَةٍ مِنْهَا، قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ

---

الحديث رقم ۱۸۱: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ۱ / ۲۰۴، ۵۸۲، الرقم: ۴۰۴، ۱۵۳۴، و ابن خزيمة فى الصحيح، ۳ / ۱۹۵، الرقم: ۱۸۹۵، و البيهقى فى السنن الكبرى، ۸ / ۱۵۷، و الطبرانى فى المعجم الكبير، ۳ / ۲۸۶، ۲۸۷، ۲۸۹، الرقم: ۳۴۲۷، ۳۴۳۰، ۳۴۳۱، و أبو يعلى فى المسند، ۳ / ۱۴۰، الرقم: ۱۵۷۱.

الحديث رقم ۱۸۲: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى لزوم الجماعة، ۴ / ۴۶۵، الرقم: ۲۱۶۵، ←

بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: يَأَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي قُمْتُ فِيكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِيْنَا فَقَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْفُرْقَةَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الإِثْنَيْنِ أَبْعَدُ مَنْ أَرَادَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَذَلِكُمُ الْمُؤْمِنُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جابیہ کے مقام پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطاب فرمایا کہ میں تمہارے درمیان اس جگہ پر کھڑا ہوں جہاں حضور نبی اکرم ﷺ نے ہمارے درمیان قیام فرمایا پھر فرمایا: جماعت کو لازم پکڑو اور علیحدگی سے بچو کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور دو آدمیوں سے دور رہتا ہے جو شخص جنت کا وسط چاہتا ہے اس کے لیے جماعت سے وابستگی لازمی ہے جسے اس کی نیکی خوش کرے اور برائی پریشان کرے پس وہی مومن ہے۔‘‘

۱۸۳۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَجْمَعُ اللهُ

---

والنسائی فی السنن الکبری، ۵/ ۳۸۸، الرقم: ۹۲۲۵، وابن أبی عاصم فی السنة، ۱/ ۴۲، الرقم: ۸۸، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۵/ ۳۷۰، الرقم: ۲۳۱۹۴، والعسقلانی فی فتح الباری، ۱۳/ ۳۱۶، والمبارکفوری فی تحفة الأحوذی، ۶/ ۳۲۰۔

الحدیث رقم ۱۸۳: أخرجه الحاکم فی المستدرک، ۱/ ۱۹۹۔۲۰۱، الرقم: ۳۹۱۔ ۳۹۷، و ابن أبي عاصم فی کتاب السنة، ۱/ ۳۹، الرقم: ۸۰، و الالکائی فی إعتقاد أهل السنة، ۱/ ۱۰۶، الرقم: ۱۵۴، و الدیلمی فی الفردوس بماثور الخطاب، ۵/ ۲۵۸، الرقم: ۸۱۱۶، و الحکیم الترمذي فی نوادر الأصول، ۱/ ۴۲۲۲، و أبو نعیم فی حلیة الأولیاء، ۳/ ۳۷، والمناوی فی فیض القدیر، ۲/ ۲۷۱۔

هَذِهِ الْأُمَّةَ عَلَى الضَّلَالَةِ أَبَدًا وَ قَالَ: يَدُ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ فَاتَّبِعُوا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ فَإِنَّهُ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس امت کو کبھی بھی گمراہی پر اکٹھا نہیں فرمائے گا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ کا دستِ قدرت جماعت پر ہوتا ہے۔ پس سب سے بڑی جماعت کی اتباع کرو اور جو اس جماعت سے الگ ہوتا ہے وہ آگ میں ڈال دیا جاتا ہے۔''

١٨٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أُمَّتِي لَا تَجْتَمِعُ عَلَى ضَلَالَةٍ فَإِذَا رَأَيْتُمُ اخْتِلَافًا فَعَلَيْكُمْ بِالسَّوَادِ الْأَعْظَمِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میری امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہو گی پس اگر تم ان میں اختلاف دیکھو تو تم پر لازم ہے کہ سب سے بڑی جماعت کو اختیار کرو۔''

١٨٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ بَنِي

---

الحديث رقم ١٨٤: أخرجه ابن ماجة فى السنن، كتاب: الفتن، باب: السَّوَادِ الأَعْظَمِ، ٤/ ٣٦٧، الرقم: ٣٩٥٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٢/ ٤٤٧، الرقم: ١٣٦٢٣، والكنانى فى مصابح الزجاجة، ٤/ ١٦٩، الرقم: ١٣٩٥.

الحديث رقم ١٨٥: أخرجه ابن ماجة فى السنن، كتاب: الفتن، باب: افتراق الأمم، ٢/ ١٣٢٢، الرقم: ٣٩٩١-٣٩٩٣، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/ ١٤٥، الرقم: ١٢٥٠١، و أبويعلى فى المسند، ٧/ ٣٦، ←

Marfat.com

إِسْرَائِيْلَ افْتَرَقَتْ عَلَى إِحْدَى وَ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً. وَ إِنَّ أُمَّتِي سَتَفْتَرِقُ عَلَى ثِنْتَيْنِ وَ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً. كُلُّهَا فِي النَّارِ، إِلَّا وَاحِدَةً. وَهِيَ الْجَمَاعَةُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَ أَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یقیناً بنی اسرائیل اکہتر فرقوں میں تقسیم ہو گئے تھے اور میری امت یقیناً بہتر فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔ وہ سب کے سب دوزخ میں جائیں گے سوائے ایک کے اور وہ جماعت ہے۔''

١٨٦۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی اللہ عنہ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أَنَّهُ قَالَ: اثْنَانِ خَيْرٌ مِنْ وَاحِدٍ، وَ ثَلَاثَةٌ خَيْرٌ مِنِ اثْنَيْنِ، وَ أَرْبَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ ثَلَاثَةٍ، فَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، فَإِنَّ اللهَ عزوجل لَنْ يَجْمَعَ أُمَّتِي إِلَّا عَلَى هُدًى. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو (شخص) ایک سے بہتر ہیں اور تین (شخص) دو سے بہتر ہیں، اور چار (اشخاص) تین سے بہتر ہیں، پس تم پر لازم ہے کہ جماعت کے ساتھ رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ میری امت کو کبھی بھی ہدایت کے سوا کسی شے پر اکٹھا نہیں کرے گا۔''

---

........ الرقم: ٣٩٤٤، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ٤/١٨٠، الرقم: ١٤١٢، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٧/٩٠، الرقم: ٢٤٩٩، و ابن أبى عاصم فى كتاب السنة، ١/٣٢، الرقم: ٦٤، والمروزى فى كتاب السنة، ١/٢١، الرقم: ٥٣۔

الحديث رقم ١٨٦: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٤٥، الرقم: ٢١٣٣١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/١٧٧: ٥/٢١٨، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٦/٣٢٣۔

Marfat.com

١٨٧۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: صَلَّى رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلَى قَتْلَى أُحُدٍ، بَعْدَ ثَمَانِي سِنِينَ كَالْمُوَدِّعِ لِلْأَحْيَاءِ وَالْأَمْوَاتِ، ثُمَّ طَلَعَ الْمِنْبَرَ، فَقَالَ: إِنِّي بَيْنَ أَيْدِيكُمْ فَرَطٌ وَأَنَا عَلَيْكُمْ شَهِيدٌ، وَإِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ، وَإِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَيْهِ مِنْ مَقَامِي هَذَا، وَ إِنِّي لَسْتُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا، وَلَكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوْهَا قَالَ: فَكَانَتْ آخِرَ نَظْرَةٍ نَظَرْتُهَا إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَهَذَا اللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ.

’’حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شہداء اُحد پر (دوبارہ) آٹھ سال بعد اس طرح نماز پڑھی گویا زندوں اور مردوں کو الوداع کہہ رہے ہوں۔ پھر خورشید رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر پر طلوع فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ میں تمہارا پیش رو ہوں، میں تمہارے اُوپر گواہ ہوں، ہماری ملاقات کی جگہ حوضِ کوثر ہے اور میں اس جگہ سے حوضِ کوثر کو دیکھ رہا ہوں اور مجھے تمہارے متعلق اس بات کا تو ڈر ہی نہیں ہے کہ تم شرک میں مبتلا ہو جاؤ گے بلکہ تمہارے متعلق مجھے دنیا داری کی محبت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے۔ حضرت عقبہ فرماتے ہیں کہ میرا یہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آخری دیدار تھا۔‘‘

---

الحديث رقم ١٨٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المغازی، باب: غزوه أحد، ٤/١٤٨٦، الرقم: ٣٨١٦، و مسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: إثبات حوض نبينا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصفاته، ٤/١٧٩٦، الرقم: ٢٢٩٦، و أبو داود فی السنن، أول كتاب: الجنائز، باب: الميت يصلى على قبره بعد حين، ٣/٢١٦، الحديث رقم ٣٢٢٤، و الطبرانی فی المعجم الكبير، ١٧/٢٧٩، الرقم: ٧٦٨، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤/١٤، الرقم: ٦٦٠١، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ٥/٤٥، الرقم: ٢٥٨٣، و أحمد بن حنبل فی المسند، ٤/١٥٤.

Marfat.com

١٨٨۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنِّي لَسْتُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوا بَعْدِي، وَلَكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا، وَتَقْتَتِلُوْا فَتَهْلِكُوا كَمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ قَالَ عُقْبَةُ: فَكَانَ آخِرَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے تمہارے متعلق اس بات کا تو ڈر ہی نہیں ہے کہ تم میرے بعد شرک کرو گے بلکہ مجھے ڈر ہے کہ تم دنیا کی محبت میں گرفتار ہو جاؤ گے اور آپس میں لڑو گے اور ہلاک ہو گے جیسے کہ تم سے پہلے لوگ ہوئے۔ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ آخری بار تھی جب میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر جلوہ افروز دیکھا۔''

١٨٩۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ وَأَنَا شَهِيدٌ عَلَيْكُمْ وَإِنِّي وَاللهِ لَأَنْظُرُ إِلَى حَوْضِي الآنَ، وَ إِنِّي أُعْطِيتُ

---

الحديث رقم ١٨٨: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: اثبات حوض نبينا صلى الله عليه وآله وسلم وصفاته، ٤/١٧٩٦، الرقم: ٢٢٩٦، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٧/٢٧٩، الرقم: ٧٦٩، والطبرانى فى المسند، ١/١٥٢، الرقم: ١٦٦.

الحديث رقم ١٨٩: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النُّبُوَّةِ فِي الإِسلام، ٣/١٣١٧، الرقم: ٣٤٠١، وفى كتاب: الرقاق، باب: مَا يُحْذَرُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنيَا وَالتَّنَافُسِ فِيها، ٥/٢٣٦١، الرقم: ٦٠٦١، و مسلم فى الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: اثبات حوض نبينا صلى الله عليه وآله وسلم و صفاته، ٤/١٧٩٥، الرقم: ٢٢٩٦ و أحمد بن حنبل فى المسند، ٤/١٥٣.

مَفَاتِيحَ خَزَآئِنِ الأَرْضِ، أَوْمَفَاتِيحَ الأَرْضِ، وَإِنِّي وَاللهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِي وَلَكِنْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَتَنَافَسُوْا فِيهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک میں تمہارا پیش رو اور تم پر گواہ ہوں۔ بیشک خدا کی قسم! میں اپنے حوض کو اس وقت بھی دیکھ رہا ہوں اور بیشک مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں (یا فرمایا: زمین کی کنجیاں) عطا کر دی گئی ہیں اور خدا کی قسم مجھے یہ ڈر نہیں کہ میرے بعد تم شرک کرنے لگو گے بلکہ مجھے ڈر اس بات کا ہے کہ تم دنیا کی محبت میں مبتلا ہو جاؤ گے۔''

١٩٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ، فِيمَا أَعْلَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: إِنَّ اللهَ عزوجل يَبْعَثُ لِهَذِهِ الأُمَّةِ عَلَى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْحَاكِمُ وَ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس میں سے جو آپ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جانا روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس امت کیلئے ہر صدی کے آخر میں کسی ایسے شخص (یا اشخاص) کو پیدا فرمائے گا جو اس (امت) کیلئے اس کے دین کی تجدید کرے گا۔''

---

الحديث رقم ١٩٠: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: الملاحم، باب: مايذكر فى قرن المائة ٤/ ١٠٩ الرقم: ٤٢٩١، والحاكم فى المستدرك، ٤/ ٥٦٧، ٥٦٨، الرقم: ٨٥٩٢، ٨٥٩٣، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٦/ ٣٢٣، الرقم: ٦٥٢٧، والديلمى فى الفردوس بما ثور الخطاب، ١/ ١٤٨، الرقم: ٥٣٢، والمقرئ فى السنن الوردة فى الفتن، ٣/ ٧٤٢، الرقم: ٣٦٤، وابن عساكر فى تاريخ دمشق ٥١/ ٣٨٨، ٣٤١، والخطيب فى تاريخ بغداد، ٢/ ٦١.

Marfat.com

۱۹۱۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله علیه وآله وسلم: إِنَّ أَدْنَى الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَأَحَبَّ الْعَبِيْدِ إِلَى اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى الْأَتْقِيَاءُ الْأَخْفِيَاءُ الَّذِيْنَ إِذَا غَابُوا لَمْ يُفْتَقَدُوْا وَإِذَا شَهِدُوْا لَمْ يُعْرَفُوْا أُوْلَئِكَ أَئِمَّةُ الْهُدَى وَمَصَابِيْحُ الْعِلْمِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت معاذ بن جبل رضی الله عنه روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی الله علیه وآله وسلم نے فرمایا: معمولی سا دکھاوا بھی شرک ہے اور بندوں میں سے محبوب ترین اللہ کے نزدیک متقی اور خشیت الٰہی رکھنے والے وہ لوگ ہیں جو موجود نہ ہوں تو تلاش نہ کیے جائیں اور موجود ہوں تو پہچانے نہ جائیں، وہی لوگ ہدایت کے اِمام اور علم کے چراغ ہیں۔‘‘

۱۹۲۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله علیه وآله وسلم: مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِي عِنْدَ فَسَادِ أُمَّتِي فَلَهُ أَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ.

---

الحديث الرقم ۱۹۱: أخرجه الحاکم فی المستدرک، ۳/ ۳۰۳، الرقم: ۵۱۸۲، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ۵/ ۱۶۳، الرقم: ۴۹۵۰، وفی المعجم الکبیر، ۲۰/ ۳۶، الرقم: ۵۳، و القضاعی فی مسند الشهاب، ۲/ ۲۵۲، الرقم: ۱۲۹۸، والبیهقی فی کتاب الزهد، ۲/ ۱۱۲۔

الحديث الرقم ۱۹۲: أخرجه البیهقی فی کتاب الزهد الکبیر، ۲/ ۱۱۸، الرقم: ۲۰۷، و الدیلمی فی الفردوس بماثور الخطاب، ۴: ۱۹۸، الرقم: ۶۶۰۸، و المنذری فی الترغیب و الترهیب، ۱: ۴۱/ الرقم: ۶۵، و أبو نعیم فی حلیة الأولیاء، ۸/ ۲۰۰، و المزی فی تهذیب الکمال، ۲۴/ ۳۶۴، و الذهبی فی میزان الإعتدال، ۲/ ۲۷۰۔

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے اس وقت میری سنت کو مضبوطی سے تھاما جب میری امت فساد میں مبتلا ہو چکی ہو گی تو اس کے لئے سو شہیدوں کے برابر ثواب ہے۔''

١٩٣۔ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ جَاءَهُ الْمَوْتُ وَ هُوَ يَطْلُبُ الْعِلْمَ لِيُحْيِي بِهِ الإِسْلَامَ فَبَيْنَهُ وَ بَيْنَ النَّبِيِّيْنَ دَرَجَةٌ وَاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَ لِابْنِ النَّجَّارِ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه.

''حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دوران حصول علم اگر کسی کو موت آ جائے اور وہ اس لئے علم حاصل کر رہا ہو کہ اس کے ذریعے اسلام کو زندہ کرے گا تو اس کے اور انبیاء کرام کے درمیان جنت میں صرف ایک درجے کا فرق ہو گا۔''

١٩٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ، أَنَّهُ قَالَ: لَا نَبِيَّ بَعْدِي. قَالُوْا: فَمَا يَكُوْنُ يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ: يَكُوْنُ خُلَفَاءٌ بَعْضُهُمْ عَلَى أَثَرِ بَعْضٍ فَمَنِ اسْتَقَامَ مِنْهُمْ فَفُوْا لَهُمْ بَيْعَتَهُمْ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَقِمْ فَأَدُّوْا

---

الحديث الرقم ١٩٣: أخرجه الدارمى فى السنن، باب: (٣٢) فى فضل العلم والعالم، ١/١١٢، الرقم: ٣٥٤، و ابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٥١/٦١، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٩/١٧٤، الرقم: ٩٤٥٤، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/١٢٣، والعجلونى فى كشف الخفاء، ٢/٣١٨، الرقم: ٢٤٥٠، و ابن عبدالبر فى جامع بيان العلم و فضله، ١/٤٦، والزبيدى فى اتحاف سادة المتقين، ١/١٠٠، و المنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٥٣، الرقم: ١١٠۔

الحديث الرقم ١٩٤: أخرجه ابن راهويه فى المسند، ١/٢٥٧، الرقم: ٢٢٣۔

Marfat.com

إِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَ سَلُوا اللهَ الَّذِي لَكُمْ. رَوَاهُ ابْنُ رَاهَوَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: تو کون ہوگا یا رسول اللہ؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خلفاء ہوں گے اور پھر ان کے خلفاء ہوں گے۔ سو جسے تم سیدھے راستہ پر پاؤ اس کے ساتھ بیعت (عہد وفا) نبھاؤ، اور جو سیدھی راہ پر نہ رہیں انہیں ان کا حق دے دو اور اپنا حق اللہ تعالیٰ سے مانگو۔''

۱۹۵۔ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْمُزَنِيِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ الدِّيْنَ (أَوْ قَالَ: إِنَّ الإِسْلَامَ) بَدَأَ غَرِيْبًا وَ سَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَأَ فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! مَنِ الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: الَّذِيْنَ يُحْيُوْنَ سُنَّتِي وَ يُعَلِّمُوْنَهَا عِبَادَ اللهِ. رَوَاهُ الْقُضَاعِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت کثیر بن عبد اللہ مزنی بواسطہ والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک دین (یا فرمایا: اسلام) کی ابتداء غریبوں سے ہوئی اور غریبوں میں ہی لوٹے گا جس طرح کہ اس کا آغاز ہوا تھا، سو غریبوں کو مبارک ہو۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! غرباء کون ہیں؟ فرمایا: وہ لوگ جو میری سنتوں کو زندہ کرتے اور اللہ کے بندوں کو ان کی تعلیم دیتے ہیں۔''

۱۹٦۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ رضی اللہ عنہ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: مَنْ تَعَلَّمَ

---

الحديث الرقم ۱۹۵: أخرجه القضاعی فی مسند الشهاب، ۲/ ۱۳۸، الرقم: ۱۰۵۲۔ ۱۰۵۳، والبيهقی فی كتاب الزهد الكبير، ۲/ ۱۱۷، الرقم: ۲۰۵، والسيوطی فی مفتاح الجنة، ۱/ ٦۷۔

الحديث الرقم ۱۹٦: أخرجه ابن عبدالبر فی جامع بيان العلم و فضله، ۱/ ٤٦۔

Marfat.com

الْعِلْمَ يُحْيِي بِهِ الإِسْلَامَ لَمْ يَكُنْ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ الأَنْبِيَاءِ إِلَّا دَرَجَةٌ.

رَوَاهُ ابْنُ عَبْدِالْبَرِّ.

''حضرت سعید بن میّب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے علم حاصل کیا تا کہ اس سے اسلام کو زندہ کر سکے اس کے اور انبیاء کے درمیان سوائے ایک درجے کے کوئی فرق نہیں ہو گا۔''

١٩٧. عَنِ الْحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: رَحْمَةُ اللهِ عَلَى خُلَفَائِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالُوْا: وَ مَنْ خُلَفَاؤُکَ يَا رَسُولَ اللهِ؟ قَالَ: الَّذِيْنَ يُحْيُوْنَ سُنَّتِي وَ يُعَلِّمُونَهَا النَّاسَ.

رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ وَابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ وَالْهِنْدِيُّ.

''حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے خلفاء پر اللہ کی رحمت ہو یہ تین مرتبہ فرمایا۔ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کے خلفاء کون لوگ ہیں؟ فرمایا: وہ جو میری سنتوں کو زندہ کرتے ہیں اور لوگوں کو ان کی تعلیم دیتے ہیں۔''

١٩٨. عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْفِرْيَابِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رضي الله عنه: إِنَّ اللهَ

---

الحديث الرقم ١٩٧: أخرجه ابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٥١/ ٦١، وابن عبدالبر فى جامع بيان العلم و فضله، ١/ ٤٦، والهندى فى كنز العمال، ١٠/ ٢٢٩، الرقم: ٢٩٢٠٩.

الحديث الرقم ١٩٨: أخرجه المزى فى تهذيب الكمال، ٢٤/ ٣٦٥، و العسقلاني فى تهذيب التهذيب، ٩/ ٢٥، و الخطيب فى تاريخ بغداد، ٢/ ٦٢، و العظيم آبادى فى عون المعبود، ١١/ ٢٦١.

Marfat.com

يُقَيِّضُ لِلنَّاسِ فِي كُلِّ رَأْسِ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُعَلِّمُهُمُ السُّنَنَ وَ يَنْفِي عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ الْكِذْبَ.

رَوَاهُ الْمِزِّيُّ فِي التَّهْذِيْبِ وَالْخَطِيْبُ فِي التَّارِيْخِ وَالْعَسْقَلَانِيُّ فِي التَّهْذِيْبِ.

''حضرت ابو سعید فریابی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہر صدی کے آخر پر لوگوں کے لئے ایک ایسی شخصیت کو بھیجتا ہے جو لوگوں کو سنت کی تعلیم دیتی ہے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف منسوب جھوٹ کی نفی کرتی ہے۔''

Marfat.com

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ

## ﴿مناقبِ مکہ مکرمہ کا بیان﴾

١٩٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله علیه وآله وسلم: لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ إِلَّا مَكَّةَ وَ الْمَدِيْنَةَ لَيْسَ لَهُ مِنْ نِقَابِهَا نَقْبٌ إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّيْنَ يَحْرُسُوْنَهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

”حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی شہر ایسا نہیں جسے دجال نہ روندے سوائے مکّہ مکرّمہ اور مدینہ منوّرہ کے۔ ان کے راستوں میں سے ہر راستہ پر صف بستہ فرشتے حفاظت کر رہے ہوں گے۔“

٢٠٠۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وآله وسلم: يَوْمَ افْتَتَحَ مَكَّةَ،

---

الحديث رقم ١٩٩: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: لا يدخل الدجال المدينة، ٢/٦٦٥، الرقم: ١٧٨٢، و مسلم فى الصحيح، كتاب: الفتن و أشراط الساعة، باب: قصة الجساسة، ٤/٢٢٦٥، الرقم: ٢٩٤٣، والنسائى فى السنن الكبرى، ٢/٤٨٥، الرقم: ٤٢٧٤، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/٢١٤، الرقم: ٦٨٠٣، و المقرئ فى السنن الواردة فى الفتن، ٦/١١٦٣، الرقم: ٦٣٨.

الحديث رقم ٢٠٠: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: جزاء الصَّيدِ، باب: لا يحل القتال بمكة، ٢/٦٥١، الرقم: ١٧٣٧، وفى كتاب: الجزية، باب: إثم الغادر للبر والفاجر، ٣/١١٦٤، الرقم: ٣٠١٧، و بعضه فى كتاب: الحج، باب: فضل الحرم، ٢/٥٧٥، الرقم: ١٥١٠، و مسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: تحريم مكة و صيدها وخلاها و شجرها و لقطتها إلا لمنشد على الدوام، ٢/٩٨٦، الرقم:١٣٥٣، والنسائى فى ←

Marfat.com

فَإِنَّ هَذَا بَلَدٌ حَرَّمَهُ اللهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَ الْأَرْضَ، وَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللهِ إِلَى يَومِ الْقِيَامَةِ، وَ إِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ الْقِتَالُ فِيْهِ لِأَحَدٍ قَبْلِي، وَ لَمْ يَحِلَّ لِي إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ وَ لَا يُنَفَّرُ صَيْدُهُ، وَ لَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهُ إِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا وَ لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَ مُسْلِمٌ.

’’حضرت (عبداللہ) بن عباس رضي الله عنهما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے جب مکہ مکرمہ کو فتح کیا تو اس روز فرمایا: اس شہر کو اللہ تعالیٰ نے اس دن سے حرمت عطا فرمائی ہے جس روز آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا اور وہ اللہ کی حرمت کے باعث تاقیامت حرام ہے اور اِس میں جنگ کرنا کسی کے لئے نہ مجھ سے پہلے حلال ہوا نہ میرے لئے مگر دن کی ایک ساعت کے لئے، پس وہ اللہ کی حرمت کے ساتھ قیامت تک حرام ہے۔ نہ اِس کا کانٹا توڑا جائے اور نہ اس کا شکار بھڑکایا جائے اور اس کی گری پڑی چیز صرف وہ اٹھائے جس نے اعلان کرنا ہو اور نہ یہاں کی گھاس اُکھاڑی جائے۔‘‘

٢٠١۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَدِيِّ ابْنِ حَمْرَاءَ الزُّهْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: رَأَيْتُ

......... السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: حرمة مكة، ٥/٢٠٣، الرقم: ٢٨٧٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٢٥٩، الرقم: ٢٣٥٣، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٣/٤٤١، الرقم: ٤٠٠٧.

الحديث رقم ٢٠١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل مكة، ٥/٧٢٢، الرقم: ٧٢٢، والنسائى فى السنن الكبرى، ٢/٤٧٩، الرقم: ٤٢٥٢-٤٢٥٣، وابن ماجة فى السنن، كتاب: المناسك، باب: فضل مكة، ٢/١٠٣٧، الرقم: ٣١٠٨، وابن حبان فى الصحيح، ٩/٢٢، الرقم: ٣٧٠٨، والحاكم فى المستدرك، ٣/٨، الرقم: ٤٣٧٠، وقال الحاكم: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

Marfat.com

رَسُولَ اللهِ ﷺ وَاقِفًا عَلَى الْحَزْوَرَةِ، فَقَالَ: وَ اللهِ إِنَّکِ لَخَيْرُ أَرْضِ اللهِ وَ أَحَبُّ أَرْضِ اللهِ إِلَى اللهِ وَ لَوْلَا أَنِّي أُخْرِجْتُ مِنْکِ مَا خَرَجْتُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وابنُ مَاجَةَ.

وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عدی بن حمرا رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو مقام حزورہ پر کھڑے ہوکر فرماتے ہوئے سنا: اللہ رب العزت کی قسم! اے مکہ تو اللہ تعالیٰ کی ساری زمین سے بہتر اور اللہ تعالیٰ کو پوری زمین سے زیادہ محبوب ہے اگر مجھے تجھ سے نکل جانے پر مجبور نہ کیا جاتا تو میں ہرگز نہ جاتا۔''

٢٠٢. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لِمَكَّةَ مَا أَطْيَبَکِ مِنْ بَلَدٍ وَ أَحَبَّکِ إِلَيَّ وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمِي أَخْرَجُوْنِي مِنْکِ مَا سَكَنْتُ غَيْرَکِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ حَسَّنَهُ.

وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ کو مخاطب کر کے فرمایا: تو کتنا اچھا شہر ہے اور مجھے کتنا عزیز ہے اگر میری قوم مجھے یہاں سے نہ نکالتی تو میں تیرے علاوہ کہیں نہ ٹھہرتا۔''

---

الحديث رقم ٢٠٢: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل مكة، ٥/ ٧٢٣، الرقم: ٣٩٢٦، والحاكم فی المستدرك، ١/ ٦٦١، الرقم: ١٧٨٧، وابن حبان فی الصحيح، ٩/ ٢٣، الرقم: ٣٧٠٩، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٠/ ٢٦٧، ٢٧٠، الرقم: ١٠٦٢٤، ١٠٦٣٣، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٣/ ٤٤٣، الرقم: ٤٠١٣.

Marfat.com

٢٠٣ـ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: صَلَاةُ الرَّجُلِ فِي بَيْتِهِ بِصَلَاةٍ، وَصَلَاتُهُ فِي مَسْجِدِ الْقَبَائِلِ بِخَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ صَلَاةً، وَصَلَاتُهُ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي يُجَمَّعُ فِيْهِ بِخَمْسِ مِائَةِ صَلَاةٍ. وَصَلَاتُهُ فِي الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى بِخَمْسِيْنَ أَلْفِ صَلَاةٍ. وَصَلَاتُهُ فِي مَسْجِدِي بِخَمْسِيْنَ أَلْفِ صَلَاةٍ. وَ صَلَاتُهُ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ بِمِائَةِ أَلْفِ صَلَاةٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَة.

وَ قَالَ الْمُنْذِرِيُّ: رَوَاتُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو اپنے گھر میں نماز پڑھے اسے پچیس نمازوں کا، جو جامع مسجد میں نماز پڑھے اسے پانچ سو نمازوں کا، جو جامع مسجد اقصی اور میری مسجد (مسجد نبوی) میں نماز پڑھے اسے پچاس ہزار کا، اور جو مسجد حرام میں نماز پڑھے اسے ایک لاکھ نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔''

٢٠٤ـ عَنْ أَبِي ذَرٍّ ﷺ قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُولَ اللهِ! أَيُّ مَسْجِدٍ وُضِعَ فِي

---

الحديث رقم ٢٠٣: أخرجه ابن ماجة فى السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فى الصلاة فى المسجد الجامع، ١/٤٥٣، الرقم: ١٤١٣، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٧/١١٢، الرقم: ٧٠٠٨، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢/١٤٠، الرقم: ١٨٣٣، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ٢/١٥، الرقم: ٥٠٣.

الحديث رقم ٢٠٤: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: يَزِفُّونَ: [الصافات: ٩٤] النَّسَلَانُ فِي الْمَشْيِ، ٣/١٢٣١، الرقم: ٣١٨٦، و فى كتاب: الأنبياء، باب: قول الله تعالى: وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمَانَ: [ص: ٣٠] الرَّاجِعُ الْمُنِيْبُ، ٣/١٢٦٠، الرقم: ٣٢٤٣، ومسلم ←

Marfat.com

الْأَرْضِ أَوَّلُ؟ قَالَ: الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ. قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: الْمَسْجِدُ الْأَقْصَى. قُلْتُ: كَمْ كَانَ بَيْنَهُمَا؟ قَالَ: أَرْبَعُونَ سَنَةً، ثُمَّ أَيْنَمَا أَدْرَكَتْكَ الصَّلَاةُ بَعْدُ فَصَلِّهْ، فَإِنَّ الْفَضْلَ فِيهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں عرض کیا: یارسول اللہ! زمین پر سب سے پہلے کون سی مسجد بنائی گئی؟ فرمایا: بیت الحرام۔ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا: اس کے بعد؟ فرمایا مسجد اقصیٰ۔ میں نے عرض کیا: ان دونوں (مسجدوں) کی تعمیر کے درمیان کتنا وقفہ ہے؟ فرمایا: چالیس سال۔ لیکن تم جہاں وقت ہو جائے اسی جگہ نماز پڑھ لیا کرو اسی میں تمہارے لئے فضیلت ہے۔''

٢٠٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِهٰذَا

---

في الصحيح، كتاب: المساجد ومواضع الصلاة، ١/ ٣٧٠، الرقم: ٥٣٠، والنسائي في السنن، كتاب: المساجد، باب: ذكر أي مسجد وضع أولا، ٢/ ٣٢، الرقم: ٦٩٠، وفي السنن الكبرى، ١/ ٢٥٥، الرقم: ٧٦٩، وابن ماجة في السنن، كتاب: المساجد والجماعات، باب: أي مسجد وضع أول، ١/ ٢٤٨، الرقم: ٧٥٣، وابن خزيمة في الصحيح، ٢/ ٥، الرقم: ٧٨٧، ١٢٩٠، وابن حبان في الصحيح، ٤/ ٤٧٥، الرقم: ١٥٩٨، ١٤/ ١٢٠، الرقم: ٦٢٢٨، وعبدالرزاق في المصنف، ١/ ٤٠٣، الرقم: ١٥٧٨۔٥٩٢٥، والبزار في المسند، ٩/ ٤١٠، الرقم: ٤٠١٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/ ١٥٠، الرقم: ٢١٣٧١، ٢١٤٢٠، ٢١٤٢٧، ٢١٤٢٨، ٢١٤٥٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/ ٤٣٣، الرقم: ٤٠٦١، وفي شعب الإيمان، ٣/ ٤٣١، الرقم: ٣٩٨٢، والطيالسي في المسند، ١/ ٦٢، الرقم: ٤٦٢، وأبوعوانة في المسند، ١/ ٣٢٧، الرقم: ١١٥٨۔

الحديث رقم ٢٠٥: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/ ٢٦٦، الرقم: ←

Marfat.com

الْحَجَرِ لِسَانًا وَ شَفَتَيْنِ يَشْهَدُ لِمَنِ اسْتَلَمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِحَقٍّ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک اس پتھر (حجرِ اسود) کو اللہ تعالیٰ نے ایک زبان اور دو ہونٹ عطا فرمائے ہیں جن سے یہ قیامت کے دن ان لوگوں کے بارے میں گواہی دے گا جنہوں نے حق سمجھ کر اس کو بوسہ دیا ہوگا۔''

٢٠٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ الرُّكْنَ وَالْمَقَامَ يَاقُوْتَتَانِ مِنْ يَاقُوْتِ الْجَنَّةِ طَمَسَ اللهُ نُوْرَهُمَا

---

........ ٢٣٩٨، و ابن خزيمة فى الصحيح، ٤/٢٢١، الرقم: ٢٧٣٦، و ابن حبان فى الصحيح، ٩/٢٥، الرقم: ٣٧١١، والحاكم فى المستدرك، ١/٦٢٧، الرقم: ١٦٨٠، وأبو يعلى فى المسند، ٥/١٠٧، الرقم: ٢٧١٩، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٣/٤٥٠، الرقم: ٤٠٣٥، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ١٠/٢٠٤، الرقم: ٢٠٩-٢١٠، والهيثمى فى موارد الظمآن، ١/٢٤٨، الرقم: ١٠٠٥.

الحديث رقم ٢٠٦: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الحج عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في فضل الحجر الأسود والركن والمقام، ٣/٢٢٦، الرقم: ٨٧٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢١٣-٢١٤، الرقم: ٧٠٠٠-٧٠٠٨، وابن حبان فى الصحيح، ٩/٢٤، الرقم: ٣٧١٠، والحاكم فى المستدرك، ١/٦٢٦، الرقم: ١٦٧٧، و روى عن أنس بن مالك ﷺ بنحوه فى المستدرك، ١/٦٢٧، الرقم: ١٦٧٨، و عبدالرزاق فى المصنف، ٥/٣٩، الرقم: ٨٩٢١.

Marfat.com

وَ لَولَمْ يَطْمِسْ نُوْرَهُمَا لَأَضَاءَ تَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ أَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رکن یمانی اور مقام ابراہیم جنت کے یاقوتوں میں سے دو یاقوت ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے نور کی روشنی بجھا دی اگر اللہ تعالیٰ انہیں نہ بجھاتا تو ان کی روشنی مشرق سے مغرب تک سارا ماحول روشن کر دیتی۔''

Marfat.com

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ

## ﴿مناقبِ مدینہ منورہ کا بیان﴾

۲۰۷۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: مَا بَيْنَ بَيْتِي وَ مِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِي عَلَى حَوْضِي. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان کا حصہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر میرے حوض پر ہے۔''

---

الحديث رقم ۲۰۷: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الجمعة، باب: فضل ما بين القبر و المنبر، ۱/۳۹۹، الرقم: ۱۱۳۸، و فى الباب: عن عبد الله بن زيد المازنى، الرقم: ۱۱۳۷، و فى كتاب: الحج، باب: كراهية النبى صلى الله عليه وآله وسلم، أن تعرى المدينة، ۲/۶۶۷، الرقم: ۱۷۸۹، و فى كتاب: الرقاق، باب: فى الحوض، ۵/۲۴۰۸، الرقم: ۶۲۱۶، و فى كتاب: الإعتصام بالكتاب والسنة، باب: ذكر النبى صلى الله عليه وآله وسلم ، و فى باب: حض على إتفاق أهل العلم و ماجتمع عليه الحرمان مكة و المدينة، ۶/۲۶۷۲، الرقم: ۶۹۰۴، و مسلم فى الصحيح، كتاب: الحج، باب: ما بين القبر و المنبر روضة من رياض الجنة، ۲/۱۱۰، ۱۱۱، الرقم: ۱۳۹۰۔۱۳۹۱، و الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فى فضل المدينة، ۵/۷۱۸۔ ۷۱۹، الرقم: ۳۹۱۵۔۳۹۱۶، والنسائى فى السنن، كتاب: المساجد، باب: فضل مسجد النبى صلى الله عليه وآله وسلم و الصلاة فيه، ۲/۳۵، الرقم: ۶۹۵، و النسائى فى السنن الكبرى، ۱/۲۵۷، الرقم: ۷۷۴، ۲/۳۵، الرقم: ۶۹۵، و مالك فى الموطأ، ۱/۱۹۷، الرقم: ۴۶۳۔۴۶۴، و أحمد بن حنبل، فى المسند، ۲/۲۳۶، الرقم: ۷۲۲۲۔

۲۰۸۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی الله علیه وآله وسلم قَالَ: إِنَّ الإِيمَانَ لَيَأْرِزُ إِلَى الْمَدِينَةِ، كما تَأْرِزُ الْحَيَّةُ إِلَى جُحْرِهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایمان اس طرح مدینہ منورہ کی طرف سمٹ جائے گا جیسے سانپ اپنے بل کی طرف سمٹ آتا ہے۔''

۲۰۹۔ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه، عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وآله وسلم قَالَ: اَلْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مِنْ كَذَا إِلَى

---

الحديث رقم ۲۰۸: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: الإيمانُ يأرز إلى المدينة، ۲/ ٦٦٣، الرقم: ۱۷۷۷، و مسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان أن الإسلام بدأ غريبا و سيعود غريبا و إنه يأرز بين المسجدين، ۱/ ۱۳۱، الرقم: ۱٤۷، و الترمذي فی السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم، باب: ما جاء أن الإسلام بدأ غريبا و سيعود غريبا، ٥/ ۱۸، الرقم: ۲٦۳۰، وابن ماجة فی السنن، كتاب: المناسك، باب: فضل المدينة، ۲/ ۱۰۸، الرقم: ۳۱۱۱، وابن حبان فی الصحيح، ۹/ ٤٦، الرقم: ۷۸۳۳، و أبوعوانه فی المسند، ۱/ ۹٤، الرقم: ۲۹٤، و ابن كثير الدورقی عن سعد بن أبي وقاص رضی الله عنه فی مسند سعد، ۱/ ۱٥٦، الرقم: ۹۲۔

الحديث رقم ۲۰۹: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: حرم المدينة، ۲/ ٦٦۱، الرقم: ۱۷٦۸، و فی كتاب: الإعتصام بالكتاب و السنة، باب: إثم من آوى محدثا، ٦/ ۲٦٦٥، الرقم: ٦۸۷٦، و مسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل المدينة و دعاء النبی صلی الله علیه وآله وسلم فيها بالبركة و بيان تحريمها و تحريم صيدها و شجرها و بيان حدود حرمها، ۲/ ۹۹٤، الرقم: ۱۳٦٦، و البيهقی فی السنن الكبرى، ٥/ ۱۹۷، الرقم: ۹۷۳۹، و أبو جعفر الطحاوی فی شرح معانی الآثار، ٤/ ۱۹۳۔

كَذَا، لَا يُقْطَعُ شَجَرُهَا، وَلَا يُحْدَثُ فِيهَا حَدَثٌ، مَنْ أَحْدَثَ فِيهَا حَدَثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

وَ هَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَ زَادَ مُسْلِمٌ: لَا يَقْبَلُ اللهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفاً وَلَا عَدْلاً.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مدینہ فلاں جگہ سے فلاں جگہ تک حرم ہے اس کے درخت نہ کاٹے جائیں اور نہ اس میں کوئی فتنہ بپا کیا جائے جو اس میں فتنہ کا کوئی کام ایجاد کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔اور مسلم نے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ ''قیامت کے دن اس کا فرض و نفل کچھ بھی قبول نہ ہوگا۔''

٢١٠۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَ إِنِّي حَرَّمْتُ الْمَدِينَةَ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا. لَا يُقْطَعُ عِضَاهُهَا وَلَا يُصَادُ صَيْدُهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَ أَحْمَدُ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم مقرر کیا تھا اور میں دونوں کالے پتھروں والے میدانوں کے درمیان مدینہ کو حرم مقرر کرتا ہوں نہ وہاں کوئی درخت اور جھاڑی کاٹی جائے اور نہ ہی وہاں کوئی جانور شکار کیا جائے۔''

---

الحديث رقم ٢١٠: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل المدينة و دعاء النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فيها بالبركة و بيان تحريمها و تحريم صيدها و شجرها و بيان حدود حرمها، ٢/ ٩٩٢، الرقم: ١٣٦٢، و أحمد بن حنبل في المسند، ١/ ١٨٤، و العسقلاني في فتح الباري، ٤/ ٨٤، و الزرقاني في شرح على موطا إمام مالك، ٤/ ٢٨٣، والنووي في شرح على صحيح مسلم، ٩/ ١٣٦.

Marfat.com

٢١١۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَاصٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: وَلَا يُرِيدُ أَحَدٌ أَهْلَ الْمَدِينَةِ بِسُوْءٍ إِلَّا أَذَابَهُ اللهُ فِي النَّارِ ذَوْبَ الرُّصَاصِ، أَوْ ذَوْبَ الْمِلْحِ فِي الْمَاءِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اہلِ مدینہ کو تکلیف دینا چاہے گا تو اللہ تعالیٰ دوزخ میں اسے اس طرح پگھلائے گا جس طرح آگ میں سیسہ پگھلتا ہے یا جس طرح نمک پانی میں پگھلتا ہے۔''

٢١٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم : عَلَى أَنْقَابِ

---

الحديث رقم ٢١١: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل المدينة و دعاء النبى صلى الله عليه وآله وسلم فيها بالبركة و بيان تحريمها و تحريم صيدها و شجرها وبيان حدود حرمها، ٢/٩٩٢، الرقم: ١٣٦٣، و النسائى فى السنن الكبرى، ٢/٤٨٦، الرقم: ٤٢٧٩، و أحمد بن حنبل فى المسند، ١/١٨٤، الرقم: ١٦٠٦، و ابن كثير الدورقى فى مسند سعد، ١/٨٢، الرقم: ٣٨، و إبراهيم الجندى فى فضائل المدينة، ١/٢٩، الرقم: ٢٨۔

الحديث رقم ٢١٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل المدينة باب: لا يدخل الدجال المدينة، ٢/٦٦٤، الرقم: ١٧٨١، وفى كتاب: الطب، باب: ما يُذْكَرُ في الطاعون، ٥/٢١٦٥، الرقم: ٥٣٩٩، وفى كتاب: الفتن، باب: لا يدخل الدجال المدينة، ٦/٢٦٠٩، الرقم: ٦٧١٤، و مسلم فى الصحيح، كتاب: الحج، باب: صيانة المدينة من دخول الطاعون والدجال إليهما، ٢/١٠٠٥، الرقم: ١٣٧٩، ومالك فى الموطأ، ٢/٨٩٢، الرقم: ١٥٨٢، والجندى فى فضائل المدينة، ١/٢٤، الرقم: ١٥، والمقرىء فى السنن الواردة فى الفتن، ٦/١١٦٥، الرقم: ٢، وأبو نعيم فى المسند المستخرج على صحيح الإمام مسلم، ٤/٤٧، الرقم: ٣١٩٣۔

الْمَدِيْنَةِ مَلَائِكَةٌ لَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُونُ وَلَا الدَّجَّالُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مدینہ منوہ کے راستوں پر فرشتے (بطور محافظ مقرر) ہیں لہٰذا طاعون اور دجال اس (مقدس شہر) میں داخل نہیں ہوں گے۔''

٢١٣۔ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ رُعْبُ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، لَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ، عَلَى كُلِّ بَابٍ مَلَكَانِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسیح دجال کا رعب مدینہ کے اندر داخل نہیں ہوگا اس (شہر) کے اس دن سات دروازے ہوں گے اور ہر دروازے پر دو فرشتے مقرر ہوں گے۔''

٢١٤۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: قَالَ: اللَّهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِيْنَةِ ضِعْفَي

---

الحديث رقم ٢١٣: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: لايدخُلُ الدَّجّال المدينة، ٢/ ٦٦٤، الرقم: ١٧٨٠، وفى كتاب: الفتن، باب: ذكر الدجال، ٦/ ٢٦٠٧، الرقم: ٦٧٠٧، وابن حبان فى الصحيح، ٩/ ٤٨، الرقم: ٣٧٣١، ٦٨٠٥، والحاكم فى المستدرك، ٤/ ٥٨٥، الرقم: ٨٦٢٧، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/ ٤٠٦، الرقم: ٣٢٤٢٥، ٣٧٤٨٣۔

الحديث رقم ٢١٤: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: المدينة تَنْفِي الْخَبَثَ، ٢/ ٦٦٦، الرقم: ١٧٨٦، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل المدينة، ودعا النبى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فيها بالبركة وبيان تحريمها وتحريم صيدها وشجرها وبيان حدود حرمها، ٢/ ٩٩٤، الرقم: ١٣٦٩، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢/ ١٤٨، الرقم: ١٨٧٣۔

مَاجَعَلْتَ بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! مدینہ منورہ میں اس سے دوگنا برکت عطا فرما جتنی تو نے مکہ مکرمہ میں رکھی ہے۔‘‘

۲۱۵۔ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ: مَنْ صَبَرَ عَلَى لَأْوَائِهَا وَشِدَّتِهَا، كُنْتُ لَهُ شَهِيدًا أَوْ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ (يَعْنِي الْمَدِينَةَ). رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، جو شخص مدینہ منورہ کی سختیوں اور مصیبتوں پر صبر کرے گا قیامت کے دن میں اس کا گواہ ہوں گا یا اس کی شفاعت کروں گا۔‘‘

۲۱۶۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: لَا يَصْبِرُ عَلَى لَأْوَاءِ

---

الحديث رقم ٢١٥: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الحج، باب: الترغيب في سكنى المدينة، والصبر على لأوائها، ٢/١٠٠٤، الرقم: ١٣٧٧، وابن حبان فى الصحيح، ٣/٥٦، الرقم: ٣٧٣٩، والنسائى فى السنن الكبرى، ٢/٤٨٧، الرقم: ٤٢٨١، ومالك فى الموطأ، ٢/٨٨٥، الرقم: ١٥٦٩، والبهيقى فى شعب الايمان، ٣/٤٩٦، الرقم: ٤١٧٩، والجندى فى فضائل المدينة، ١/٣١، الرقم: ٣٢۔ ٣٤، والمنذرى فى الترغيب و الترهيب، ٢/١٤٥۔١٤٦، الرقم: ١٨٥٧۔١٨٥٨، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٣/٣٠٠: ٦/١١٩، وَقَالَ الهيثميُّ: وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ۔

الحديث رقم ٢١٦: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الحج، باب: الترغيب في سكنى المدينة والصبر على لأوائها، ٢/١٠٠٤، الرقم: ١٣٧٨۔

Marfat.com

الْمَدِيْنَةِ وَشِدَّتِهَا أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِي، إِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَوْشَهِيْدًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں سے جو شخص بھی مدینہ پاک کی تنگی اور سختی پر صبر کرے گا۔ قیامت کے دن میں اس کی شفاعت کروں گا یا اس کے حق میں گواہی دوں گا۔''

# فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ بَعْضِ الْأَمَاكِنِ وَالْبُلْدَانِ

## ﴿ بعض اماکن اور شہروں کے مناقب کا بیان ﴾

۲۱۷۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه يُخْبِرُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّمَا يُسَافَرُ إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْكَعْبَةِ، وَ مَسْجِدِي، وَ مَسْجِدِ إِيْلِيَاءَ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک تین مساجد کی طرف سفر کیا جاتا ہے۔ مسجد کعبہ اور میری مسجد (مسجد نبوی) اور مسجد ایلیا (یعنی مسجد اقصیٰ) کی طرف۔''

۲۱۸۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، وَ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: مَا بَيْنَ قَبْرِي، وَ مِنْبَرِي، رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَ صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيْمَا سِوَاهُ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ.

رَوَاهُ الْهَيْثَمِيُّ.

''حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت ابو ہریرہ رضي الله عنهما حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو جگہ میری قبر اور میرے منبر کے درمیان

---

الحديث رقم ۲۱۷: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: لا تشد الرحال إلا إلى ثلاثة مساجد، ۲/ ۱۰۱۵، الرقم: ۱۳۹۷، والبيهقي في السنن الكبرى، ٥/ ٢٤٤، الرقم: ١٠٠٤٤.

الحديث رقم ۲۱۸: أخرجه الهيثمي في مجمع الزوائد، ٤/ ٦.

Marfat.com

ہے وہ جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے اور میری مسجد (یعنی مسجد نبوی) میں ایک نماز ادا کرنا اس کے علاوہ دوسری مساجد میں ہزار نماز ادا کرنے سے افضل ہے سوائے مسجد حرام کے۔

۲۱۹۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: مَا بَيْنَ بَيْتِي وَ مِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَ مِنْبَرِي عَلَى حَوْضِي. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جگہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان ہے وہ جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔ اور میرا منبر میرے حوض (کوثر) پر واقع ہے۔''

۲۲۰۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَا بَيْنَ بَيْتِي إِلَى حُجْرَتِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَ أَنَّ مِنْبَرِي عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جگہ میرے گھر اور حجرہ کے درمیان ہے وہ جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے اور بے شک میرا منبر جنت کی نہروں میں سے ایک نہر (حوض کوثر) پر ہے۔''

---

الحديث رقم ۲۱۹: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجمعة، باب: فضل ما بين القبر والمنبر، ۱/ ۳۹۹، الرقم: ۱۱۳۸، و مسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: ما بين القبر والمنبر روضة من رياض الجنة، ۲/ ۱۰۱۱، الرقم: ۱۳۹۱، و ابن حبان في الصحيح، ۹/ ۶۵، الرقم: ۳۷۵۰، و عبدالرزاق في المصنف، ۳/ ۱۸۲، الرقم: ۵۲۴۳۔

الحديث رقم ۲۲۰: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ۳/ ۳۸۹، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۴/ ۸۔

Marfat.com

۲۲۱۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا بَيْنَ حُجْرَتِي وَ مُصَلَّايَ، رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ الْهَيْثَمِيُّ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو جگہ میرے حجرے اور میرے مصلی کے درمیان ہے وہ جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔''

۲۲۲۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَوَّلُ بُقْعَةٍ وُضِعَتْ فِي الْأَرْضِ، مَوْضِعُ الْبَيْتِ ثُمَّ مُدَّتْ مِنْهُ الْأَرْضُ وَ إِنَّ أَوَّلَ جَبَلٍ وَضَعَهُ اللهُ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ أَبُوْ قُبَيْسٍ ثُمَّ مُدَّتْ مِنْهُ الْجِبَالُ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابن عباس رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلا ٹکڑا جو زمین پر رکھا گیا وہ خانہ کعبہ کی جگہ کا ٹکڑا ہے پھر اس سے ساری زمین کو کھینچا گیا اور بے شک سب سے پہلا پہاڑ جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس روئے زمین پر بنایا وہ ابوقبیس (پہاڑ کا نام) ہے۔ پھر اس سے تمام پہاڑ کھینچے گئے۔''

۲۲۳۔ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: لَمَّا أَهْبَطَ اللهُ آدَمَ إِلَى الْأَرْضِ. قَامَ وِجَاهَ الْكَعْبَةِ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَأَلْهَمَهُ اللهُ هَذَا الدُّعَاءَ:

---

الحديث رقم ۲۲۱: أخرجه الهيثمي في مجمع الزوائد، ۴/ ۹، و الطبراني في المعجم الأوسط برواية يروى بن مالك، ۵/ ۲۵۲، الرقم: ۵۲۳۱.

الحديث رقم ۲۲۲: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ۳/ ۴۳۲، الرقم: ۳۹۸۴، والديلمي في مسند الفردوس، ۱/ ۳۸، الرقم: ۸۲.

الحديث رقم ۲۲۳: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ۶/ ۱۱۷، الرقم: ۵۹۷۴، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۱۰/ ۱۸۳.

Marfat.com

اللّٰهُمَّ! إِنَّکَ تَعْلَمُ سَرِيْرَتِيْ، وَ عَلَانِيَّتِي، فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِي...... الحديث.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضي الله عنها حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا تو وہ کعبہ رخ کھڑے ہوئے اور دو رکعت نماز ادا فرمائی پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کے دل میں یہ دعا الہام فرمائی: اے میرے اللہ! بے شک تو میرے سر (باطن) اور علان (ظاہر) کو جانتا ہے، پس (میرے حال پر رحم فرماتے ہوئے) میری معذرت کو قبول فرما۔''

٢٢٤۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْكَعْبَةُ مَحْفُوْفَةٌ بِسَبْعِيْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ يَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ طَافَ بِهَا وَ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهَا. رَوَاهُ الْفَاكِهِيُّ

''حضرت ابن عباس رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کعبہ ستر ہزار فرشتوں سے ڈھکا ہوا ہے (اور یہ فرشتے) اس شخص کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں جو اس (کعبہ) کا طواف کرتا ہے اور اس پر درود (بصورتِ رحمت) بھیجتے ہیں۔''

٢٢٥۔ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ أَبِي رَبِيْعَةَ الْمَخْزُوْمِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا تَزَالُ هَذِهِ الْأُمَّةُ بِخَيْرٍ مَا عَظَّمُوْا هَذِهِ الْحُرْمَةَ حَقَّ تَعْظِيْمِهَا

---

الحديث رقم ٢٢٤: أخرجه الفاكهي في أخبارمكة، ١/١٩٦۔

الحديث رقم ٢٢٥: أخرجه ابن ماجة في السنن، كتاب: المناسك، باب: فضل مكة، ٢/١٠٣٨، الرقم: ٣١١٠، وابن أبي شيبة في المصنف، ٣/٢٦٨، الرقم: ١٤٠٩٠، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٤٦٥، الرقم: ١١٠٠٩۔

Marfat.com

فَإِذَا ضَيَّعُوْا ذَلِکَ هَلَکُوْا. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت عیاش بن ابی ربیعہ مخزومی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ امت اس وقت تک خیر اور بہتری پر رہے گی جب تک اس کے لوگ اس حرمت کی اس طرح تعظیم کرتے رہیں گے جس طرح کہ اس کی تعظیم کا حق ہے۔ پس جب وہ اس حرمت کی تعظیم کو خاک آلود کردیں گے تو ہلاک ہوجائیں گے۔''

۲۲۶۔ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، کَانَ إِذَا رَأَی الْبَيْتَ رَفَعَ يَدَيْهِ وَ قَالَ: اللَّهُمَّ! زِدْ هَذَا الْبَيْتَ تَشْرِيْفًا، وَ تَعْظِيْمًا، وَ تَکْرِيْمًا وَ مَهَابَةً، وَ زِدْ مَنْ شَرَّفَهُ، وَ کَرَّمَهُ، وَ عَظَّمَهُ مِمَّنْ حَجَّهُ، أَوِ اعْتَمَرَهُ تَشْرِيْفًا، وَ تَکْرِيْمًا، وَ تَعْظِيْمًا، وَ بِرًّا. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابن جریج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بیت اللہ کو دیکھتے تھے تو اپنے ہاتھ مبارک دعا کے لیے اٹھا لیتے اور فرماتے: اے اللہ! اس گھر کی بزرگی، عظمت، اور رعب میں اضافہ فرما، اور وہ شخص جس نے اس بیت کا حج یا عمرہ کیا اور اس گھر کی تعظیم و تکریم کی، اس (شخص) کی بزرگی، عزت، تعظیم اور نیکی میں بھی اضافہ فرما۔''

۲۲۷۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: نَزَلَ الْحَجَرُ الْأَسْوَدُ

---

الحديث رقم ۲۲٦: أخرجه البيهقي في السنن الكبریٰ، ٥/٧٣، الرقم: ٨٩٩٥، الشافعي في المسند، ١/١٢٥، و ابن ابی شيبة برواية مكحول: ٦/٨١، الرقم: ٢٩٦٢٤۔

الحديث رقم ۲۲۷: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الحج عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء في فضل الحجر الأسود، والركن، والمقام، ٣/٢٢٦، الرقم: ٨٧٧، و ابن خزيمة في الصحيح، ٤/٢١٩، الرقم: ٢٧٣٣، والطبراني في المعجم الكبير، ١١/٤٥٣، الرقم: ١٢٢٨٥، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/١٢٥، الرقم: ١٧٧١۔

Marfat.com

مِنَ الْجَنَّةِ، وَ هُوَ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، فَسَوَّدَتْهُ خَطَايَا بَنِي آدَمَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابن عباس رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حجرِ اسود جنت سے نازل ہوا ہے اور یہ دودھ سے زیادہ سفید ہے، پس اس کو بنی آدم کے گناہوں نے سیاہ کر دیا ہے۔''

٢٢٨۔ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الْحَجَرَ مِنْ حِجَارَةِ الْجَنَّةِ، وَ مَوْضِعَ زَمْزَمَ خَطْفَةُ جِبْرِيْلَ بِجَنَاحِهِ. رَوَاهُ الْجُرْجَانِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضي الله عنها بیان فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک حجرِ اسود جنت کے پتھروں میں سے ایک ہے، اور زمزم کی جگہ حضرت جبریل امین علیہ السلام کے پر سے کھودی ہوئی ہے۔''

٢٢٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَلْحَجَرُ يَمِيْنُ اللهِ فِي الْأَرْضِ فَمَنْ مَسَحَ يَدَهُ عَلَى الْحَجَرِ، فَقَدْ بَايَعَ اللهَ أَنْ لَا يَعْصِيَهُ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حجرِ اسود زمین پر اللہ تعالیٰ کا دائیاں ہاتھ ہے (اور اللہ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں) پس جو شخص اپنا ہاتھ حجرِ اسود پر پھیرتا ہے تو گویا وہ اللہ تعالیٰ سے اس کی نافرمانی نہ کرنے کی بیعت کرتا ہے۔''

٢٣٠۔ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْحَجَرُ يَمِيْنُ اللهِ فِي

---

الحديث رقم ٢٢٨: أخرجه الجرجاني في الكامل، ٢/١٩٣، الرقم: ٣٧٧.

الحديث رقم ٢٢٩: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢/١٥٩، الرقم: ٢٨٠٧، والمناوي في فيض القدير، ٣/٤١٠.

الحديث رقم ٢٣٠: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢/١٥٩، الرقم: ٢٨٠٨، والجرجاني في الكامل، ١/٣٤٢.

Marfat.com

الْأَرْضِ، يُصَافِحُ بِهِ عِبَادَهُ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت جابر (بن عبداللہ) رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حجر اسود زمین پر اللہ تعالیٰ کا دائیاں ہاتھ ہے، اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے مصافحہ فرماتا ہے۔''

٢٣١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ، قَالَ: إِنَّ مَسْحَ الرُّكْنِ الْيَمَانِيِّ، وَالرُّكْنِ الْأَسْوَدِ يَحُطُّ الْخَطَايَا حَطًّا. رَوَاهُ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ.

''حضرت (عبداللہ) بن عمر رضي الله عنهما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک رکن یمانی، اور حجر اسود کو چھونا بہت زیادہ گناہوں کو مٹاتا ہے۔''

٢٣٢۔ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَشْهِدُوْا هَذَا الْحَجَرَ خَيْرًا فَإِنَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَافِعٌ مُشَفَّعٌ، لَهُ لِسَانٌ، وَ شَفَتَانِ يَشْهَدُ لِمَنِ اسْتَلَمَهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضي الله عنها بیان فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حجر اسود کے بارے میں اچھے کلمات کہو کیونکہ روزِ قیامت یہ شفاعت کرنے والا ہوگا اور اس کی شفاعت مقبول بھی ہوگی، اس کی ایک زبان اور دو ہونٹ ہوں گے (اور یہ) اس کے لیے گواہی دے گا جس نے اس کو چوما ہوا ہوگا۔''

---

الحديث رقم ٢٣١: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٢/ ٨٩، الرقم: ٥٦٢١، والشوكاني في نيل الأوطار، ٥/١١٥۔

الحديث رقم ٢٣٢: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٣/ ٢٢٠، الرقم: ٢٩٧١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/١٢٥، الرقم: ١٧٧٠۔

Marfat.com

٢٣٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْبَابِ مُلْتَزَمٌ، مَنْ دَعَا مِنْ ذِي حَاجَّةٍ، أَوْ كُرْبَةٍ، أَوْ ذِي غَمَّةٍ فُرِّجَ عَنْهُ بِإِذْنِ اللهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْجُرْجَانِيُّ وَ اللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت (عبداللہ) بن عباس رضي الله عنهما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: رکن اور باب (دروازہ) کے درمیان والی جگہ مقام ملتزم کہلاتی ہے۔ اور اس جگہ میں جو ضرورت مند، پریشان حال اور غمناک دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے اذنِ (خاص) سے اس کی تکلیف دور ہوجاتی ہے (اور حاجت پوری ہوجاتی ہے)۔''

٢٣٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ أَبُوْ ذَرٍّ يُحَدِّثُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، قَالَ: فُرِجَ عَنْ سَقْفِ بَيْتِي وَ أَنَا بِمَكَّةَ فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ فَفَرَجَ صَدْرِي ثُمَّ غَسَلَهُ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مُمْتَلِئٍ حِكْمَةً وَ إِيْمَانًا فَأَفْرَغَهُ فِي صَدْرِي، ثُمَّ أَطْبَقَهُ، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِي، فَعَرَجَ بِي إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا...... الحديث. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوذر (غفاری) رضی اللہ عنہ

---

الحديث رقم ٢٣٣: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١١/٣٢١، الرقم: ١١٨٧٣، والجرجاني في الكامل، ٤/٣٣٥۔

الحديث رقم ٢٣٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: كيف فرضت الصلاة في الإسراء، ١/١٣٥، الرقم: ٣٤٢، و مسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الإسراء برسول الله ﷺ إلى السموات و فرض الصلوات، ١/١٤٨، الرقم: ١٦٣، و ابن حبان في الصحيح، ١٦/٤٢٠، الرقم: ٧٤٠٦، و أحمد بن حنبل في المسند، ٥/١٤٣، الرقم: ٢١٣٢٦۔

بیان کیا کرتے تھے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے گھر کی چھت کو کھولا گیا جبکہ میں مکہ میں تھا اور اس میں سے جبریل امین علیہ السلام نازل ہوئے، اور انہوں نے میرا سینہ کھولا، پھر اس کو زمزم کے پانی سے دھویا، پھر وہ سونے کی ایک طشت لے کر آئے جو حکمت اور ایمان سے بھری ہوئی تھی، جبریل امین نے یہ ساری طشت میرے سینے میں ڈال دی، پھر اس کو بند کر دیا، پھر میرا ہاتھ پکڑا، اور مجھے اپنے ساتھ لے کر آسمان دنیا کی طرف بلند ہوا۔"

٢٣٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خَيْرُ مَاءٍ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ مَاءُ زَمْزَمَ، فِيْهِ طَعَامٌ مِنَ الطُّعْمِ، وَ شِفَاءٌ مِنَ السُّقْمِ...... الحديث. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ

"حضرت (عبداللہ) بن عباس رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: روئے زمین پر سب سے بہترین پانی زمزم کا پانی ہے، اس میں ذائقوں میں سے ایک خاص ذائقہ پایا جاتا ہے، اور اس میں بیماریوں سے شفا ہے۔"

٢٣٦۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ.

---

الحديث رقم ٢٣٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١١/٩٨، الرقم: ١١١٦٧، و في المعجم الأوسط، ٤/١٧٩، الرقم: ٣٩١٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/١٣٥، الرقم: ١٨١٣۔

الحديث رقم ٢٣٦: أخرجه ابن ماجة في السنن، كتاب: المناسك، باب: الشرب من زمزم، ٢/١٠٨١، الرقم: ٣٠٦٢، والحاكم في المستدرك على الصحيحين، ١/٦٤٦، الرقم: ١٧٣٩، والدار قطني في السنن، ٢/٢٨٩، الرقم: ٢٣٨، والبيهقي في السنن الكبرى، ٥/١٤٨، الرقم: ٩٤٤٢۔

''حضرت جابر بن عبداللہ رضي الله عنهما بیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ زمزم کا پانی جس نیت سے پیا جائے اس کو کافی ہوجاتا ہے۔''

۲۳۷۔ عَنِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ إِنْ شَرِبْتَهُ تَسْتَشْفِي بِهِ، شَفَاکَ اللهُ، وَ إِنْ شَرِبْتَهُ لِشِبْعِکَ، أَشْبَعَکَ اللهُ بِهِ، وَ إِنْ شَرِبْتَهُ لِيُقْطَعَ ظَمَأُکَ، قَطَعَهُ اللهُ وَ هِيَ هَزْمَةُ جِبْرِيْلَ وَ سَقْيَا اللهِ إِسْمَاعِيْلَ. رَوَاهُ الدَّارَ قُطْنِيّ

''حضرت (عبداللہ) بن عباس رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: زمزم کا پانی اسی مقصد کو کفایت کر جاتا ہے جس کے لیے اس کو پیا جائے۔ پس اگر تو اس کو شفا حاصل کرنے کے لیے پیے تو اللہ تعالیٰ تجھے شفا عطا کردے گا اور اگر تو اسے اپنا پیٹ بھرنے (بھوک مٹانے) کے لیے پیے تو اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے تیری بھوک مٹادے گا اور اگر تو اس کو اس غرض سے پیے کہ تیری پیاس بجھ جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو بجھا دے گا پس یہ (چشمہ) جبریل امین کا کھودا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کے ذریعے اسماعیل علیہ السلام کو سیراب کیا تھا۔''

۲۳۸۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: الرُّکْنُ وَالْمَقَامُ يَاقُوْتَتَانِ مِنْ يَاقُوْتِ الْجَنَّةِ وَإِلَيْهَا يَصِيْرَانِ وَ لَوْلاَ مَسَّ هَذَا الرُّکْنَ مِنَ الْأَنْجَاسِ لَأَبْرَأَ الْأَکْمَهَ وَالْأَبْرَصَ. رَوَاهُ الْفَاکِهِيُّ.

---

الحديث رقم ۲۳۷: أخرجه الدار قطني في السنن، ۲/ ۲۹۸، الرقم: ۲۳۸.

الحديث رقم ۲۳۸: أخرجه: الفاکهي في أخبار مکّة، ۱/ ٦٦٦، الرقم: ۹٦۹.

Marfat.com

''حضرت (عبداللہ) بن عباس رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ رکن (حجر اسود) اور مقامِ (ابراہیم) جنت کے قیمتی پتھروں میں سے دو پتھر ہیں اور بالآخر دونوں اسی کی طرف لوٹ جائیں گے اور اگر اس حجر اسود کو بعض نجس لوگ نہ چھوتے تو یہ مادر زاد اندھے اور برص زدہ کو شفایاب کر دیتا۔''

٢٣٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: نَزَلَ الرُّكْنُ وَالْمَقَامُ مَعَ آدَمَ عليه السلام لَيْلَةَ نَزَلَ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، فَلَمَّا أَصْبَحَ رَأَى الرُّكْنَ وَالْمَقَامَ فَعَرَفَهُمَا، فَضَمَّهُمَا إِلَيْهِ وَأَنِسَ بِهِمَا. رَوَاهُ الْأَزْرَقِيُّ.

''حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ رکن اور مقام، آدم عليه السلام کے ساتھ اس رات اترے جس رات آپ عليه السلام رکن (حجر اسود) اور مقامِ (ابراہیم) کے درمیان نازل ہوئے، پس جب آپ عليه السلام نے صبح کی تو رکن اور مقام کو دیکھا اور ان کو پہچان لیا پھر ان کو اپنے گلے لگا لیا اور ان کے ساتھ مانوس ہوگئے۔''

٢٤٠۔ عَنْ نَافِعٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ رضي الله عنهما مُصَلِّياً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قَطُّ، إِلَّا وَالْمَقَامُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ. رَوَاهُ الْفَاكِهِيُّ.

''حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ میں نے کبھی بھی حضرت عبداللہ بن عمر رضي الله عنهما کو مسجد حرام میں نماز پڑھتے نہیں دیکھا مگر یہ کہ مقام ان کے اور بیت اللہ کے درمیان ہوتا تھا (مطلب یہ کہ آپ رضي الله عنه مقام کے پیچھے نماز پڑھتے تھے)۔''

---

الحديث رقم ٢٣٩: أخرجه الأزرقي في أخبار مكة وما جاء فيها من الآثار، ١/ ٣٢٥۔

الحديث رقم ٢٤٠: أخرجه الفاكهي في أخبار مكّة، ١/ ٤٦٤، الرقم: ١٠٢١۔

Marfat.com

٢٤١۔ عَنْ مَيْمُوْنَةَ مَوْلَاةِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَفْتِنَا فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: أَرْضُ الْمَحْشَرِ وَالْمَنْشَرِ ائْتُوْهُ فَصَلُّوْا فِيْهِ فَإِنَّ صَلَاةً فِيْهِ كَأَلْفِ صَلَاةٍ فِي غَيْرِهِ، قُلْتُ: أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ أَسْتَطِعْ أَنْ أَتَحَمَّلَ إِلَيْهِ قَالَ: فَتُهْدِي لَهُ زَيْتًا يُسْرَجُ فِيْهِ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ فَهُوَ کَمَنْ أَتَاهُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ.

''حضرت میمونہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خادمہ بیان کرتی ہیں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں بیت المقدس کے بارے میں بتلائیے۔ فرمایا: وہ حشر ونشر کی جگہ ہے، اس کی طرف جاؤ اور اس میں نماز پڑھو کیونکہ اس میں ایک نماز پڑھنا دیگر مساجد میں ہزار نماز پڑھنے کے برابر ہے، میں نے عرض کیا: آپ کی کیا رائے ہے اگر میں وہاں جانے کی استطاعت نہ رکھتی ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: تو اس کے لئے زیتون کا تیل ہدیہ کے طور پر بھیج دو جس میں چراغ جلائے جائیں، پس جس نے یہ عمل کیا گویا وہ وہاں (نماز پڑھنے) گیا۔''

٢٤٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ کَانَ يَأْتِي قُبَاءً کُلَّ سَبْتٍ وَکَانَ يَقُوْلُ:

---

الحديث رقم ٢٤١: أخرجه ابن ماجة في السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء في الصلاة في مسجد بيت المقدس، ١/٤٥١، الرقم: ١٤٠٧، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٤٩٥، الرقم: ٤١٧٦، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٥/٣٢، الرقم: ٥٤، وأبويعلى في المسند، ١٢/٥٢٣، الرقم: ٧٠٨٨۔

الحديث رقم ٢٤٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجمعة، باب: من أتى مسجد قباء كل سبت، ١/٣٩٩، الرقم: ١١٣٥، ومسلم في الصحيح كتاب: الحج، باب: فضل مسجد قباء و فضل الصلاة فيه و زيارته، ٢/١٠١٧، الرقم: ١٣٩٩، وابن حبان في الصحيح، ٤/٥١٠، الرقم:١٦٣٢۔

Marfat.com

رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ كُلَّ سَبْتٍ.

(وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ''صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِ قُبَاءٍ كَعُمْرَةٍ'')

وفي رواية: ''كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَأْتِي مَسْجِدَ قُبَاءٍ رَاكِباً مَا شِيًا فَيُصَلِّي فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ''

وَفِي رواية: ''أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ يَزُوْرُ قُبَاءً رَاكِباً وَمَا شِيًا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ ہر روز ہفتہ کو مسجد قبا کی طرف آتے اور وہ کہا کرتے تھے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ بھی ہر ہفتہ کے دن اس (قبا) کی طرف تشریف لاتے۔ اور حضور نبی کرم ﷺ نے فرمایا: مسجد قباء میں نماز ادا کرنا بمنزل عمرہ کرنے کے ہے۔''

اور ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ پیدل اور سوار مسجد قبا کی طرف تشریف لاتے اور اس میں دو رکعت نماز ادا فرماتے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے پیدل اور سوار مسجد قبا کی زیارت فرمایا کرتے تھے۔''

٢٤٣ـ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ قَالَتْ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُوْلُ: لَأُصَلِّي فِي مَسْجِدِ قُبَاءٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُصَلِّيَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

الحديث رقم ٢٤٣: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٢/١٦٩، الرقم: ٧٥٣٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ٥/٢٤٩، الرقم: والنيشابوري في المستدرك، ٣/١٣، الرقم: ٤٢٨٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/١٤٣، الرقم: ١٨٤٨.

Marfat.com

''حضرت عائشہ بنت سعد بیان کرتی ہیں: میں نے اپنے باپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ یقیناً مسجد قبا میں میرا نماز پڑھنا مجھے زیادہ پسندیدہ ہے اس سے کہ میں بیت المقدس میں نماز پڑھوں۔''

**٢٤٤۔ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَجْرَةَ ﷺ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَأَسْبَغَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ عَمَدَ إِلَى مَسْجِدِ قُبَاءٍ لَا يُرِيْدُ غَيْرَهُ وَ لَا يَحْمِلُهُ عَلَى الْغُدُوِ إِلَّا الصَّلَاةُ فِي مَسْجِدِ قُبَاءٍ فَصَلَّى فِيْهِ أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ يَقْرَأُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ بِأُمِّ الْقُرْآنِ كَانَ لَهُ كَأَجْرِ الْمُعْتَمِرِ إِلَى بَيْتِ اللهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.**

''حضرت کعب بن عجرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو وضو کرتا ہے اور اچھی طرح وضو کرتا ہے پھر مسجد قبا کا قصد کرتا ہے اور اس کے علاوہ کسی اور چیز کا قصد نہیں کرتا اور اس کو چلنے پر نہیں ابھارتی مگر مسجد قبا میں نماز کی ادائیگی۔ پس وہ اس میں چار رکعات نماز ادا کرتا ہے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھتا ہے تو اس کے لیے بیت اللہ کا عمرہ کرنے کے برابر ثواب ہوگا۔''

**٢٤٥۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ''أُحُدٌ رُكْنٌ مِنْ أَرْكَانِ الْجَنَّةِ'' رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى.**

''حضرت سہل بن سعد ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: احد پہاڑ جنت کے ارکان میں سے ایک رکن ہے۔''

---

الحديث رقم ٢٤٤: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٩/١٤٦، الرقم: ٣١٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/١١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/١٤٢، الرقم: ١٨٤٥.

الحديث رقم ٢٤٥: أخرجه أبويعلى في المسند، ١٣/٥٠٨، الرقم: ٧٥١٦، والطبراني في المعجم الكبير، ٦/١٥١، الرقم: ٥٨١٣.

Marfat.com

٢٤٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ ''أُحُدُ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، فَإِذَا جِئْتُمُوْهُ فَكُلُوْا مِنْ شَجَرِهِ وَلَوْ مِنْ عِضَاهِهِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: احد ایسا پہاڑ ہے جو ہم سے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں، پس جب تم اس کے پاس آؤ تو اس کے پھلوں کا درخت کھاؤ یہاں تک کہ اگرچہ وہ کانٹوں والا ہی کیوں نہ ہو۔''

٢٤٧۔ عَنْ أُمِّ قَيْسٍ قَالَتْ: لَوْرَأَيْتَنِي وَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَخِذٌ بِيَدِي فِي سِكَّةٍ مِنْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ مَافِيْهَا بَيْتٌ، حَتَّى انْتَهَى إِلَى بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ، فَقَالَ لِي: ''يَا أُمَّ قَيْسٍ! فَقُلْتُ: لَبَّيْکَ وَسَعْدَيْکَ يَارَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: لَيُرِيَنَّ هَذِهِ الْمَقْبَرَةُ يَبْعَثُ اللهُ مِنْهَا سَبْعِيْنَ أَلْفًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ'' فَقَامَ عُكَاشَةُ ابْنُ مُحْصِنٍ فَقَالَ: وَأَنَا يَارَسُوْلَ اللهِ! فَقَالَ: وَأَنْتَ، فَقَامَ أَخَرُ فَقَالَ: وَأَنَا يَارَسُوْلَ للهِ! فَقَالَ سَبَقَکَ بِهَا عُكَاشَةُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِي.

''حضرت ام قیس بیان کرتی ہیں کہ میں نے اپنے آپ کو اس حال میں دیکھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا ہوا ہے اور مدینہ کے ہموار راستوں میں سے ایک راستے پر چل رہے ہیں جن میں کوئی گھر نہیں ہے۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ بقیع غرقد پہنچ

الحديث رقم ٢٤٦: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢/٢٥٥، الرقم: ١٩٠٥، وعبدالرزاق في المصنف، ٩/٢٧٠، الرقم: ١٧١٧٢.

الحديث رقم ٢٤٧: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢٥/١٨١.

Marfat.com

کر رک گئے ۔ اور مجھے فرمایا: اے ام قیس! میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! آپ کی اطاعت کے لیے میں حاضر ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: یہ مقبرہ دیکھا جائے گا کہ روزِ قیامت اللہ تبارک و تعالیٰ اس سے ستر ہزار لوگوں کو اٹھائے گا جن کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گے اور وہ (سارے کے سارے) جنت میں بغیر حساب و کتاب کے داخل ہوں گے، پھر عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: اور میں بھی یارسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: تو بھی (ان میں سے ہے) پھر کسی اور نے عرض کیا: میں بھی یارسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: تم سے عکاشہ سبقت لے گیا۔''

٢٤٨۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ طَالِبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَا عَلِيُّ! أُوْصِيْکَ بِالْعَرَبِ خَيْرًا، أُوْصِيْکَ بِالْعَرَبِ خَيْرًا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے علی! میں تمہیں عربوں کے ساتھ بھلائی کی وصیت کرتا ہوں، میں تمہیں عربوں کے ساتھ بھلائی کی وصیت کرتا ہوں۔''

٢٤٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ''أَحِبُّوْا الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ لِأَنِّي عَرَبِيٌّ وَالْقُرْآنُ عَرَبِيٌّ وَكَلَامُ أَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِيٌّ.''

وَفِي رِوَايَةٍ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ''احْفَظُوْنِي فِي الْعَرَبِ لِثَلَاثِ خِصَالٍ: لِأَنِّي عَرَبِيٌّ وَالْقُرْآنُ عَرَبِيٌّ وَلِسَانُ أَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِيٌّ.''

---

الحديث رقم ٢٤٨: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٤/٨، والبزار في المسند، ٢/٣١٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٥٢۔

الحديث رقم ٢٤٩: أخرجه الطبراني فى المعجم الكبير، ٤/٩٧، الرقم: ١١٦٦٠، و الحاكم فى المستدرك، ٤/٩٨، الرقم: ٧٠٠٠۔

Marfat.com

''حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تین چیزوں کی وجہ سے عربوں سے محبت کرو (اور وہ تین چیزیں یہ ہیں) کیونکہ میں عربی ہوں اور قرآن عربی زبان میں ہے اور اہل جنت کی زبان عربی ہو گی۔

اور ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے تین خصال کی بدولت عربوں میں محفوظ رکھو کیونکہ میں عربی ہوں اور قرآن عربی زبان میں ہے اور اہل جنت کی زبان عربی ہے۔''

۲۵۰۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ''حُبُّ الْعَرَبِ إِيْمَانٌ وَبُغْضُهُمْ نِفَاقٌ'' رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عربوں سے محبت ایمان کی علامت ہے اور ان سے بغض نفاق کی علامت ہے۔''

۲۵۱۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: ''اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي يَمَنِنَا قَالُوْا: وَفِي نَجْدِنَا، قَالَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا، اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي يَمَنِنَا، قَالُوْا: وَفِي نَجْدِنَا، قَالَ: هُنَاكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ بِهَا'' أَوْ قَالَ: مِنْهَا يَخْرُجُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

---

الحديث رقم ۲۵۰: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٤/ ۹۷، الرقم: ٦۹۹۸، والبيهقي في شعب الإيمان، ۲/ ۲۳۰.

الحديث رقم ۲۵۱: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجمعة، باب: ما قيل في الزلازل والآيات، ۱/ ۳۵۱، الرقم: ۹۹۰، و أحمد بن حنبل في المسند، ۲/ ۱۱۸، الرقم: ۵۹۸۷، وابن حبان في الصحيح، ۱٦/ ۲۹۰، الرقم: ۷۳۰.

Marfat.com

''حضرت (عبد اللہ) بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے شام میں برکت ڈال، اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے یمن میں برکت ڈال، صحابہ نے عرض کیا اور ہمارے نجد میں، آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے شام میں برکت ڈال، اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے یمن میں برکت ڈال، صحابہ نے عرض کیا: اور ہمارے نجد میں بھی، آپ ﷺ نے فرمایا: وہاں زلزلے ہوں گے اور وہیں سے فتنے بپا ہوں گے یا فرمایا: وہاں شیطان کا سینگ نکلے گا۔''

